كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ
اللہ تعالیٰ نے لکھ دیا ہے کہ میں اور میرا رسول ہی غالب رہیں گے۔
الله
رسول
محمد
نوائے
افغان جہاد
ربیع الاول ۱۴۳۱ھ
مارچ 2010ء

ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم

سنور جائے گا ہر جذبہ ،چمک اٹھے گا ہر منظر
مئے حبِ نبی کا جب کرو گے نوشِ جاں ساغر

درود ان پر ،پڑھو گے تو ملے گی خلد کی لذت
انہی کے نام سے تسکین پائے گا دلِ مضطر

وہ ہیں محبوب رب،مطلوب و مقصود دوعالم ہیں
عقیدت اور محبت ان سے ہے ایمان کا جوہر

ملا یہ منفرد منصب انہیں درگاہِ مولا سے
وہ دنیا میں ہیں رحمت،آخرت میں ساقی کوثر

اگرچہ داغ دھبے چاند پر،سورج بھی پید اہیں
یہ سیرت میرے آقا کی مصفا نور کا پیکر

ازل سے تا ابد ،ساری کی ساری نوعِ انساں میں
قسم اللہ کی مجھ کو، نہیں ان کو کوئی ہمسر

کوئی اعمال نامہ اُن کی اطاعت سے ہے گر خالی
وہ ہے اک دفترِ بے معنی،نزد خالق ِ اکبر

وہ اک خونریز فتن ہے،جو اس بے مثل ہستی پر
کرے بے ہودگی کا وار، شیطانوں کی شہ پاکر

مسلماں ہی رہا وہ کب، وہ ہے اک لاشئہ بے جاں
تڑپ اٹھے نہ غیرت سے اگر اس تازیانے پر

نبی،بدگوئی کا جس کا نشانہ ہو،پر وہ چپ ہو
رہے گی زندہ وہ امت،زمیں کی سطح پر کیونکر

گوارا کر لیا ہم نے اگر توہین ِ آقا کو
خدا کا پھر غضب ٹوٹے گا بن کر صورت ِ محشر

محبت اپنے پیاروں سے اگرچہ جان ہے میری
عزیز از جان ہے،لیکن مجھے ناموس پیغمبرؐ

شہیدانِ رسالت کی گواہی دے کے کہتا ہوں
”نہ جب تک کٹ مروں میں خواجہ یثرب کی حرمت پر
خدا شاہد ہے کامل میرا ایماں ہو نہیں سکتا“

(لالہ صحرائی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نوائے افغان جہاد

جلد نمبر۳، شمارہ نمبر۲

ربیع الاول ۱۴۳۱ھ مارچ 2010ء

عمرو بن شعیب اپنے والد سے بیان کرتے ہیں: ایک دفعہ معاویہ رضی اللہ عنہ خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے اور کہنے لگے: تمہارے علما کدھر ہیں؟ تمہارے علما کدھر ہیں؟ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''میری امت میں ایک جماعت قیامت قائم ہونے تک لوگوں پر غالب رہے گی۔ انہیں اس بات کی کوئی پرواہ نہیں ہوگی کہ کون ان کی مخالفت کرتا ہے اور کون ان کا حمایتی ہے''۔

(سنن ابن ماجہ)

عنوانات

تجاویز، تبصروں اور تحریروں کے لیے اس برقی پتے (E-mail) پر رابطہ کیجیے۔

Nawaiafghan@gmail.com

انٹرنیٹ پر استفادہ کے لیے:

Nawaiafghan.blogspot.com

قیمت فی شمارہ ۱۵ روپے

قارئین کرام!

عصرِ حاضر کی سب سے بڑی صلیبی جنگ جاری ہے۔ اس میں ابلاغ کی تمام سہولیات اور اپنی بات دوسروں تک پہنچانے کے تمام ذرائع، نظامِ کفر اور اس کے پیروؤں کے زیرِ تسلط ہیں۔ ان کے تجزیوں اور تبصروں سے اکثر اوقات مخلص مسلمانوں میں مایوسی اور ابہام پھیلتا ہے، اس کا سدِ باب کرنے کی ایک کوشش کا نام 'نوائے افغان جہاد' ہے۔

نوائے افغان جہاد

- اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے کفر سے معرکہ آرا مجاہدین فی سبیل اللہ کا موقف مخلصین اور محبینِ مجاہدین تک پہنچاتا ہے۔
- افغان جہاد کی تفصیلات، خبریں اور محاذوں کی صورت حال آپ تک پہنچانے کی کوشش ہے۔
- امریکہ اور اس کے حواریوں کے منصوبوں کو طشت از بام کرنے، اُن کی شکست کے احوال بیان کرنے اور اُن کی سازشوں کو بے نقاب کرنے کی ایک سعی ہے۔

اس لیے ....

اِسے بہتر سے بہترین بنانے اور دوسروں تک پہنچانے میں ہمارا ساتھ دیجیے

آبروئے ما از نام مصطفیٰ است

2001ء میں کبر ورعونت میں ڈوبے کفرا کبر امریکہ نے دیگر صلیبی افواج کے ہم راہ امارتِ اسلامیہ افغانستان پر حملہ کیا اور آج نو سال بعد اس کا غرور خس وخاشاک کی طرح بہہ نکلا ہے۔ اور اب وہ اپنی ڈوبتی ناؤ کو سنبھالنے کی سعی لاحاصل میں مصروف میں ہے۔ ہلمند میں آپریشن مشترک اور لندن واستنبول کانفرنسیں اسی سلسلہ کی کڑیاں ہیں۔

نو سال قبل افغانستان کو چند گھنٹوں میں مغلوب کرنے کے خواب دیکھنے والی صلیبی افواج کے ارادوں کو ہر جگہ مجاہدین فی سبیل اللہ نے خاک میں ملا دیا۔ افغانستان بھر میں اپنی درگت بنتی دیکھ کر وہ اپنے آپ کو چند صوبوں میں محدود کرنے لگیں۔ اب بات یہاں تک پہنچی کہ دنیا بھر کے وسائل اور افواج کے ساتھ حملہ آور امریکہ صرف صوبہ ہلمند میں ہی سمٹ کے رہ گیا۔ چیتے کا پنجہ، خنجر اور...... نامی آپریشن شروع کیے لیکن یہاں بھی اللہ کے شیروں نے ان کو پیچھے دھکیل دیا۔ اور اب دنیا کے سامنے اپنی عیاں ہوتی شکست وریخت کی داستاں کو چھپانے کے لیے امریکہ 15 ہزار اتحادی اور 4 ہزار افغان فوج کا لاؤلشکر لے کر ہلمند کے ضلع نادعلی کے قصبے 'مرجاہ' میں آن جمع ہوا۔ فضائی مدد کے ساتھ 13 فروری سے جاری یہ 'آپریشن مشترک' بھی انہیں ذلت ورسوائی سے بچا نہ سکا۔ اور واقعہ یہ ہے کہ آپریشن میں شریک افغانی واتحادی فوجی چیخ اٹھے ہیں کہ "مرجاہ میں ہر موڑ پر موت ہے، ہر طرف بوبی ٹریپس (Booby Trapes) بچھے ہیں، راستے بارودی سرنگوں سے بھرے ہیں اور سنا ئپر ہر طرف چھپے ہوئے ہیں"۔ اللہ سبحانہ کی تائید غیبی سے آپریشن کے اگلے روز ہی 16 امریکی ٹینک اور 48 فوجیوں کا نقصان ہوا۔

دوسری جانب اپنی شکست کو دیکھ کر افغانستان سے بھاگنے کے لیے لندن اور استنبول کانفرنسوں میں یہ تاثر دیا جا رہا ہے کہ افغانستان میں امن قائم ہو گیا ہے اور اب باقی معاملات مقامی فوج کو ہی سنبھالنا ہوں گے۔ ساتھ ہی ساتھ کھسیانی بلی کھمبا نوچے کے مصداق امریکہ نے اپنی غلام پاکستانی فوج کی مدد سے وزیرستان میں ڈرون میزائل حملوں میں اضافہ کیا ہے۔ سال 2010ء کے ابتدائی دو مہینوں جنوری، فروری میں ڈرون طیاروں کے ذریعے سے مختلف مقامات پر 24 میزائل حملے کیے گیے۔۔ جہاں 42 ممالک کی افواج مل کر بھی گزشتہ نو سالوں میں مجاہدین فی سبیل اللہ کے مقابل نہیں ٹھہر سکیں تو یہ میزائل حملے اسے رسوا کن شکست سے کیونکر بچا سکیں گے؟

ہم ماہِ ربیع الاول سے گزر رہے ہیں صدیوں دور اسی ماہِ مبارک میں رسول مہربان صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی۔ آپ کی ولادت کے وقت دنیا اندھیروں میں ڈوبی الحادی طاقتوں کے زیر سایہ کفر وشرک میں مبتلا تھی، اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں اپنے معبود حقیقی کو چھوڑ کر غیر اللہ کی چوکھٹ پر سجدہ ریز تھی۔ آپ کی ولادت کے ساتھ ہی ایران کے آتش کدے میں سالہا سال سے جلنے والی آگ بجھ گئی اور قیصر روم کے محلات میں دراڑیں پڑ گئیں یہ دنیا کے لیے بشارت تھی کہ اب کفر وشرک اور الحاد کے دن گنے جا چکے ہیں اور رسول الملاحم صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت اللہ رب العزت کی حاکمیت کا پرچم بلند ہو کر ہی رہنا ہے، ایسا ہوتے ہوئے آنکھوں سے دیکھا گیا، الحادی قوتیں نیست ونابود ہو گئیں اور اہل ایمان کے کلیجے ٹھنڈے ہو گئے۔ آج بھی دنیا اللہ العالمین کو چھوڑ کر دوسروں کی محتاج اور غلام ہو کر رہ گئی ہے۔ یقیناً انسانیت کے لیے امن وسلامتی اور فوز وفلاح کے لیے مشعل راہ وہی عمل ہے جس سے رسول کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے صدیوں پہلے آشنا کیا تھا۔ دم توڑتی اور سسکتی انسانیت کو سکون صرف اور صرف گنبد خضرا کے سائے میں ہی نصیب ہو سکتا ہے۔ آیئے! دور روشنیوں سے آتی اس صدا پہ سر دھنتے ہوئے اپنے لیے عمل کی راہ تلاش کرتے ہیں۔

فدائیانِ شاہِ بطحا صلی اللہ علیہ وسلم
اہل ایمان کے لیے مانند دوستاں

تیز رو، تازہ دم
چڑھیں کفر پر صورتِ دشمناں

پھر بڑھے جانبِ کفر
مرے ہم نشیں

بلاخوف، بے خطر
ڈھونڈھ پھر وہیں سے روشنی

طالبانِ خواجہ یثرب صلی اللہ علیہ وسلم
ملے جس جگہ قلب کو تازگی

سر بکف، صف شکن
تیغ وتلوار وہ

جو دینِ مبیں کے لیے کٹ مریں
شیوائے اصحاب نبی

اہل باطل پہ بن کے برق جو گریں
کہ فرما گئے ہیں ہادی صلی اللہ علیہ وسلم

جن کے لیے روشنی
فاعلموا ان الجنة تحت ظلال السيوف

مرا نبی صلی اللہ علیہ وسلم
چل! کہ تھام لیں ہاتھوں میں

ماحی لقبی
پرچم رسول ہاشمی صلی اللہ علیہ وسلم

حق نے بھی تو کہا
چھٹے جس سے ظلمت وتیرگی

كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَ رُسُلِيْ
نور، وہ آگہی

آیئے! پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے درود وسلام کہیں.................... **اللهم صلی وسلم علی سیدنا محمد وعلی اله و بارک وسلم**

وطن پرستی اور فتنہ انکار جہاد

مولانا عبدالرؤف دانا پوریؒ

انسان میں بہترین جوہر عقل ہے اور کسی چیز کی خوبی یا خرابی کی اصل تمیز عقل ہی کے ذریعے سے ہوسکتی ہے۔مختلف مذاہب کے درمیان حق و باطل کا امتیاز بھی عقل ہی کے ذریعہ ہوسکتا ہے۔مگر عقل اس کا نام نہیں ہے کہ ہر چیز میں ہر شخص بلا سمجھے بوجھے مداخلت شروع کردے اور جس کا جو دل چاہے کہنے لگے۔عقل کا منشا یہ ہے کہ جس علم یا جس فن میں کسی کو کمال ہو اس کی بات اس علم کے متعلق قبول کی جائے۔مریض کے متعلق طبیب ہی کی رائے قبول کی جائے وکیل کی نہیں۔تعمیر کے متعلق انجینئر کا مشورہ قبول کیا جائے فلسفی کا نہیں۔اسی طرح مذہبی اور اخلاقی مسائل میں اُنہی علما کی رائے قابل قبول ہوگی، جنھوں نے اس کی تعلیم وتحقیق میں اپنی عمر کا معقول حصہ صرف کیا ہو۔ایسے لوگ اگر کسی روایت یا کسی مسئلہ کو عقل سلیم کے خلاف بتائیں تو اُن کی بات یقیناً قابل قبول ہوگی۔مگر جس شخص نے نہ مذہبی تعلیم حاصل کی ہو نہ اخلاقی' اُس کی عقل اس وادی میں کیا کام دے گی؟

بسا اوقات جس کو ہم عقل سمجھتے ہیں وہ بے عقلی اور نادانی ہوتی ہے۔غلط علم اور غلط تجربہ کی وجہ سے انسانی عقل ماؤف ہوجاتی ہے۔اچھی چیز کو بری اور بری کو اچھی سمجھنے لگتی ہے۔

یورپ کو ایشیا کے مقابلے میں اس وقت جو مادی تفوق حاصل ہے' اُس کا سب سے خراب نتیجہ یہ نکلا ہے کہ ایشیا کی ذہنی قابلیت تقریباً مفقود ہوتی جاتی ہے۔اپنے لیے خود اپنا راستہ تجویز کرنے کی صلاحیت ہم میں باقی نہ رہی۔عام غلامانہ ذہنیت ہم میں پھیل گئی، یورپ کی اندھی تقلید کا نام ہم نے عقل مندی رکھا۔شکل،صورت،لباس،کھیل کود،فسق وفجور میں یورپ کی نقل ہمارے نزدیک حریت وآزادی ہے۔اپنے مذہب،اپنی معاشرت،اپنی تاریخ،اپنی تہذیب کی مخالفت اور عفت،عصمت،حیا،ادب،مروت سے دست برداری کا نام روشن خیالی ہے۔اور اس حریت وروشن خیالی کی خوبی کی دلیل ہمارے پاس صرف یہ ہے کہ یورپ میں یہ ہوتا ہے یا یورپ کے فلاں فلاسفر نے اس طرح کہا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ ایشیا کے ممالک اور علاقوں پر یورپ کا اس وقت جتنا قبضہ ہے، اُس سے بہت زیادہ ہمارے عقل واذہان پر اس کی حکومت ہے۔تم دیکھو اس وقت اکثر محکوم مالک کوشش کررہے ہیں کہ ہمارا ملک یورپ کے دست تظلم سے نجات حاصل کرے۔مگر ذہنی غلامی کا یہ حال ہے کہ کوئی ملک آزادی کا راستہ خود اپنے لیے اپنے مناسب حال تجویز نہیں کرتا۔جن کی گرفت سے نجات حاصل کرنا چاہتے ہیں،انہیں کی ہدایات کو ذریعہ نجات بھی سمجھتے ہیں۔یا للعجب

جن لوگوں کی ذہنی غلامی کا یہ حال ہو،اُن سے کیونکر امید کی جاسکتی ہے کہ وہ صحیح عقلی نتائج حاصل کرسکیں گے۔میں بعض مثالیں دینا چاہتا ہوں،جس سے معلوم ہوجائے گا کہ ایسے ماؤف دماغ کیسی عقلی گمراہی میں مبتلا ہیں۔

(۱) ایک بہت ہی اعلیٰ تعلیم یافتہ مشہور مسلم راہ نما نے میرے پاس ایک دفعہ خط لکھا کہ''ہم لوگوں کو شرعی احکام کے متعلق رائے دینے سے کیوں روکا جاتا ہے؟میں ڈارون کی تھیوری پر رائے لکھتا ہوں،شیکسپیئر کی زبان پر اپنی رائے شائع کرتا ہوں،نیوٹن کے قانون پر تنقید کرتا ہوں اور کوئی ہمیں نہیں روکتا۔تو پھر کیا وجہ ہے کہ مذہبی اور اخلاقی تعلیم سے ہمیں روکا جاتا ہے۔علماء اسلام نے ہندو برہمنوں کی طرح مذہب کو صرف اپنے لیے مخصوص کرلیا ہے۔اس کا میں سخت مخالف ہوں''۔یہ قول کسی معمولی شخص کا نہیں ہے۔بہت بڑے تعلیم یافتہ کا قول ہے۔

عالم برہمن کی طرح کسی ذات کا نام نہیں ہے، جو شخص شرعی علوم حاصل کرے وہ عالم ہے مگر آپ گویا فرماتے ہیں کہ ہم بغیر قرآن پڑھے کہہ سکتے ہیں کہ قرآن کا مطلب یہ ہے۔بغیر حدیث پڑھے کہہ سکتے ہیں کہ حدیث کا حکم یہ ہے۔بغیر فقہ پڑھے کہہ سکتے ہیں کہ امام ابوحنیفہؒ اور امام شافعیؒ کی رائے یہ ہے۔اور یہ کہنے کا حق ہمیں اس لیے حاصل ہے کہ ڈارون کی تھیوری،شیکسپیئر کا ڈرامہ اور نیوٹن کے قانون میں ہمیں قابلیت حاصل ہے۔

(۲) اسلام کے قبل دنیا کی ایک بڑی لعنت وطنیت تھی۔دنیا میں جس قدر خون ریزیاں ہوئیں اُس میں بہت زیادہ حصہ اسی وطنیت کا ہے۔آج بھی جتنی لڑائیاں ہورہی ہیں وہ اسی وطنیت کی برکت ہے۔وطنیت کا بڑا غلبہ یورپ میں ہے اور اسی وجہ سے بہترین علم،عقل اور فہم کے باوجود ہر وقت سارا یورپ آمادۂ پیکار رہتا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حق کی حمایت میں تلوار اٹھائی، باطل کے بطلان پر عملی اقدام شروع کیا اور ساری دنیا کے سامنے اعلان کیا تعاونوا علی البرّ والتقویٰ ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان۔نتیجہ یہ ہوا کہ دس برس کے اندر وہ ملک جو تمام تر شیطانوں کی آبادی تھی،فرشتوں کی بستی بن گئی۔

اسلام نے وطنیت کی بنا اُکھیڑ دی تھی۔بتایا کہ ہر ملک میں انسان دو طرح کے ہیں۔اچھے انسان اور برے انسان۔تمام دنیا کے اچھے ایک قوم ہیں اور برے ایک قوم۔فرمایا: کونو عباداللہ اخوانا اور فرمایا: الکفر ملة واحدة

جدید عقلا کو اس سے تسکین نہیں ہوتی کیونکہ یورپ میں قومیت کا معیار وطنیت ہی ہے۔بڑے زور شور سے یہ لعنت پھر مسلمانوں کے سر منڈھی جارہی ہے۔جس لعنت سے دنیا نے بمشکل جزوی نجات حاصل کی تھی وہی پھر دنیا پر مسلط کی جارہی ہے اور اس کے لیے حب الوطن من الایمان اور اسی طرح کی دوسری من گھڑت حدیثیں شائع کی جاتی ہیں، انتہائی بے باکی سے اعلان کیا جاتا ہے کہ نعوذ باللہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ملکی آزادی کے لیے جہاد کیا۔۔حالانکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مقاتلہ اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے کیا جائے وہی

جہاد ہے۔

غزوۂ احد کی روایتوں میں آتا ہے کہ مدینہ میں ایک شخص قزمان تھا جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جہنمی کہا تھ مگر غزوہ احد کے روز وہ نہایت شجاعت سے بڑے معرکے کی لڑائی لڑا۔ صحابہ کو حیرت ہوئی کہ ایسے شخص کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جہنمی کیسے کہا۔ وہ زخمی ہوا تو صحابہؓ نے اُس کو نجات کی بشارت دی مگر اس نے کہا: نجات کی بشارت کیسی؟ میں تو قوم کے لیے محض قومیت کی پاس داری میں لڑا ہوں۔ صحابہؓ کو تسکین ہوگئی اور سمجھ گئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو کیوں جہنمی کہتے تھے۔

(۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے توحید کا اعلان کیا اور تیرہ برس تک لوگوں کو وعظ و پند کے ذریعہ سمجھاتے رہے کہ نیکی کیا ہے اور برائی کیا ہے۔ ہر شخص رشد وغی کو سمجھ گیا، حق و باطل واضح ہوگیا، حجت و دلیل کی تمام منزلیں طے ہوگئیں۔ لیکن باطل پرستی فنا نہ ہوئی۔ تب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حق کی حمایت میں تلوار اٹھائی، باطل کے بطلان پر عملی اقدام شروع کیا اور ساری دنیا کے سامنے اعلان کیا تعاونوا علی البرّ والتقویٰ ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ دس برس کے اندر وہ ملک جو تمام تر شیطانوں کی آبادی تھی، فرشتوں کی بستی بن گئی۔ ہر شخص بھلائی و نیکی کا مجسمہ تھا بلکہ اس سے بھی کچھ زیادہ۔ اصحاب رسول اوامر کا ترک اور نواہی پر عمل نہیں دیکھ سکتے تھے۔ ظلم دنیا سے مٹ گیا، فسق و فجور رفنا ہوگیا، شرک و بت پرستی کالعدم ہوگئی۔ ہمت و دلیری، عدل و انصاف سے سینے معمور ہوگئے۔ شیاطین کی ہمتیں پست ہوگئیں، باطل کا بازار سرد ہوگیا۔ اور ہر طرف جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا کا عملی اعلان ہوگیا۔

غزوات کے یہ عملی نتائج ہمارے سامنے واضح ہیں۔ تاریخیں علی الاعلان اس کی شاہد ہیں مگر جدید عقلا کہتے ہیں کہ مذہب کے لیے جنگ نہیں چاہیے۔ ملک کے لیے لڑو، روپیہ کے لیے لڑو، اپنے بنائے ہوئے قانون کو رائج کرنے اور قائم کرنے کے لیے لڑو مگر خدا کی توحید اور خدا کا قانون رائج کرنے کے لیے نہ لڑو۔ نیکی کی معاونت اور بدی کی مخالفت کے لیے نہ لڑو کیونکہ یورپ کے عقلا مذہب کے لیے جنگ کو منع کرتے ہیں۔

یورپ کے اس پروپیگنڈے کی وجہ سے آج مسلمانوں میں ایک جماعت پیدا ہوگئی ہے جو اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے جہاد بالسیف کو بہت برا سمجھتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات کو اسلامی تاریخ پر بدنما داغ سمجھتی ہے۔ اور اپنی دانست میں وہ اسلامی خدمت اسی کو سمجھتی ہے کہ اسلامی تاریخ سے یہ داغ مٹا دیا جائے۔

وطنیت اور نسل کی بنا پر بے شمار اور بے انتہا قبائل پیدا ہوگئے تھے اور قومیں بن گئی تھیں۔ اسلام نے قومیت کی ان دونوں بنیادوں کی مخالفت کی۔ ایک وطن، ایک زمین اور ایک ملک میں ایک موحد فرشتہ صفت انسان پیدا ہوتا ہے اور اُسی جگہ اُس کے پڑوس میں ایک شیطان بدکردار بھی ہوتا ہے۔ نسل کی بھی یہی حالت ہے۔ آذر بت تراش کے گھر میں حضرت ابراہیم علیہ السلام پیدا ہوتے ہیں جو خدا کے خلیل اور رسول اعظم ہیں۔ اور حضرت نوح علیہ السلام نبی تھے مگر اُن کی اولاد ان کافروں سے مل جاتی ہے اور نبی کے خلاف کرتی ہے۔ اس لیے ان دونوں چیزوں کو اخوت اور قومیت کی بنیاد بنانا غلط اور دھوکہ تھا۔

اسلام نے بتایا کہ موحد، خدا پرست، نیک کردار کسی ملک اور کسی نسل کے ہوں، بھائی بھائی اور ایک قوم ہیں، وہ ایک جماعت کے لوگ ہیں۔ اور اُن کو حکم دیا گیا کونوا عباد اللہ اخوانا۔ یہی جماعت عنداللہ مقبول ہے۔ فرمایا ان اکرمکم عنداللہ اتقاکم۔ اور جو لوگ مشرک بدکردار اور خدا دشمن ہیں وہ کسی ملک اور کسی نسل کے ہوں سب ایک قوم ہیں۔ جو ایک خدا کے سوا کسی چیز کی پرستش کرتے ہوں۔ اس لیے فرمایا الکفر ملۃ واحدۃ

جب یہ معلوم ہوگیا کہ خدا کی مخلوق دو حصہ پر خود بخود تقسیم ہے، نیک اور بد، تو خداوند کریم نے حکم دیا کہ نیکوں کا یہ بھی فرض ہے کہ نیکی کو دنیا میں غالب رکھیں۔ اور اس کی حمایت میں اپنی تمام تر قوت صرف کردیں۔ قرآن کریم کی صدہا آیات، احادیثِ صحیحہ کا بڑا دفتر اس حکم سے بھرا پڑا ہے کہ اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے جہاد فرض ہے۔ دنیا نے دیکھا کہ اس حکم کے بعد کس طرح توحید کا غلبہ ہوا، کس طرح شیطان مغلوب ہوا، کیونکر بت پرستی فنا ہوئی، کس طرح دنیا خدا کی حمد و ستایش سے بھر گئی۔ کس طرح وہ باتیں پوری ہوئیں جس کی تمنا میں حضرت ابراہیم، حضرت موسیٰ، حضرت عیسیٰ علیہم السلام اور تمام انبیاء علیہم السلام نے اپنی عمریں صرف کردی تھیں۔ عرب جو بت پرستی کا سب سے بڑا مرکز تھا، وہاں سے شیطان مایوس ہوگیا کہ اب اس سرزمین پر سوائے خدائے ذوالجلال کے کسی کو سجدہ نہیں کیا جائے گا۔ ایران جہاں ایک شخص بھی خدائے قدوس کا نام لینے والا نہ تھا وہاں لاکھوں اور کروڑہا سر خدا کے سامنے جھک گئے۔ شیطانی قوانین کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پیروں کے نیچے روند ڈالا اور خدائی احکام پر ہر جگہ حکومت ہونے لگی۔

کیا توحید کا غلبہ اور بت پرستی کی یہ شکست ایسی باتیں نہ تھیں جس پر حضرت موسیٰؑ اور حضرت عیسیٰؑ کی امت اور انبیا کے ماننے والوں کو سچی خوشی حاصل ہوتی؟ اور کیا اگر خود حضرت موسیٰؑ اور حضرت عیسیٰؑ موجود ہوتے تو ان کے لیے اس سے زیادہ خوشی کی اور بات ہوسکتی تھی؟ آخر کس چیز نے یہود و نصاریٰ کو اس خوشی میں شرکت سے باز رکھا۔ بلکہ یہود کو اعلانیہ بت پرستی کی حمایت پر آمادہ کردیا۔ جیسا کہ غزوہ احزاب کے وقت ہوا۔ اسی نسلی تفریق اور وطنیت کی لعنت میں مبتلا یہود کہتے تھے کہ نبوت بنی اسرائیل ہی کے لیے خاص ہے۔ عیسائیوں میں سے ہرقل نے بھی اور مقوقس نے بھی صاف کہہ دیا تھا کہ میرا خیال تھا کہ نبی آخر زماں کا ظہور شام میں ہوگا۔ بس یہ چیز تھی جو اُن کو توحید کی حمایت سے بھی روکے ہوئے تھی۔

نصاریٰ کا اعتراض

عیسائیوں کو جہاد فی سبیل اللہ پر بڑا اعتراض ہے اور اس پر انہوں نے بہت سی کتابیں بھی لکھ ڈالیں۔ اعتراض کا ماحصل یہ ہے کہ مذہب کے لیے لڑنا نہیں چاہیے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و

سلم نے جو کچھ کیا وہ سکندر اور تیمور ایسے فاتحوں کے تو مناسب تھا مگر انبیا کی شان کے مناسب نہ تھا۔

ان بدنصیبوں کی شاید یہ غرض ہے کہ انبیا کی شان یہی ہے کہ وہ ہمیشہ مغلوب رہیں۔ قوتیں ہمیشہ ان کے مخالفین اور شیاطین کے پاس رہیں۔ وہ جب چاہیں انبیا کو تکلیفیں پہنچائیں، پریشان کریں، قتل کریں، آگ میں ڈالیں۔ انبیا بالکل بے دست و پا، مجبور محتاج اور ان کے مظالم کے سامنے سرنگوں رہیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون

یہ الزامات اُن کے ہیں جو انبیا کی اتباع اور حمایت کا دعویٰ کرتے ہیں۔ مگر فی الواقع اس اعتراض و الزام کا منشا کچھ اور ہے۔

خدائے ذوالجلال نے جب اپنے خاص بندوں کو اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے تلوار ہاتھ میں لینے کا حکم دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا حرض المومنین علی القتال کہ مومنین کو قتال پر ابھاریں' تو دنیا کا نقشہ بدل گیا۔ جن لوگوں نے حق کی حمایت میں تلوار اٹھائی' اُن کی دلیری، ہمت اور جوہر شجاعت نے دنیا میں تہلکہ ڈال دیا۔ مظالم اور بت پرستی کے گھروں میں ماتم پڑ گیا۔ فتوحات کا راستہ اُن کے لیے صاف ہو گیا۔ ایشیا اور یورپ کی طاقتیں اُن کے سامنے سرنگوں ہو گئیں۔ ایشیا کی یہی بڑھتی ہوئی طاقت تھی جس کو یورپ کی وطنیت برداشت نہ کر سکتی تھی۔ مگر مردانِ خدا کے راستہ میں حائل ہونا بھی اُن کے بس کی بات نہ تھی۔ اس لیے یہ پروپیگنڈا کیا گیا۔ جس نے مسلمانوں کے تمام شریفانہ جذبات کو فنا کر دیا۔ اس پروپیگنڈا کے خوف سے مسلمانوں نے وہ باتیں کیں جس کو وہ اپنی اصطلاح میں عجز، انکسار، قناعت اور صبر کہتے ہیں۔ مگر وہ نہیں سمجھتے کہ یہ چیزیں بھی صفات حسنہ میں اُسی وقت داخل ہوتی ہیں' جب قوت اور طاقت حاصل ہونے کے بعد اختیار کی جائیں۔ بے اختیار محتاج اور فقیر تو یہ کرتا ہی ہے، وہ یہ نہ کرے تو اور کر ہی کیا سکتا ہے؟

یورپ کے اس پروپیگنڈے کی وجہ سے آج مسلمانوں میں ایک جماعت پیدا ہو گئی ہے جو اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے جہاد بالسیف کو بہت برا سمجھتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات کو اسلامی تاریخ پر بدنما داغ سمجھتی ہے۔ اور اپنی دانست میں وہ اسلامی خدمت اسی کو سمجھتی ہے کہ اسلامی تاریخ سے یہ داغ مٹا دیا جائے مگر آیاتِ قرآنی کی کثرت اور احادیث صحیحہ کا دفتر اس کو یہ کرنے نہیں دیتا۔ لہٰذا اُس نے یہ تاویل پیدا کی ہے کہ یہ سارے غزوات' مدافعت اور اپنی حفاظت کے لیے تھے، اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے نہ تھے۔

یہ جواب اُس مذہب کی طرف سے دیا جاتا تو کسی حد تک صحیح بن سکتا' جس میں رہبانیت کی تعلیم دی گئی ہو۔ مگر وہ مذہب ہاتھ میں تلوار لینے سے کیونکر انکار کر سکتا ہے' جس میں قتل وقصاص اور حدود وقضا بھی جز و مذہب ہو اور مذہب میں صاحبِ حق کو حق دلانا، ظالم ومظلوم میں انصاف کرنا فرض کیا گیا ہو۔ یہ چیزیں بغیر حاکمانہ اختیار کے پوری نہیں ہو سکتیں اور حاکمانہ اختیار صرف مواعظِ حسنہ سے حاصل نہیں ہوتے۔ ممکن ہے اور انبیا شیطانی حکومتوں پر صابر وشاکر رہے ہوں مگر اسلام کے ساتھ ساتھ خدا کا یہ اعلان بھی آیا و کتبنا فی الزبور ان الارض یرثھا عبادی الصلحون یعنی ''ہم نے زبور میں لکھ دیا ہے کہ زمین کی بادشاہت انبیا اور انبیا کے متبعین کے لیے ہے''۔

اسلام کے یہ جدید وکلا فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے جہاد نہیں کیا۔ توحید کے قیام کے لیے جہاد نہیں کیا۔ بت پرستی کو مٹانے کے لیے جہاد نہیں کیا۔ دنیا میں نیکی پھیلانے کے قیام کے لیے جہاد نہیں کیا۔ جتنے غزوات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیے اور جتنی لڑائیاں صحابہ کرامؓ لڑے وہ صرف اپنی حفاظت اور اپنے بچاؤ کے لیے انہوں نے مدافعت کی تھی۔ انا للہ و انا الیہ راجعون

یہ جواب کیوں دیا جاتا ہے؟ صرف اس لیے کہ ذہنی غلامی نے ہم کو اس قابل نہیں رکھا اور ہمت وشجاعت کے وہ شریفانہ جذبات ہمارے اندر باقی نہ رہے، جس سے ہم یہ سمجھ سکیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن کے متبعین پر اعلائے کلمۃ اللہ کا حق اپنی حفاظت اور مدافعت سے زیادہ ضروری ہے' وہ اپنے تمام مخالفین اور بڑے سے بڑے دشمن کو معاف کر سکتے تھے، مگر خدا کی مخالفت اور بت پرستی وشرک کی اشاعت کو معاف نہیں کر سکتے تھے۔

☆☆☆☆☆

اسلام کے قبل دنیا کی ایک بڑی لعنت وطنیت تھی۔ دنیا میں جس قدر خون ریزیاں ہوئیں' اُس میں بہت زیادہ حصہ اسی وطنیت کا ہے۔ آج بھی جتنی لڑائیاں ہو رہی ہیں وہ اسی وطنیت کی برکت ہے۔ وطنیت کا بڑا اغلبہ یورپ میں ہے اور اسی وجہ سے بہترین علم، عقل اور فہم کے باوجود ہر وقت سارا یورپ آمادۂ پیکار رہتا ہے۔

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرامؓ کی سیرتِ طیبہ سے یہ بات واضح ہے کہ انھوں نے دنیا سے شرک کی نجاست ختم کرنے کی خاطر تلوار اٹھائی اور اسی تلوار کے ذریعے، جہاں تک ان کا بس چلا، شرک وکفر کو ختم کرتے گئے۔ بلا شبہ انہوں نے کبھی کسی کی گردن پہ تلوار رکھ کر اسے کلمہ پڑھنے پر مجبور نہیں کیا، لیکن یہ بھی ایک مسلم حقیقت ہے کہ یہ قتال ہی کا اثر اور تلوار کا رعب تھا کہ وہ مشرکینِ مکہ جو 21 برس تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلام کی راہ میں رکاوٹ بنے رہے، جو مکہ مکرمہ میں 13 برس تک آیاتِ قرآنی اور فرامینِ نبویؐ بزبانِ نبیؐ سننے کے باوجود اسلام قبول کرنے سے انکاری رہے، جب انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قیادت میں دس ہزار (10000) صحابہؓ کے لشکر کو مکہ میں داخل ہوتے دیکھا تو اپنے کفر کو ترک کر کے جوق در جوق اسلام میں داخل ہو گئے۔

پس مجاہدینِ اسلام پر لازم ہے کہ وہ اس اہم مقصدِ جہاد کو نگاہوں میں رکھتے ہوئے ہی اپنے عسکری و دعوتی منصوبے ترتیب دیں۔ معاشرے میں سرایت کردہ (جدید وقدیم) شرکیہ عقائد و تصورات کے خلاف بولنا اور لکھنا، اور کفر وشرک کے مظاہر کو بزورِ بازو ختم کرنا مجاہدین کے اولین فرائض میں سے ہے۔ بالخصوص جن علاقوں میں مجاہدین کو قوت وتمکین حاصل ہوتی جائے وہاں توحید کی دعوت عام کرنے اور شرک وبدعت کو جڑ سے اکھاڑنے پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے''۔

ترکِ جہاد ہی دراصل فساد ہے

مولانا ابو حیدر

الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی سید الأنبیاء والمرسلین، وبعد

اللہ رب العزت کا فرمان ہے:

فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ (یونس/32)

''حق کے بعد گمراہی کے سوا کچھ نہیں''۔

دوسرے مقام پر فرمایا:

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ (النساء/76)

''جو لوگ ایمان لائے وہ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں اور جنہوں نے کفر کیا وہ طاغوت کے راستے میں لڑتے ہیں''۔ نیز فرمایا:

فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَ تُقَطِّعُوْا اَرْحَامَكُم (محمد/22)

''تو (اے منافقو!) اگر تم روگردانی کرتے ہو تو قریب ہے کہ تم زمین پر فساد برپا کرو اور اپنے رشتے کاٹ ڈالو''۔

یہ آیت مبارکہ سورۂ محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں جہادی احکام کے بعد مذکور ہے لہٰذا اس کا معنی یہ ہے کہ اگر تم نے حکمِ الٰہی سے سرتابی اور جہاد سے روگردانی کی تو پھر اللہ کے ہاں تم زمین پر فساد کے اصل ذمہ دار ٹھہرو گے۔

اسی بات کی مزید وضاحت کرتے ہوئے فرمایا:

وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْر (الأنفال۔73)

''اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ آپس میں ایک دوسرے کے مددگار (اور حمایتی) ہیں۔ (اے مسلمانو!) اگر تم ایسا نہیں کرو گے تو زمین پر بہت فتنہ اور بڑا فساد برپا ہوگا''۔

اگر تمہاری نظر میں حق اور باطل خلط ملط ہو جائے اور حق کو پہچاننا مشکل ہو تو یہ دیکھ لیا کرو کہ عالم کفر کے تمام تر تیروں کا رخ کس طرف ہے؟ وہیں حق ہے، لہٰذا اسے مضبوطی سے تھام لو......کل تک تیر ہوتے تھے آج میزائل ہوتے ہیں......!!

اس آیتِ مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو فسادی بتلایا ہے جو کفار کے اتحاد اور گٹھ جوڑ کے مقابلے میں مظلوم مسلمانوں کی مدد و نصرت نہیں کرتے، جہاد کا علم بلند کرنے کے بجائے کفر کے آلہ کار یا خاموش تماشائی کا کردار ادا کرتے ہیں۔

ان تمام آیات میں درمیانہ راستہ کوئی بھی نہیں......آج ایک طرف امریکہ اور اس کے حواری ہیں جبکہ دوسری طرف توحید کے جھنڈے تلے جمع ہونے والے فدائی ہیں۔ امریکہ کہتا ہے کہ میرے پاس ڈالر ہیں...... دنیاوی وسائل ہیں، لہٰذا میری بات مانو...... میں تمہیں امن، ترقی اور خوشحالی دوں گا اور پاکستانی عوام کے لیے القاعدہ کے پاس تباہی کے سوا کچھ نہیں ہے۔

حالانکہ یہ عرب مہمان مجاہدین تو پاکستانی عوام کے سب سے بڑے محسن ہیں، افغانی مسلمانوں اور عرب مجاہدین نے مل کر افغانستان پر قابض روسی سامراج کو شکست سے دوچار کیا......کیا پاکستانی عوام اور دانشور حضرات نہیں جانتے کہ روس افغانستان کے سنگلاخ پہاڑوں سے سر ٹکرانے نہیں، بلکہ پاکستان کے گرم پانیوں پر قبضے کیلئے افغانستان آیا تھا......انہی عرب مجاہدین کو غیر ملکی قرار دے کر ان کے خلاف گز گز بھر لمبی زبانیں استعمال کرنے والوں کو علم نہیں کہ اگر پاکستانی مسلمانوں کا دفاع افغانستان میں شہدا کے گرم لہو سے نہ ہوتا تو خدانخواستہ آج ہمارے مدرسے اور مسجدیں روسی گھوڑوں کے اصطبل اور شراب خانے بن چکے ہوتے......!!

پاکستانی حکمرانوں کا فرض تھا کہ امریکہ کی افغانستان پر ننگی جارحیت کے جواب میں اپنے افغان محسنوں کا ساتھ دیتے......لیکن انہوں نے اس کے برعکس امریکی غلامی کا طوق گلے میں پہنا اور عوام کے سامنے اس طوق کو ہار بنا کر پیش کیا۔ طالبان کے دور میں جس افغانستان کی جانب سے ایک گولی بھی پاکستان کی سمت فائر نہ ہوئی تھی، پاکستان کے راستے افغانستان پر امریکی بموں کے قالین بچھا دیئے گئے......اللہ کے وعدوں پر اعتماد کرنے کے بجائے امریکہ پر اعتماد کیا گیا......اور یہ مجرم حکمران عوام کو یہ باور کرواتے کہ دیکھنا! اب دودھ شہد کی نہریں بہیں گی......ترقی اور خوشحالی ہوگی......زرِ مبادلہ کے ذخائر بڑھیں گے......لیکن نتیجہ؟

عوام سے بڑھ کر کون آگاہ ہے کہ امن ختم اور خوشحالی سراب بن چکی ہے، توانائی کے بحران نے ترقی کا پہیہ جام کر دیا ہے اور قوم سے جھوٹے وعدے کرنے والے غدار لندن کے نائٹ کلبوں میں ڈالر لٹا رہے ہیں۔

بھلا بتایئے کہ آپ کے مصائب کا ذمہ دار کون ہے؟

مجاہدین نے تو کبھی آپ کو خوشنما نعرے نہیں دیئے......ترقی کے خواب نہیں دکھائے، جھوٹے وعدے نہیں کئے......!!

آج کل ہر زبان پر یہی بات ہوتی ہے کہ ہمارے مسائل کا حل کیا ہے؟

امن کیسے قائم ہوگا؟ خوشحالی کیونکر آئے گی؟

حالانکہ مسائل کے حل سے پہلے حل طلب بات تو یہ ہے کہ اصل مسئلہ ہے کیا؟

صرف امن، ترقی اور خوشحالی؟

ایک مؤمن جو آخرت پر ایمان رکھتا ہو......اس کے لئے تو یہ ثانوی مسئلہ ہے۔اس کا اصل مسئلہ تو یہ ہے کہ اُسے جہنم کی تپتی ہوئی آگ سے بچالیا جائے،اور ہمیشہ باقی رہنے والی جنتوں میں داخل کردیا جائے،اور اس سے بھی بڑھ کر رضائے الٰہی کا حصول......''ورضوان من الله اکبر''۔

خواہ اس کے لئے اس کی پوری زندگی جنگ کی نذر ہوجائے اور وہ بدر و احد جیسے میدانوں کی کسی خاک میں آدھا کفن اوڑھ کر سوجائے اور اس کی زبانِ حال پکار اٹھے:

جان دی،دی ہوئی اُسی کی تھی

حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

لیکن ہمیں یہ مسئلہ کون بتلائے کہ ہمارے گمراہ میڈیا کی سوئی تو ملحد مغرب کے نصب العین یعنی امن ترقی،خوشحالی اور (دین سے) آزادی پر ہی اٹکی رہتی ہے......؟

اور عملی میدان میں ہمارا بنیادی نکتہ توحید کی حکمرانی ہے......ان دانشوروں سے پوچھیے کہ انبیا کرام علیہم السلام کی دعوت کا محور کیا چیز تھی؟

سید الانبیا والمرسلین محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ والوں کی دشمنی کیوں مول لی تھی؟ طائف میں پتھر کیوں کھائے تھے؟ بدر کا معرکہ اپنی قوم کے خلاف کیوں سجایا تھا؟ اُحد میں اپنے پیاروں کے لاشے کیوں تڑپائے تھے؟ آپ کے بلالوں، یاسروں اور سمیاؤں کو تپتے انگاروں پر کیوں لٹایا جاتا تھا؟ مکہ کے ہر گھر میں اختلاف نے کیوں جنم لیا تھا؟ باپ اور بیٹا ایک دوسرے کے خلاف صف آرا کیوں ہوئے تھے؟

کیا جواب دیجئے گا؟ کیا توحید کے علاوہ کوئی دوسری چیز تھی؟ ہرگز نہیں......لہٰذا مسلم قوم کا اصل مسئلہ تو توحید کی دعوت اور اس کا نفاذ ہے جس کے لیے طاغوت کا انکار بنیادی شرط ہے۔

یہ الگ بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایمان،تقویٰ اور عملِ صالح کے حاملین سے امن اور خوشحالی کا وعدہ کیا ہے،لیکن ہمارے ایمان،تقویٰ اور عمل کی بنیاد یہ چیزیں نہیں، بلکہ رضائے الٰہی کا حصول ہے......یہ تو فقط ایک دنیاوی بونس ہے، ایک اضافی چیز ہے......کہ اگر نہ بھی ملے تو قتل کردیے جانے والے انبیا علیہم السلام،اصحاب الاخدود،معصب وحمزہ اور یاسر وسمیہ رضی اللہ عنہم اجمعین ہمارے لئے بہترین مثال اور نمونہ ہیں؟ اور اگر مل جائے تو اللہ کی نعمت اور آزمائش ہے۔جیسا کہ فرمایا:

''دہشت گردی اور حقیقی اسلام میں وہی فرق ہے جو ایک قاتل کے خنجر اور جرّاح کے نشتر میں ہوتا ہے......غور کیجئے کہ ایک انسانیت کی موت ہے مگر دوسرا انسانیت کے لیے سراپا زندگی''۔

وَّ اَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَى الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ (الجن/16-17)

''اور اگر (یہ لوگ) سیدھی راہ پر قائم رہتے تو ہم انہیں خوب سیراب کرتے،تاکہ ہم اس میں انہیں آزمائیں''۔ایک اور مقام پر فرمایا:

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ (الاعراف/96)

''اور اگر ان بستیوں والے ایمان لے آتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو ہم ان پر آسمان اور زمین سے برکتوں کے دروازے کھول دیتے،لیکن انہوں نے دینِ حق کو جھٹلایا تو ہم نے ان کے اعمال کی وجہ سے انہیں پکڑ لیا''۔

ہماری زندگی سے برکتوں کا اٹھ جانا،ایمان وتقویٰ سے محرومی اور دینِ حق کی تکذیب کا ہی نتیجہ ہے،اور کچھ نہیں......جیسا کہ فرمایا:

وَ مَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّ نَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى (طٰہٰ/124)

''اور جس نے بھی میرے ذکر سے اعراض کیا تو یقیناً اس کی زندگی تنگ کردی جائے گی اور ہم روزِ قیامت اسے اندھا کرکے اٹھائیں گے''۔

آج ہماری انفرادی اور اجتماعی زندگی سے اللہ کا ذکر یعنی اس کا نازل کردہ دین نکل چکا ہے اسی وجہ سے ہمیں معیشت کی تنگی کا سامنا ہے......یہاں ذکر سے مراد چند تسبیحات نہیں بلکہ پورا دین ہے۔

جیسا کہ فرمایا:اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ (الحجر/9)

''بے شک ہم نے ہی یہ ذکر (قرآن) نازل کیا اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں''۔اور فرمایا: بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ (المؤمنون/71)

''بلکہ ہم ان کے پاس انہی کی نصیحت (پر مبنی کتاب) لائے ہیں،تو وہ اپنی (کتاب) نصیحت سے اعراض کررہے ہیں''۔

لہٰذا یہ تمام بدحالی وتباہی شریعت سے روگردانی ہی کا صلہ ہے۔

اللہ رب العزت کا فرمان ہے:ظَهَرَ الْفَسَادُ فِى الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِى النَّاسِ لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِىْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ (الروم/41)

''خشکی اور تری میں فساد ظاہر ہوگیا جو لوگوں کے ہاتھوں کی کمائی کا نتیجہ ہے تاکہ اللہ تعالیٰ انہیں ان کے بعض اعمال کا مزہ چکھائے جو انہوں نے کیے،تاکہ وہ (ہدایت کی طرف) رجوع کریں''۔

اگر ہم کتاب وسنت پر ایمان رکھتے ہیں تو ہمیں جان لینا چاہئے کہ وہی لوگ فساد و تباہی پھیلا رہے ہیں جو طاغوتی قوانین کے محافظ اور کتاب وسنت کے نفاذ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں......جیسا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ایک طویل حدیث کے آخر میں آتا ہے:''جب لوگوں کے حکمران اللہ کی نازل کردہ شریعت سے اعراض کرتے ہوئے دیگر قوانین کو حاکم بناتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اُن کے دشمنوں کو اُن پر مسلط کردیتا ہے اور وہ دشمن ان کی بعض ملکیتوں کو ان سے چھین لیتا ہے،اور جب کوئی قوم اللہ کی کتاب اور اس کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو معطل کردیتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے درمیان پھوٹ ڈال دیتا ہے''۔

(شعب الایمان،ابن ماجہ،مستدرک حاکم،صحیح الترغیب والترھیب للالبانی)

لہٰذا پاکستانی مسلمان اگر امریکی قبضے اور بھارتی جارحیت سے دفاع چاہتے ہیں تو اس طاغوتی

نظام کے خلاف آواز اٹھائیں اور اسے مٹانے کے لیے کمر بستہ ہو جائیں......اسی طرح اگر ہم چاہتے ہیں کہ پاکستان میں دوبارہ 1971 والی تاریخ نہ دہرائی جائے......بنگالی، بلوچی، مہاجر، سندھی، پشتون ،سرائیکی اور پنجابی کے درمیان تفریق اور نفرتیں جنم نہ لیں، تو ہمیں پاکستان کو اسی بنیاد پر استوار کرنا ہوگا جس کے لئے ہمارے بزرگوں نے قربانیاں پیش کیں......یعنی لاالہ الااللہ......اس کلمے کو پارلیمنٹ یا سپریم کورٹ کی عمارتوں کی پیشانیوں پر کنداں کرنے کی بجائے عملاً نافذ کرنا ہوگا......اگر اس کلمے کو بیچ میں سے نکال دیا جائے تو بھلا ایک بنگالی یا بلوچی کو ایک سندھی یا پنجابی کی غلامی پر کس لیے مجبور کیا جا سکتا ہے؟

اسی طرح ایک مخلص مسلمان کو قومیت یا وطنیت کے جھنڈے تلے لڑنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا......کیونکہ ایک مسلمان کی محبت اور تعلق تو کلمے کی بنیاد پر ہوتا ہے......اللہ کی قسم! اگر افریقہ کے کسی بے آب و گیاہ صحرا میں محض چند میل پر مبنی خطے پر کتاب وسنت کی حکمرانی قائم ہو جاتی ہے تو وہ خطہ ہمارے لئے ہزار پاکستانوں سے بہتر ہوگا......!

ایک مؤمن جو آخرت پر ایمان رکھتا ہو......اس کے لئے تو یہ ثانوی مسئلہ ہے۔ اس کا اصل مسئلہ تو یہ ہے کہ اُسے جہنم کی تپتی ہوئی آگ سے بچا لیا جائے، اور ہمیشہ باقی رہنے والی جنتوں میں داخل کر دیا جائے، اور اس سے بھی بڑھ کر رضائے الٰہی کا حصول......''ورضوان من الله اكبر''۔

پاکستان کو قائم ہوئے صرف 63 برس ہوئے ہیں جبکہ بلوچ، سندھی، پنجابی ،سرائیکی اور پشتون وغیرہ تو ایک تاریخ رکھتے ہیں......ایک نوزائیدہ بے دین پاکستانیت کے لیے وہ اپنی صدیوں پرانی شناخت کو فراموش نہیں کر سکتے صرف ایک ہی نسخہ تھا (افسوس کہ اسے ہی پوری 63 سالہ تاریخ میں ہمیشہ فراموش کیا گیا) وہ یہ کہ پاکستان کو حقیقتاً پاکستان بنا دیا جاتا......شرک کی بیخ کنی ہوتی، تو میتوں کے بت توڑے جاتے، طاغوتی قوانین کو ٹھوکروں پر رکھتے ہوئے کتاب وسنت کو نافذ کر دیا جاتا...... جب کوئی قوم اللہ کی کتاب اور اس کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو معطل کر دیتی ہے تو اللہ تعالیٰ ان کے درمیان پھوٹ ڈال دیتا ہے۔

لہٰذا ہمارے سیکولر دانشور اور حکمران خواہ الٹے لٹک جائیں، اربوں ڈالر کے معاشی پیکج لے آئیں، جیٹ طیاروں اور ٹینکوں کا بے دریغ استعمال کر کے دیکھ لیں، لیکن یہ بے چینی اور انتشار ختم نہ ہو سکے گا۔

عوام کو بھی قرآن وسنت پر مبنی یہ حقائق سمجھنے چاہئیں اور یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کر لینی چاہئے کہ جب تک یہاں سے امریکی ایجنٹوں کا بوریا بستر لپیٹ نہیں دیا جاتا اور پاکستان کو طاغوتی نظام سے پاک نہیں کیا جاتا اُس وقت تک پاکستان میں امن قائم نہیں ہو سکتا اور اس بدامنی کی تمام تر ذمہ داری بے دین حکمرانوں پر عائد ہوتی ہے۔

اللہ رب العزت کا فرمان ہے: وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ (النحل/112)

''اور اللہ تعالیٰ ایک بستی کی مثال بیان کرتا ہے جو امن واطمینان سے (آباد) تھی، اس کا رزق اسے ہر جگہ سے وافر (میسر) آتا تھا، پھر اس (کے باشندوں) نے اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کی تو اللہ نے انہیں ان کے کرتوتوں کی وجہ سے بھوک کا مزہ چکھایا اور خوف کا لباس (پہنایا)''

اللہ رب العزت نے لا الہ الا اللہ کی بنیاد پر لاکھوں جانیں اور ہزاروں عصمتیں قربان کرنے کے بعد ہمیں انگریزوں اور ہندوؤں کی غلامی سے چھٹکارا فرمایا تھا......اور پانچ دریاؤں، زرخیز زمینوں اور کروڑوں باصلاحیت باشندوں پر مبنی یہ ملک عطا فرمایا تھا......لیکن ناشکری کی انتہا ہوگئی کہ ہم آج تک یہاں اسلامی نظام نافذ نہ کر سکے......لہٰذا بطورِ سزا ہم پر خوف اور معاشی بدحالی کا عذاب مسلط کر دیا گیا ہے جس سے چھٹکارے کے لیے ہم سب کو اللہ کے حضور توبہ کرنی ہوگی، اپنی اپنی دکانیں چمکانے کی بجائے پوری قوت کے ساتھ باطل کو للکارنا ہوگا۔

ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے لکھا ہے: اگر تمہاری نظر میں حق اور باطل خلط ملط ہو جائے اور حق کو پہچاننا مشکل ہو تو یہ دیکھ لیا کرو کہ عالم کفر کے تمام تر تیروں کا رخ کس طرف ہے؟ وہیں حق ہے، لہٰذا اسے مضبوطی سے تھام لو......کل تک تیر ہوتے تھے آج میزائل ہوتے ہیں......!!

کل تک ہماری حکومتی مشینری اور میڈیا نے باقاعدہ مہم چلا رکھی تھی کہ بیت اللہ محسود امریکی ایجنٹ ہیں (آج حکیم اللہ محسود حفظہ اللہ) اور پاکستان میں شورش پھیلا رہے ہیں جبکہ آج یہی لوگ پورا زور بیان اس بات پر صرف کر رہے ہیں کہ بیت اللہ امریکی ڈرون حملے میں شہید ہو گئے ہیں۔

یہ ایجنٹ والی کہانی اب زیادہ دیر نہیں چلے گی اور ویسے بھی سرِ عام امریکی غلامی کا طوق پہننے والوں کے منہ سے تو یہ کہانی بالکل بھی مزہ نہیں دیتی......

آخری التماس یہ ہے کہ مضمون کے آغاز میں مذکور چار آیات دوبارہ غور سے پڑھیے اور بتلائیے کہ حق اور باطل کی اس کشمکش میں ہمارا کردار کیا ہے؟ اور ''فساد کی جڑ'' کون لوگ ہیں۔

بطلِ اسلام عبدالرشید غازی شہید رحمہ اللہ نے ایک موقع پر کہا تھا: ''دہشت گردی اور حقیقی اسلام میں وہی فرق ہے جو ایک قاتل کے خنجر اور جرّاح کے نشتر میں ہوتا ہے......غور کیجئے کہ ایک انسانیت کی موت ہے مگر دوسرا انسانیت کے لیے سراپا زندگی''۔

☆☆☆☆☆

ترکِ محبت وقطعِ موالات کے سلسلے میں ایک مسلمان کا اولین فرض یہ ہے کہ وہ سب سے پہلے آیاتِ مذکورہ کے تحت اہلِ کفر سے اپنے قلبی تعلقات کا رشتہ کلیتاً کاٹ دے۔ بالکل اسی طرح جیسے ان آیات کے ماتحت ابوعبیدۃ بن الجراح رضی اللہ عنہ نے اپنے کافر باپ سے قلبی تعلقات منقطع کر لئے تھے کہ بالآخر بدر میں خود ہی ان کے قاتل بھی بنے۔ اور جس طرح اسی تعلیم (أشداء علی الکفار) کے ماتحت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ نے اپنے بھائی عبید بن عمیر سے محبت ختم کر کے خود ہی اُحد میں اسے قتل کیا۔ حضرت عمرؓ نے اپنے ماموں عاص بن ہشام کو بدر میں قتل کیا، حضرت علی وحمزہ اور عبیدہ بن الحارث رضی اللہ عنہم نے عتبہ، ولید بن عتبہ اور شیبہ بن ربیعہ کو بدر میں قتل کیا جو ان حضرات کے قریبی رشتہ دار تھے، اور ایسا کر کے اسلامی غیرت اور صلابت فی الدین کی ایک ایسی زبردست مثال قائم فرما دی جو ہمیشہ امت کو غیرت وحمیت کی دعوت دیتی رہے گی۔ (مولانا قاری محمد طیبؒ)

برباد ہوں اگر ہم اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نصرت نہ کریں

اسد الاسلام شیخ اسامہ بن لادن حفظہ اللہ

اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

یورپی یونین کے ''عقل مندوں'' کے نام!

سلامتی ہو اس پر جو ہدایت کی پیروی کرے۔ میری یہ گفتگو توہین آمیز خاکوں کی اشاعت اور تمہاری اس لاپرواہی سے متعلق ہے جس کا مظاہرہ تم نے اس مہلت کے باوجود کیا جو تمہیں ان خاکوں کی دوبارہ اشاعت روکنے کے لیے دی گئی تھی۔ ابتدا میں یہ کہوں گا کہ اگرچہ انسانوں کے مابین دشمنیاں زمانہ قدیم سے چلی آ رہی ہیں لیکن تمام قوموں کے عقل مند لوگوں نے ہر دور میں اختلاف کے آداب اور جنگ میں اخلاقیات کا لحاظ رکھا۔ اور یہی ان کے لئے بہتر ہوتا ہے کیونکہ حالات کبھی یکساں نہیں رہتے اور جنگ میں کبھی کسی کا پلڑا بھاری رہتا ہے تو کبھی کسی کا۔ لیکن تم نے ہمارے ساتھ جاری جنگ میں لڑائی کے بہت سے آداب کو پس پشت ڈال دیا ہے چاہے تم لاکھ ان کا ڈھنڈورا پیٹتے رہو۔ ہمیں یہ بات کس قدر غمگین کرتی ہے جب تم ہماری بستیوں کو بمباری کا نشانہ بناتے ہو، وہ کچی بستیاں جن کے ملبے تلے ہماری خواتین اور بچے ہوتے ہیں۔ تم یہ سب کرتے بھی جان بوجھ کر ہو اور میں خود اس بات کا مشاہدہ کرنے والا ہوں۔ تم یہ سب ناحق کام اپنے ظالم حلیف (بش) کی حمایت میں کرتے ہو جو اب اپنی ظالمانہ پالیسیوں سمیت وائٹ ہاؤس سے رخصت ہو چکا ہے۔ یہ بات تم سے چھپی نہیں کہ تمہارے وحشیانہ مظالم سے جنگ ختم نہیں ہوگی بلکہ یہ سب تو ہمیں اپنے حق کے حصول، مقتولوں کا بدلہ لینے اور حملہ آوروں کو اپنی زمینوں سے نکال باہر کرنے کے عزم میں مزید تقویت دیتی ہیں۔ ایسے مظالم کبھی بھی لوگوں کے ذہنوں سے محو نہیں ہوتے اور ان کے اثرات کسی سے پوشیدہ نہیں۔ اگرچہ ہماری خواتین اور بچوں کا قتل کچھ کم ظلم نہیں لیکن اس پر مزید یہ کہ تم نے اختلاف اور لڑائی کے آداب کو پس پشت ڈال دیا اور خباثت میں اس حد تک بڑھ گئے کہ تم نے ان توہین آمیز خاکوں کو شائع کرنے کی جسارت کی۔ یہ ان مصائب میں سب سے بڑی مصیبت ہے اور اس کا خمیازہ بھی تمہیں سب سے بڑھ کر بھگتنا ہوگا۔ اس موقع پر میں تمہاری توجہ اس واضح امر کی جانب مبذول کرنا چاہوں گا کہ ان توہین آمیز خاکوں کی اشاعت کے باوجود تم نے ایک سو پچاس کروڑ مسلمانوں میں سے کسی کا ردّعمل یہ نہیں دیکھا کہ اس نے اللہ کے نبی عیسیٰ ابن مریم کی توہین کی ہو (اللہ ان پر رحمت وسلامتی کرے) کیونکہ ہم تمام انبیاء علیہ السلام پر یکساں ایمان رکھتے ہیں۔ اور اگر کوئی ان میں سے کسی ایک بھی نبی کی شان میں گستاخی کرے یا ان کا مذاق اڑائے تو وہ کافر اور مرتد ہو جاتا ہے۔ یہاں میں یہ بات بھی واضح کرتا چلوں کہ جس آزادی رائے کے تم راگ الاپتے ہو اور جن قوانین کو مقدس کہہ کر ناقابل تبدیل سمجھتے ہو وہ تم اپنے ہاں موجود امریکی فوجیوں پر لاگو نہیں کرتے اور کس بنیاد پر تم ان لوگوں کو قید کرتے ہو جو ایک تاریخی حادثے (ہالوکاسٹ) کے اعداد وشمار میں شک کرتے ہیں۔ پھر تم یہ بات بھی جانتے ہو کہ صرف ایک شخص کی جنبشِ قلم سے یہ خاکے شائع ہونے سے رک سکتے ہیں، بشرطیکہ وہ معاملے کو اہم جانے۔ وہ شخص ریاض کا بے تاج بادشاہ (شاہ عبداللہ) ہے۔ اسی نے تمہارے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو یمامہ کے سودے میں اربوں کے گھپلے کی تفتیش سے روک دیا تھا اور بلیئر نے اس حکم کو نافذ کیا تھا۔ اور وہ آج کل مجلس اربعہ میں تمہارا نمائندہ ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ انسانوں کے وضع کردہ قوانین جو اللہ تعالیٰ کی شریعت سے متصادم ہوں تو وہ باطل ہیں اور ہماری نظر میں نہ ان کی کوئی تقدیس ہے اور نہ کوئی حیثیت۔ پھر یمامہ کے سودے میں تمہاری کرپشن تمہیں یہ اقرار کرنے پر مجبور کرتی ہے کہ تمہاری خود ساختہ اخلاقیات تمہارے ہی بعض مفادات کے مقابلے پر ثانوی حیثیت رکھتی ہیں۔ آخر میں میں یہ کہوں گا کہ اگر تمہاری اظہار رائے کی آزادی کا کوئی اصول نہیں تو پھر ہمارے افعال کی آزادی کے لیے بھی اپنے سینے کھلے رکھو۔ یہ بات عجیب اور اشتعال انگیز ہے کہ تم نرمی اور سلامتی کی بات کرتے ہو حالانکہ تمہارے فوجی ہمارے ملکوں میں ناتواں لوگوں تک کا مسلسل قتل عام کر رہے ہیں۔ اس پر مزید یہ کہ تم نے یہ خاکے شائع کیے جو کہ جدید صلیبی حملے کا ایک حصہ ہیں اور ''ویٹی کن'' میں بیٹھے پوپ کا اس میں بہت بڑا ہاتھ ہے۔ یہ تمام چیزیں اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ تم مسلمانوں سے ان کے دین پر جنگ جاری رکھنا چاہتے ہو اور یہ جاننا چاہتے ہو کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم مسلمانوں کو اپنے جان و مال سے زیادہ محبوب ہیں یا نہیں؟ لہٰذا اب ہمارا جواب تم سنو گے نہیں بلکہ دیکھو گے اور ہم برباد ہوں اگر ہم اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نصرت نہ کریں۔ اور سلامتی ہو اس پر جو ہدایت کی پیروی کرے۔

تم مسلمانوں سے ان کے دین پر جنگ جاری رکھنا چاہتے ہو اور یہ جاننا چاہتے ہو کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم مسلمانوں کو اپنے جان و مال سے زیادہ محبوب ہیں یا نہیں؟ لہٰذا اب ہمارا جواب اب تم سنو گے نہیں بلکہ دیکھو گے اور ہم برباد ہوں اگر ہم اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نصرت نہ کریں۔

☆☆☆☆☆

ہم اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے فضل وکرم سے پچھلے تیس سالوں سے اپنے ہتھیار کندھوں پر اٹھائے شرق وغرب میں باطل کفری قوتوں کے خلاف برسرپیکار ہیں اور الحمدللہ اس سارے عرصے میں ہمارے ساتھیوں میں ایک بھی خودکشی کا واقعہ پیش نہیں آیا۔ یہ تمہارے لیے ہمارے نظریے کی سچائی اور ہمارے مقصد کی حقانیت کی دلیل ہے۔ ہم ان شاء اللہ اپنی ارض مقدس کو آزاد کرانے کے راستے پر رواں دواں ہیں، صبر ہمارا ہتھیار ہے اور ہم اپنے اللہ سے نصرت طلب کرتے ہیں اور ہم کبھی مسجد اقصیٰ کو تنہا نہیں چھوڑیں گے کیونکہ فلسطین ہمیں اپنی جانوں سے بڑھ کر عزیز ہے (شیخ اسامہ بن لادن حفظہ اللہ)

یہ غبار نہ چھٹنے پائے گا (قسط اول)

شیخ انور العلوقی

ترجمہ: ام ہمام

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں، سلامتی اور برکتیں ہوں ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم، ان کے صالح اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین اور تابعین پر۔

کفار حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا انکار کرنے کے لیے جو جواز پیش کرتے تھے ان میں سے ایک یہ بھی تھا کہ اللہ تعالیٰ نے کسی کو نبی بنانا ہوتا تو مکہ یا مدینہ کے کسی بڑے رئیس یا سردار کو کیوں نہ بناتا، تاکہ لوگ اس کی بات توجہ سے سنتے اور اس کے اثر و رسوخ اور معاشرے میں اس کے مقام کی وجہ سے جلد اس کے مطیع ہو جاتے۔ ان کی اسی بات کا اللہ تعالیٰ نے قرآن میں کچھ یوں ذکر کیا ہے:

و قالو لو لا نزل هذا القرآن علیٰ رجل من القریتین عظیم

''اور کہتے ہیں کہ کیوں نہ اترا یہ قرآن کسی بڑے آدمی پر ان دو بستیوں میں سے۔'' (زخرف: ۳۱)۔

یہ کفار کا قول ہے اور اللہ تعالیٰ اس کے جواب میں فرماتے ہیں:

الله اعلم حیث یجعل رسالته

''اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ کہاں بھیجے رسالت اپنی۔'' (الانعام: ۱۲۴)

کفار کی طرف سے بتائے گئے رسالت کے مجوزہ امیدواروں میں سے ایک عُروہ بن مسعود ثقفی تھے جن کا تعلق طائف سے تھا۔ سالوں بعد ایک مہم میں کفارِ مکہ نے عُروہ بن مسعود ثقفی کو بطور ایلچی محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کے لیے بھیجا تاکہ وہ ان سے معاہدے کے لیے مذاکرات کریں جو بعد میں معاہدۂ حدیبیہ کے نام سے معروف ہوا۔ (گو کہ وہ معاہدے کی شرائط طے کرنے میں ناکام رہے تھے اور معاہدہ بعد از اں ایک اور ایلچی سہیل بن عمرو کے ساتھ طے کیا گیا)۔ کفار کے نمائندے کی حیثیت سے جب عروہ بن مسعود حدیبیہ کے مقام پر مسلمانوں کے پڑاؤ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کرنے آئے تو انھیں محسوس ہوا کہ گویا وہ کسی دوسری دنیا میں قدم رکھ رہے تھے۔

عروہ بن مسعود ثقفیؓ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے لیے آئے تو انھوں نے اپنی آنکھوں سے ایسے مناظر دیکھے جنھوں نے انھیں حیران و ششدر کر کے رکھ دیا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضو فرماتے تو صحابہ کرامؓ آگے بڑھ کر وضو کا وہ پانی جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسمِ اطہر سے ٹپکتا تھا، اپنے ہاتھوں میں لے کر اپنے چہرے پر مل لیتے تھے تاکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے برکت حاصل کی جا سکے اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی بال جسمِ اطہر سے گرتا تو سبھی اس کو حاصل کرنے کو لپکتے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ان کو کوئی حکم دیتے تو وہ سرعت کے ساتھ اس کی تکمیل میں لگ جاتے تھے۔

جب عروہ بن مسعود ثقفیؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کر رہے تھے تو وہاں ایک زرہ پوش جوان بھی کھڑا تھا۔ جب کبھی عروہ نبی مہربان صلی اللہ علیہ وسلم کی داڑھی مبارک کو تھامنے کے لیے ہاتھ آگے بڑھاتے تو یہ جوان جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے کھڑا تھا، عروہ بن مسعود ثقفی کو اپنی تلوار کے دستے سے ضرب لگاتا اور کہتا تھا، ''اپنے ہاتھ دور کھینچ لو اس سے پہلے کہ یہ تمہارے پاس واپس نہ لوٹ سکیں۔'' اس پر عروہ بن مسعود ثقفی نے کہا ''میرے خیال میں یہ شخص آپ لوگوں میں سے سب سے برا، سخت اور درشت ہے۔۔۔ آخر کون ہے یہ؟'' نبی صلی اللہ علیہ وسلم مسکرائے اور فرمایا ''یہ تمہارا بھتیجا ہے۔۔۔ مغیرہ بن شعبہ ثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔'' یہ عروہ بن مسعود کے بھتیجے تھے لیکن اب چونکہ وہ مسلمان ہو چکے تھے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت اور ان پر جاں نثاری کا جذبہ اس قدر تھا کہ انھوں نے اپنے چچا کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی داڑھی چھونے کی بھی اجازت نہ دی۔ عروہ بن مسعود کو اس بات سے لازمی طور پر صدمہ پہنچا۔

ذرا اپنے آپ کو اس معاشرے میں لے جائیے، خود کو ان کی جگہ تصور کیجیے اور سوچیے جیسے وہ سوچا کرتے تھے اور ان حالات کو سمجھنے کی کوشش کیجیے جو ان لوگوں کے ارد گرد تھے۔ یہ ایک قبائلی معاشرہ تھا جہاں قبیلہ اور خاندانی رشتے ہی سب کچھ تھے اور عروہ بن مسعود یہ دیکھ کر سخت حیران ہوئے کہ اسلام نے کس طرح ان کے بھتیجے کی کایا پلٹ دی اور وہ کیسے ان کے ساتھ پیش آ رہا تھا۔۔!

عروہ بن مسعود جب قریش کی طرف واپس لوٹے تو ان کو بتایا: ''اے قریش کے لوگو! میں نے دنیا کے بادشاہوں کی زیارت کی ہے، میں نے قیصر و کسریٰ سے ملاقاتیں کی ہیں اور میں نے کبھی کسی بادشاہ کے تابع فرمانوں کو اپنے لیڈر کے لیے اتنا فدا کار نہیں پایا جتنا صحابہ کرامؓ کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے جان نثار کرنے کے جذبوں سے معمور پایا ہے اور میں نے کبھی کسی بادشاہ کے اطاعت گزاروں میں ایسی اطاعت نہیں دیکھی جیسی صحابہؓ کی اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے دیکھی۔ جب بھی وہ ان کو کوئی حکم دیتے تو وہ دوڑ کر اس کی تعمیل کرتے تھے اور جب بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ سے مخاطب ہوتے تو وہ یوں خاموش ہو جاتے گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوں جو ان کے بولنے سے اُڑ جائیں گے۔ جب رسول صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ دوڑ کر جسمِ اطہر سے گرنے والے پانی کو حاصل کرتے اور اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی بال گرتا تو سبھی اس کو حاصل کرنے کی کوشش کرتے۔۔۔ پس اے قریش کے لوگو! محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے تم لوگوں کو ایک پیش کش کی ہے اس کو قبول کر لو، کیونکہ میں نہیں سمجھتا کہ ان کے جاں نثار کبھی اس کا ساتھ چھوڑیں گے۔۔۔!!''

یہ وہ تاثر تھا جو کفار اہلِ ایمان کے بارے میں رکھتے تھے۔۔ کہ وہ کبھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ نہیں چھوڑیں گے اور کبھی ان کو دغا نہیں دیں گے اور نہ تنہا چھوڑیں گے بلکہ آخری آدمی تک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کے لیے جنگ کریں گے۔۔۔ مگر اب وقت تبدیل ہو چکا ہے! وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وقت تھا اور وہ عروہ بن مسعود کی گواہی تھی۔۔۔ جبکہ آج حالات یکسر مختلف ہیں۔

کچھ عرصہ قبل اللہ کی کتاب کو کچھ امریکی فوجیوں نے بطور مشق ہدف کے طور پہ استعمال کیا اور یہ واقعہ کہاں پیش آیا؟ ایک مسلمان ملک میں جو کہ اسلامی دنیا کے قلب میں واقع ہے۔۔۔ پھر کیا ہوا؟؟؟ اسلامی دنیا کی طرف سے ردعمل خاموشی تھی۔۔!!

اس سے پہلے جب ڈنمارک میں کارٹونوں کی اشاعت کا قضیہ وقوع پذیر ہوا تو مسلم دنیا سخت غضب ناک ہوئی لیکن پھر جب سویڈن میں ایسا ہی واقعہ پیش آیا جو کہیں زیادہ بدتر تھا، ردعمل مقابلتاً کم تھا اور اب بتدریج ردعمل کم ہو رہا ہے۔ سو ہمارے دشمنوں نے ہمیں کامیابی کے ساتھ بے حس کر دیا ہے۔

جب یہ واقعہ پہلی دفعہ پیش آیا تو ہر کوئی اس کے بارے میں سوچ رہا تھا اور اس کی مذمت کر رہا تھا اور اس معاملے پر متاسف تھا مگر پھر آہستہ آہستہ ہم اس کے عادی ہوتے چلے گئے یہاں تک کہ کفار گستاخی کی آخری حد تک پہنچ گئے ہیں۔۔۔مگر ردِعمل کیا ہے؟؟ بہت تھوڑا۔۔!!

آیئے ذرا ایک نظر اپنے درخشندہ ماضی پہ ڈالتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ تب گستاخان کے ساتھ کیا سلوک کیا جاتا تھا کیونکہ یہی وہ چیز ہے جو ہمارے قلوب واذہان کو منور کرنے کا سبب بنے گی اور بالآخر ہمارے اندر یہ احساس بیدار ہوگا کہ گستاخانِ رسول کا انجام وہی ہونا چاہئے جو صحابہؓ نے کیا اور بے شک اس معاملے میں بھی ہمیں صحابہ کرامؓ ہی اتباع کرنا چاہئے۔

کعب بن اشرف ایک یہودی لیڈر اور بہت ہی فصیح شاعر تھا۔ جب غزوۂ بدر میں مسلمانوں کی فتح کی خبر مدینہ پہنچائی گئی اور یہ خبر کعب بن اشرف کے کانوں تک پہنچی تو وہ بے اختیار بول پڑا: ''اگر یہ خبر سچی ہے تو ہمارے لیے زمین کے اوپر والے حصے میں ہونے کی بجائے نیچے والے حصے میں ہونا بہتر ہے (یعنی ہمارے لیے مرنا بہتر ہے)۔ قریش کی شکست کے بعد زندہ رہنے میں کیا خیر باقی ہے!''

یہ شکست خوردہ امریکا کی نفسیاتی کیفیت ہے جس کو شکست کا صدمہ برداشت کرنے کی سکت نہیں رہی اور شکست بھی ایسی جس میں عسکری ہو یا معاشی، سماجی ہو کہ اخلاقی غرض ہر محاذ پر کئی گنا کمزور مقابل ڈٹ کر کھڑا ہے اور وقت کا طاغوت اپنی ٹیکنالوجی اور ڈالر کی قوت کے باوجود چند مٹھی بھر لوگوں کے ہاتھوں یرغمال بنا ہوا ہے۔ ایسے میں عافیہ صدیقی کے مقدمے کا فیصلہ امریکا کے عدالتی نظام ہی کی شکست نہیں بلکہ امریکا کا اس جنگ میں فریق کے آگے ہتھیار ڈالنے کا اعلان ہے' ایک اعتراف شکست ہے۔ وہ شکست جو امریکا کے لئے نوشتہ دیوار بن چکی ہے، جس کا اعلان امریکی عدالت میں ہو چکا ہے۔ بس اب ایک اطلاع کا انتظار ہے جو امریکی ناکامی اور ہزیمت کی محض تصدیق ہوگی!!! ایک نہتی، کمزور اور بے بس عورت کے خلاف ایسا فیصلہ سنانا جس میں اس کے خلاف لگایا جانے والا ایک جرم بھی ثابت نہ ہو سکا امریکا کے خوفزدہ ہونے کی علامت ہے۔ اپنے انجام سے دوچار ہوتی یہ عالمی قوت ایک عورت سے اس وجہ سے خوف زدہ ہے کہ اس کے پاس سچ کی قوت ہے جس کو دبایا تو جا سکتا ہے لیکن جھٹلایا نہیں جا سکتا۔

عافیہ کو اغوا کرنے والے بھی ''کلمہ گو مسلمان'' تھے اور ایک ماں کو اس کے تین بچوں کے

عافیہ آبروئے امت ہے اور اس کی عزت کی حفاظت ہم سے نہ ہو سکی۔ کیا ہم ان حکمرانوں، آمروں، جرنیلوں سے سوال کریں جن کے ہاتھوں سے ابھی تک جامعہ حفصہ اور لال مسجد کے شہدا کے خون کی بو آتی ہے؟ جنھوں نے جامعہ حفصہ کی 1500 طالبات کو غائب کر کے اس بات سے یکسر انکار کر دیا کہ ایسا کچھ ہوا بھی ہے۔

ساتھ بیچنے والے بھی "کلمہ گو" تھے۔ عافیہ یہ بھی جانتی ہے کہ یہاں کوئی معتصم باللہ بھی نہیں جو ایک مسلمان عورت کی بے عزتی کا بدلہ لینے کے لئے اپنی فوج بھیج کر عیسائی حاکم کو اپنے دربار میں حاضری پر مجبور کر دیتا ہے۔ عافیہ کو اس حکومت سے بھی کوئی امید نہیں کہ وہ قانونی، سیاسی اور سفارتی محاذوں پر عافیہ کا مقدمہ لڑے۔ عافیہ کا مقدمہ کائنات کے مالک کے ہاں درج ہو چکا ہے، عافیہ کو ادراک ہے کہ ڈالروں کے عوض اپنی ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کے سودے کرنے والے حکمران اس کے لئے کچھ نہیں کر سکتے، عافیہ کو یہ خوش فہمی بھی نہ تھی کہ فیصلہ اس کے حق میں آئے گا جس کا اعلان بے غیرتی و بے حسی کی چلتی پھرتی تصویریں میڈیا کے ذریعے کرتی پھر رہی تھیں۔ عافیہ کے لئے یہ سب باتیں بے معنی ہو چکی ہیں۔ اللہ رب العزت ہی اس کے لئے کافی ہو گیا ہے۔ عافیہ اس باب کا عنوان ہے، جس میں ابوغریب جیل کی

جس جیت کا اعلان اب ہونا ہے وہ عافیہ کے ماتھے پر لکھی ہے، عافیہ کا چہرہ ایک مظلوم کا نہیں لیکن ایک فاتح کا چہرہ ہے ایک بہادر، جری بہن کا چہرہ ہے، جس نے اس دور میں حضرت سمیہؓ کی سنت کو زندہ کیا ہے۔ یہی بصیرت و ادراک ہے جو صابر ماں کو ہو چکا ہے یہی وہ اعلان ہے جو آسمانوں میں ہو چکا ہے اور زمین میں عظیم ماں کے ذریعے کروایا گیا "امریکا کا زوال شروع ہو چکا ہے"۔

نور اور فاطمہ سے لے کر "کلمہ گو حکمرانوں" کے سامنے کلمہ حق کہنے والے عرب و عجم کے پاک باز نفوس اور باگرام و گوانتانامو میں موجود ہزاروں ابطال امت، خواتین، بچے مظالم کی دردناک کہانیوں کو سینوں میں چھپائے دوسری دنیا پہنچ چکے ہیں۔ عافیہ اس کتاب کا سرورق ہے یہ کتاب جب کھلے گی تو آسمان تک لرز اٹھے گا۔ عافیہ آبروئے امت ہے اور اس کی عزت کی حفاظت ہم سے نہ ہو سکی۔ کیا ہم ان حکمرانوں، آمروں، جرنیلوں سے سوال کریں جن کے ہاتھوں سے ابھی تک جامعہ حفصہ اور لال مسجد کے شہدا کے خون کی بو آتی ہے؟ جنھوں نے جامعہ حفصہ کی 1500 طالبات کو غائب کر کے اس بات سے یکسر انکار کر دیا کہ ایسا کچھ ہوا بھی ہے۔ جہاں لاپتہ افراد کے لواحقین کے ساتھ جو سلوک روا رکھا جاتا ہے کہ وہ زندہ درگور کر دیے گئے ہیں ان سے یہ توقع ہی عبث ہے۔

یہ وہ حکمران ہیں جن کے کان اب صرف "ڈومور" کی آوازیں سنتے ہیں ان کی آنکھیں صرف ڈالروں کی چمک سے ہی خیرہ ہوتی ہیں اور ان کے دل درد سے خالی ہیں۔ یہاں وہ ایوان ہیں جن کے نمائندگان عافیہ کے نام پر بحث کرتے ہیں اور ایک خاتون نمائندہ کہتی ہے کہ "عافیہ کے سلسلے میں جتنی بحث ہوئی وہ سب فضول ہے، یہاں ہر شہر ہر گاؤں میں ایک عافیہ ہے ان کے لئے ہم کیا کر رہے ہیں؟" یہ وہ بے نقاب ہوتے چہرے ہیں جو منظر پر آہستہ آہستہ نمودار ہوتے جا رہے ہیں۔ اللہ کو ایسے لوگوں کے ذریعے عافیہ کی حمایت بھی منظور نہیں۔ یہ محروم لوگ ہیں، غم منانا ہے تو ان کی بدنصیبی کا غم منائیں، ماتم کرنا ہے تو ان لوگوں کا کریں جن کو عافیہ کے ذکر پر تکلیف ہوتی ہے۔ عافیہ کے عظمت و ہمت کے چرچے تو آسمانوں میں ہیں۔ عزیمت کے سفر میں ایک کمزور عورت نے جو کردار ادا کیا وہ پوری امت کی طرف سے فرض کفایہ بن گیا ہے۔ عافیہ! تم تو حسینؓ قبیلے کی تو قیر ہو، تم تو قعر جہالت میں تنویر ہو، تم سنہرے حرفوں میں تحریر ہو!۔

ہم نے خیر منانی ہے تو اپنی خیر منائیں کہ جب ایک مسلمان عورت مظلوم و مجبور کر دی جائے اور کفار کے نرغے میں آ جائے تو چاروں مکاتب فکر کے متقدمین و متاخرین اکابر فقہائے کرام کے فتاویٰ کے مطابق جہاد فرض عین ہو جاتا ہے۔ سرخرو ہونے والوں کے لئے انعام ہے اور پیچھے رہ جانے والوں کا کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوتا۔ فیصلے کے وقت گواہی دینے والوں کا نام لیا جاتا ہے۔ نمرودوں، فرعونوں، ابوجہلوں اور یزیدوں کے علم تھام کر ان کے لشکروں کا حصہ بننے والوں کے لئے صرف چھوٹا سا مچھر، دریائے قلزم محض دس ہزار کا لشکر اور ایک کربلا ہی کافی ہوتی ہے۔ میزان قائم ہو چکی ہے، لوگ چھٹ رہے ہیں، حمایت کرنے والے اور مخالفت کرنے والے، ساتھ دینے والے اور ساتھ چھوڑ جانے والے سچ کے ساتھی، جھوٹ کے ساتھی، تصویر کا صحیح رخ پیش کرنے والے اور تصویر کو مسخ کرنے والے، روشنی کے پروانے اور اندھیروں کے پجاری سب کچھ واضح ہے۔

الجھے ہوئے ذہنوں کے لئے کوئی دلیل کارآمد نہیں وہ ہمیشہ اسی انتظار میں رہیں گے کہ ابھی وہ وقت نہیں آیا، لیکن کیا واقعی وہ وقت نہیں آیا کہ ہم شیطان اکبر کا مقابلہ کرنے کے لیے اپنی قوت مجتمع کر لیں؟ جب جامعہ حفصہ کے تحفظ کی سبیل کسی عوامی حمایت کی منتظر تھی جب اس بات کی ضرورت تھی کہ لوگوں کو سڑکوں پر لایا جاتا تو لوگ گفتگو کے دربار سجاتے رہے بعد میں آنسو بہانے والے بھی اگر اس وقت نکل آتے تو شاید کچھ عوامی دباؤ کا اثر نکلتا اور آج جب تقاضا مظاہروں سے بڑھ کر کردار ادا کرنے کا ہے، دشمن کو للکارنے کا ہے، محاذوں کو گرم کرنے کا ہے تو چند سو افراد کو سڑکوں پر لاکر مظاہروں کے ذریعے اپنے فریضے کی ادائیگی کا بوجھ اتارا جاتا ہے۔

؎ آہ! ناداں گر گئے سجدے میں جب وقت قیام آیا

روزانہ کراچی سے 400 ٹرک پر سامان لاد کر اس صلیبی فوج کے حوالے کیا جاتا ہے جو کہ ہماری عزتوں کو تار تار کر رہے ہیں اور ایک بے بس بہن اپنی عافیہ کے لئے حکومت سے اپیل کرتی رہ جاتی ہے کہ "اگر صرف تین دن کے لئے نیٹو کے سپلائی لائن بند کر دی جائے تو آج عافیہ رہا ہو جائے"۔ لیکن اول و آخر پیٹ کے غلاموں کے لئے یہ عمل تو درکنار اس تصور سے بھی محروم ہیں کیوں کہ غلامی نے ان سے غیرت کی ہر علامت چھین لی ہے۔

غلامی کیا ہے؟ ذوقِ حسن زیبائی سے محرومی	جسے آزاد کہیں آزاد بندے ہے وہی زیبا
بھروسہ کر نہیں سکتے غلاموں کی بصیرت پر	کہ دنیا میں فقط مردانِ حر کی آنکھ ہے بینا

افسوس کہ مردان حر کو دہشت گرد قرار دے کر ہم نے اپنے دوستوں کو دور اور اپنے دشمنوں کو اپنا دوست سمجھ کر اپنی قومی حمیت کا بھی جنازہ نکال دیا ہے رہی اسلامی حمیت تو وہ کبھی اس طبقے کے پاس تھی ہی نہیں!!!

☆☆☆☆☆

کہاں ہیں عافیہ کے بھائی ؟؟؟

طلحہ رحیم

کیا ہم کفار کی نقالی چھوڑ کر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی پیروی کر سکیں گے؟ مغربی مکتب تو امت کے شاہینوں کو خاک بازی کا درس دے ہی رہے ہیں! کیا آج اقبالؒ کی وراثت کا امین، حرمتِ حرف کا پاس دار، کعبے کا حدی خواں' ان مذہبی راہ نماؤں کو بھی جھنجھوڑ سکے گا؟ کہ وہ اپنی بستیوں کو کرگسوں کا جہاں بنانے کی بجائے شاہینوں کا جہاں بنائیں! اپنے پیچھے چلنے والوں کو خاک بازی کا درس نہ دیں! خطرہ بھانپنے پر گلے پھاڑ کر (نعرے لگا کر) گھر سر پر اٹھا لینے والی مرغیوں کے ڈربے بنانے کی بجائے شیروں کی کچھار بنائیں! کیا آج کوئی کہہ سکے گا کہ غلاموں کی بصیرت قابل بھروسہ نہیں ہوتی؟ اقبالؒ نے واقعتاً حقیقت بیان کی تھی۔

؎ تھا جو ناخوب بتدریج وہی خوب ہوا
کہ غلامی میں بدل جاتا ہے قوموں کا ضمیر

یہود مدینہ نے مسلمان عورت کی آبرو کو ٹھیس پہنچائی تو سید الانس والجن (صلی اللہ علیہ وسلم) نے بنفس نفیس لشکر کی قیادت کی اور یہود کو ذلیل ورسوا کر دیا! راجہ داہر نے ایسی جسارت کی تو محمد بن قاسمؒ نے اس کی قوت وہیبت توڑ کر ذلیل وخوار کر دیا! عموریہ کے رومیوں نے یہ ناپاک جرات کی تو معتصم نے ان کی سطوت وشوکت کو پامال کر کے رکھ دیا! لیکن جوں جوں امت کے مضبوط حصار میں کمزوریاں درآتی رہیں توں توں خوب وناخوب کے معیارات بدلتے گئے۔ چنانچہ حالت اتنی دگرگوں ہوگئی کہ نورا اور فاطمہ جیسی امت کی ہزاروں عفت مآب بیٹیاں صلیبی کتوں کی قید میں چلی گئیں اور ہمیں خبر بھی نہ ہوئی، عرب مجاہدین کی باپردہ، امت کی چنیدہ اور رب کی برگزیدہ خواتین پاکستانی آئی ایس آئی نے صلیبی امریکہ کو بیچ دیں لیکن ہمارے کانوں پر جوں تک نہیں رینگی۔ جامعہ حفصہ میں قال اللہ وقال الرسول سیکھنے ولی ہزاروں طالبات شہید اور قید کر دی گئیں پھر بھی ہمارے شب وروز کی مصروفیات پر کوئی فرق نہ پڑا، کفار کے ملک میں شعائر اسلام کی محافظ، عزیمت کی راہی مروا الشربینی شہید کر دی گئیں، ہم نے آہ بھی نہ بھری اور اب سات سال ہونے کو آ گئے اور ہم' کفر کے رنگ میں رنگنے سے بچ جانے والی عفت مآب بہن عافیہ صدیقی کے لیے چوراہوں میں کھڑے ہو کر کفار کی نقالی میں اپنی سیاسی، جمہوری اور مذہبی سیاسی دکان داری چمکا رہے ہیں لیکن نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو کوئی اہمیت نہیں دے رہے۔

حالت اتنی دگرگوں ہوگئی کہ نورا اور فاطمہ جیسی امت کی ہزاروں عفت مآب بیٹیاں صلیبی کتوں کی قید میں چلی گئیں اور ہمیں خبر بھی نہ ہوئی، عرب مجاہدین کی باپردہ، امت کی چنیدہ اور رب کی برگزیدہ خواتین پاکستانی آئی ایس آئی نے صلیبی امریکہ کو بیچ دیں لیکن ہمارے کانوں پر جوں تک نہیں رینگی۔

اس سے تو بہتر تھا کہ ہم یہ کہہ کر گھر بیٹھ میں جاتے کہ ہاں عافیہ! اب امت کے اندر ابن قاسم اور معتصم جیسا سنت نبوی کو اہمیت دینے والا کوئی امتی باقی نہیں بچا، بجائے اس کے کہ چوراہوں، ریلیوں اور میڈیا پر اپنے بے سود نعروں، تجزیوں اور تبصروں کے ذریعے اپنی بہن کی عزت و ناموس کو مزید اچھالیں! کیا اپنی ماں، بہن، بیوی یا بیٹی کے بارے میں ہماری غیرت یہ تصور کر سکتی ہے کہ لوگ ہماری نظروں کے سامنے' اُن کی تصویریں' اُن کے ناموں کے پلے کارڈ اور بینر اٹھا کر جلسے جلوس نکالیں۔ تبصرے اور تجزیے کریں اور اپنی محفلوں کی گرمی کی خاطر ان کو موضوع سخن بنائیں......

آیئے! تصور کی آنکھ سے اس دور غلامی سے نکل کر اپنے اسلاف کی صحبت میں چلتے ہیں اور فقیہ امت، امام المجاہدین عبداللہ ابن مبارکؒ کے دل کی کیفیات پڑھتے ہیں تا کہ پتہ چلے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں سوچنے اور چلنے والے ہمارے اسلاف کے نزدیک استحکام، سالمیت اور سکون وقرار کے معیارات اور مفاہیم کیا تھے!

☆ کیف القرار و کیف یهدأ مسلم   والمسلمات مع العدو المعتدی

قرار کہاں ہے؟ اور ایک مسلمان پرسکون کیسے ہوسکتا ہے؟ جبکہ مسلمان عورتیں سرکش دشمن کی قید میں ہیں۔

☆ الضاربات خدودهن برنه   الداعیات نبیهن محمدﷺ

جو چیخ وپکار کے ساتھ اپنے رخسار پیٹتی ہیں اور اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو پکارتی ہیں

☆ القائلات اذا خشین فضیحة   جهد المقاله لیتنا لم نولد

ذلت ورسوائی کے خوف سے وہ سخت ترین بات کہتی ہیں کہ اے کاش! ہم پیدا ہی نہ ہوئی ہوتیں!

☆ ماتستطیع وماله من حیلة   الاالتستر من اخیها بالید

نہ وہ طاقت رکھتی ہیں اور نہ ہی کوئی حیلہ کر سکتی ہیں سوائے اس بات کے کہ ہاتھ کے ساتھ اپنے بھائی سے پردہ کریں (سیر اعلام النبلاء 408/8)

☆☆☆☆☆

پاکستان سے صلیبیوں کے لیے ترسیلِ رسد اور اُس کا سدباب

عبدالہادی

افغانستان میں جاری موجودہ جہاد میں کفار کی چوکھٹ پر سجدہ ریز نظامِ پاکستان نے صلیبی اقوام کا ساتھ دیا۔ 2001ء میں پاکستان نے امارتِ اسلامی افغانستان کو ختم کرنے اور لاکھوں فرزندانِ توحید کا خون بہانے کے لیے اپنے فضائی اڈوں سے 57 ہزار پروازیں اُڑانے کی سہولت فراہم کی۔ اسی پر اکتفا نہیں بلکہ گزشتہ نو سالوں سے نظامِ پاکستان، صلیبی افواج کو زندہ رہنے کے اسباب مسلسل مہیا کر رہا ہے۔ اس جنگ میں رسد کی بروقت فراہمی پاکستان ہی کی وجہ سے ممکن ہو پا رہی ہے۔ کفار کی صفوں میں کھڑا رہنے کے لیے نظامِ پاکستان اپنا تن من دھن اس صلیبی جنگ میں جھونک کر اپنے ارتداد پر مہرِ تصدیق ثبت کر رہا ہے۔

میدان جنگ میں جنگی رسد کی عدم فراہمی سے جنگوں کے پانسے پلٹا کرتے ہیں اور میدان جنگ کے نقشے تبدیل ہو جاتے ہیں۔ پاکستانی اور امریکی حکام کے مطابق اتحادی افواج کی ضروریات کا کم و بیش 80 سے 90 فی صد سامان پاکستان کے راستے افغانستان پہنچ رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کی صورت امریکی و اتحادی افواج کو جنگی رسد کی فراہمی میں ایک ہفتہ تعطل بھی صلیبی افواج کے لیے وقتِ آخر ثابت ہو سکتا ہے۔ جنگی ضروریات میں آکسیجن کی طرح اہم، رسد کی ایک ہفتہ کی اس رکاوٹ کی بدولت تمام فضائی و زمینی آپریشن معطل ہوں گے، کہ ایندھن کے بغیر نہ گاڑیاں متحرک ہو سکتی ہیں اور نہ جہاز۔ اور رسد میں یہ تعطل یقینی طور پر اتحادی افواج کو خوراک کی عدم دستیابی پر بھوکے مرنے پر مجبور کر سکتا ہے۔ پاکستان کے راستے، رسد کی آمدورفت شہ رگ کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کا اندازہ اس واقعے سے لگایا جا سکتا ہے کہ اگست 2008ء میں کراچی میں گڈز ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال سے صلیبی افواج اس قدر متاثر ہوئیں کہ دو روز بعد ہی کٹھ پتلی پاکستانی حکومت نے امریکی دباؤ پر ٹرانسپورٹرز کے تمام مطالبات تسلیم کر کے ہڑتال ختم کروائی۔

صلیبی افواج کی جنگی رسد بحری راستے سے کراچی کی بندرگاہ پر پہنچتی ہے۔ بعد ازاں فوری ترسیل کے سامان کو کنٹینرز اور بھاری گاڑیوں کے ذریعے افغانستان منتقل کیا جاتا ہے۔ جبکہ باقی ماندہ سامان کراچی ہی میں مختلف مقامات پر سٹور کیا جاتا ہے۔ رسد کے کنٹینرز مندرجہ ذیل دو بڑے راستوں میں سے کوئی ایک اختیار کرتے ہیں۔

۱۔ کراچی سے قندھار

ماڑی پور اڈا سے براستہ حب، بیلا، خضدار، قلات، مستونگ، کوئٹہ، بوستان، قلعہ عبداللہ، چمن، قندھار

۲۔ کراچی سے کابل

ماڑی پور اڈا سے براستہ (انڈس ہائی وے) کوٹری، حیدر آباد، راجن پور، مظفر گڑھ، میانوالی، تلہ گنگ، فتح جنگ، پشاور، جمرود، لنڈی کوتل، طورخم، کابل۔

مؤخر الذکر راستے میں رسدی ٹرک اور کنٹینر مظفر گڑھ سے تین مختلف راستے استعمال کرتے ہیں۔

مظفر گڑھ تا پشاور براستہ میانوالی، چکوال، تلہ گنگ، فتح جنگ / ترنول، پشاور

مظفر گڑھ تا پشاور براستہ جھنگ، چینیوٹ پنڈی بھٹیاں انٹرچینج (موٹروے) تا پشاور

مظفر گڑھ تا پشاور براستہ چکوال، بلکسر انٹرچینج (موٹروے) تا پشاور

یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ بھارت کے ساتھ ایک معاہدے کے تحت، بھارت سے پاکستان کے راستے صلیبی افواج کے لیے بسوں، خوراک اور دیگر اشیاء کی فراہمی کا ایک منصوبہ شروع کیا گیا۔ جس کے لیے سمندری راستے کے علاوہ، بھارت سے سیالکوٹ اور قصور سے پشاور، طورخم کا راستہ متعین کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔

جنگوں والے نبی الملاحم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت روزِ اول ہی سے اہل کفر سے نبرد آزما چلی آ رہی ہے۔ پھر بھلا اپنے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جاں نثار، جنگی حکمت عملی اور دشمن پر تاک تاک کر ضربیں لگانا کیونکر بھول سکتے ہیں۔ اپنے مقصد حیات سے آشنا، مادی وسائل سے تہی دامن مجاہدین مخلصین نے سرزمین خراسان میں، کفار اور ان کے حواریوں پر اپنے حملوں سے ثابت کر دیا ہے کہ وہ محض ایمان کی حلاوت کی بدولت بڑے بڑے سورماؤں سے ٹکرا کر انہیں پاش پاش کرنا جانتے ہیں۔ دین کے دشمنوں سے ان کے حملوں کو پسپا کرنے کے لیے دوبدو لڑائی ہو یا ان کے مورچوں پر دھاوا بولنا، اللہ کے شیروں نے محض اللہ کی مدد کے سہارے، ان کی ٹیکنالوجی کو مات دی ہے۔ مجاہدین فی سبیل اللہ، صلیبیوں کی رسد روکنے اور ان کی کمر توڑنے کے لیے مکمل منصوبہ بندی کے ساتھ تابڑ توڑ حملے کر رہے ہیں۔

مجاہدین نے افغانستان میں کم و بیش تمام اہم شاہراہوں اور راستوں پر اپنی گرفت مضبوط کرتے ہوئے لشکرِ ابلیس کے قافلوں کی مختلف مقامات پر درگت بناتے ہوئے ان کی رسد کو کاٹنا شروع کیا ہے۔ اتحادی افواج کی رسدی لکیر کو کاٹنے کے کام میں مجاہدین کی طرف سے سال 2008ء میں اس قدر تیزی آئی کہ لشکر کفار نے خون آشام انجام سے بچنے کے لیے متبادل راستوں پر سوچنا شروع کر دیا۔ لیکن متبادل تمام راستوں پر اٹھنے والے اخراجات کے تخمینوں نے انہیں دن میں تارے دکھا دیے۔ الحمد للہ مجاہدین مکمل یکسوئی کے ساتھ دشمن کی فوج کے رسدی قافلوں پر نظر رکھنے، ان پر حملے کر کے ان کی جنگی ضروریات کی فراہمی میں تعطل ڈالنے اور انہی کی جنگی رسد کو غنیمت کر کے اپنی ضروریات پوری کر کے سنتِ اسلاف کو زندہ کیے ہوئے ہیں۔

ذیل میں مجاہدین فی سبیل اللہ کی جانب سے صلیبی افواج کی رسد پر کیے جانے والے مارچ 2008ء سے فروری 2010ء تک کے حملوں کا جائزہ پیش خدمت ہے۔ ان حملوں نے جہاں مجاہدین پر اللہ رب العزت کی غیبی نصرت کے مناظر عیاں کیے ہیں، وہیں اس راز سے پردہ ہٹا ہے کہ مجاہدین اس فرمان ربانی پر عمل پیرا ہوتے ہوئے اپنے اہداف سے متعلق کس قدر یکسو ہیں۔

قَاتِلُوهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِأَيْدِيكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ (التوبہ۔14) ان سے قتال کرو، اللہ تعالیٰ تمہارے ہاتھوں انہیں عذاب دے گا، انہیں ذلیل و رسوا کرے گا، تمہیں ان پر نصرت دے گا اور اہل ایمان کے کلیجے ٹھنڈے کرے گا۔

ترسیل رسد براستہ کراچی تا بلوچستان:

☆اتحادی افواج کو رسد کی فراہمی میں سے تقریباً ایک چوتھائی حصہ جنوب میں ہائی وے این ۔25 کے راستے پہنچایا جاتا ہے۔

☆اس روٹ پر مجاہدین کی طرف سے حملوں میں سے نسبتاً بڑے حملے درج ذیل ہیں۔

......10 مارچ 2008ء کو سہراب گوٹھ کے قریب مجاہدین نے چار ٹرکوں کو گھیر لیا، ایک آئل ٹینکر کو آگ لگا دی اور بقیہ 3 ٹرکوں کا سامان غنیمت کرلیا۔

......17 دسمبر 2008ء کو مجاہدین نے صلیبیوں کو رسد فراہم کرنے والے ایک آئل ٹینکر پر حملہ کر کے 60 ہزار لیٹر پٹرول ضائع کر دیا۔

......10 جنوری 2009ء کو مجاہدین نے چمن بارڈر کے قریب ایک بیریئر پر قبضہ کرلیا۔ جس کی بدولت چار روز کے لیے اتحادی افواج کی رسد بند ہوگئی۔

......18 مارچ 2009ء کو موٹر سائیکل سوار دو مجاہدین نے صلیبی افواج کے لیے انجینئرنگ سامان لے جانے والے ٹرک پر دستی بموں سے حملہ کر دیا۔ حملہ اس قدر اچانک تھا کہ ٹرک کے عملے کو اپنے بچاؤ کا موقع بھی نہ مل سکا۔ ٹرک مکمل طور پر تباہ اور عملہ ہلاک ہوگیا۔

......2 جون 2009ء کو مجاہدین نے چمن بارڈر کے قریب ایک بائی پاس پر گھات لگا کر 3 کنٹینر تباہ کر دیے۔ بعدازاں مقامی پولیس سے فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس کے نتیجے میں ایک پولیس افسر زخمی جبکہ دو سپاہی ہلاک ہوگئے ۔

......31 اگست 2009ء راکٹ بردار سرفروش مجاہدین نے بارڈر کے بالکل قریب صلیبی افواج کی رسد کے قافلے پر انتہائی منظّم حملہ کیا۔ قافلے کو چاروں اطراف سے گھیرتے ہوئے راکٹ داغے گئے جس کے نتیجے میں 25 کنٹینر، آئل ٹینکر تباہ ہوگئے جبکہ ٹریلرز پر موجود متعدد فوجی گاڑیاں تباہ ہوگئیں۔

......9 ستمبر 2009ء چار مجاہدین نے نیٹو کے 8 آئل ٹینکر اس وقت جلا دیے جب وہ افغان بارڈر سے اختر آباد کی طرف جارہے تھے۔ تمام ٹینکروں کا عملہ ٹینکروں کو جلتا چھوڑ کر بھاگ گیا۔

......20 نومبر 2009ء کو موٹر سائیکلوں پر سوار مجاہدین نے مستونگ شہر سے کچھ فاصلے پر ۲ ٹینکروں پر قبضہ کرلیا اور ڈرائیوروں سمیت عملے کو محفوظ مقامات کی طرف لے گئے۔

......24 نومبر 2009ء کو مجاہدین نے ضلع جعفر آباد میں شام کے وقت نیٹو کے 15 آئل ٹینکروں پر مشتمل قافلے پر دھاوا بول دیا۔ فائرنگ سے 4 ٹینکروں میں آگ لگ گئی۔ جس نے دیکھتے ہی دیکھتے باقی ماندہ ٹینکروں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا۔

......8 دسمبر 2009ء کو مجاہدین نے کنٹینر پر حملہ کر کے کنٹینر تباہ کر دیا۔

......30 دسمبر 2010ء سبی کے قریب تیل لے جانے والے دو ٹینکروں پر بم حملے ۔ایک ٹینکر تباہ اور ڈرائیور زخمی جبکہ دوسرے ٹینکر پر پھینکا جانے والا دستی بم پھٹ نہ سکا۔

......11 جنوری 2010ء کو مجاہدین نے خضدار کے قریب ایک ٹرالر کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا۔

......22 جنوری 2010ء کو کراچی کے علاقے سائٹ میں 3 کنٹینرز پر حملہ۔ انتظامیہ کی آمد سے قبل کنٹینرز میں آگ بھڑک اٹھی۔ جس سے ایک کنٹینر مکمل تباہ ہوگیا۔

......30 جنوری 2010ء علی مسجد کے قریب آئل ٹینکر تباہ۔ ٹینکر میں موجود 50 ہزار لٹر تیل ضائع ہوگیا۔

......4 فروری 2010ء مستونگ کے علاقے لک پاس کے قریب کنٹینر پر حملے میں کنٹینر تباہ اور ڈرائیور ہلاک ہوگیا۔

......10 فروری 2010ء چمن میں گڑنگ چیک پوسٹ کے قریب تیل لے جانے والے ٹینکرز پر حملہ کر کے ہزاروں لٹر تیل ضائع کر دیا گیا۔

......10 فروری 2010ء ماڑی پور سے روانہ ہونے والے ایک ٹرالر کو ناردن بائی پاس کے قریب عملہ سمیت اغوا کرلیا گیا۔ ٹرالر سے تمام سامان غنیمت کر لینے کے دو گھنٹوں بعد ڈرائیور / کلینر کو خالی ٹرالر کے ساتھ ایک ویران جگہ پر چھوڑ دیا گیا۔

......19 فروری 2010ء کو خضدار کے علاقے میں ریموٹ کنٹرول بم حملے سے کنٹینر تباہ

ترسیل رسد براستہ پشاور:

☆طاغوتی نظام پاکستان کے ذریعے، صلیبی افواج کے لیے رسد کی فراہمی کا یہ سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ اس راستے سے کل سپلائی کا 75 فی صد افغانستان بھیجا جاتا ہے۔ اس راستے پر مجاہدین کی طرف سے نسبتاً بڑے حملوں کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

......23 مارچ 2008ء کو مجاہدین نے طورخم بارڈر پر مختلف اطراف سے وقفے وقفے سے بھرپور حملے کیے۔ جس کے نتیجے میں 40 آئل ٹیکر تباہ ہوگئے۔ تیل کے تیز آلاؤ کی وجہ سے ٹینکروں کے عملے میں 50 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے۔ آگ کو بجھانے میں 18 گھنٹوں سے بھی زیادہ وقت لگا۔

......10 نومبر 2008ء کو ساٹھ مجاہدین نے خیبر ٹنل کے قریب 13 کنٹینروں اور ایک امریکی ہموی گاڑی پر مشتمل رسد قافلے کو ایک فائر کیے بغیر اغوا کرلیا۔

......7 دسمبر 2008ء کو پشاور میں 200 سے 300 مجاہدین نے آر پی جی اور مشین گنوں کے ساتھ پورٹ لاجسٹک ٹرمینل پر حملہ کر دیا۔ مجاہدین نے پورٹ کے داخلی راستوں کو آر پی جی راکٹ فائر کر کے تباہ کیا اور اس کے بعد پورٹ میں موجود 220 کنٹینر اور 106 نیٹو گاڑیوں کو تباہ کر دیا۔

......7 دسمبر 2008ء کو ہی پشاور میں مجاہدین نے الفیصل ٹرمینل پر حملہ کر کے 62 ہموی اور دیگر گاڑیوں کو تباہ کر دیا۔

......11 دسمبر 2008ء کو پشاور میں شام کے وقت مجاہدین نے بلال ٹرمینل پر پٹرول بموں کے ذریعے حملہ کر دیا۔ جس کے نتیجے میں دو رسدی ٹرک تباہ ہوگئے۔

......11 دسمبر 2008ء کو ہی پشاور کے ورلڈ لاجسٹک ٹرمینل واقع پشتخرہ میں مجاہدین نے راکٹ فائر کر کے اتحادی فوج کو سپلائی کے 12 کنٹینر تباہ کر دیے۔

......13 دسمبر 2008ء کو رنگ روڈ پشاور میں بلال ٹرمینل پر مجاہدین نے آگ لگا دی۔ جس کے نتیجے میں 11 ٹرک اور 13 کنٹینر جل کر تباہ ہوگئے۔

......17 دسمبر 2008ء کو پشاور سے خیبر روٹ کی طرف جاتے ہوئے 150 گاڑیوں کے کانوائے پر مجاہدین نے آر پی جی راکٹوں سے حملہ کر دیا۔

......13 جنوری 2009ء مجاہدین نے پشاور میں نیٹو ٹرمینل پر حملہ کر کے ٹرمینل کو تباہ کر دیا۔

......3 مارچ 2009ء نیو پشاور میں مجاہدین نے اتحادی رسد کے روٹ پر واقع پل کو ریموٹ بم دھماکے سے اڑا دیا۔

......15 مارچ 2009ء پشاور میں 40 طالبان مجاہدین نے پاک افغان کنٹینر ٹرمینل پر گھات لگا کر اسے تباہ کر دیا۔

......16 مارچ 2009ء پشاور میں 50 سے 60 مجاہدین نے گھات لگا کر الفیصل ٹرمینل میں کھڑے 30 کنٹینرز اور گاڑیاں تباہ کر دی۔

......20 مارچ 2009ء کو لنڈی کوتل میں مجاہدین نے فرنٹیئر کور سیکیورٹی برائے اتحادی رسد پر 5 راکٹوں اور مشین گنوں سے حملہ آور ہو کر 10 سیکیورٹی اہل کاروں کو ہلاک اور 32 کو شدید زخمی کر دیا۔

......27 مارچ 2009ء کو مجاہدین نے خیبر ٹرمینل کے قریب ایک پل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا۔

......27 مارچ 2009ء کو ہی 12 مجاہدین نے پشاور کے فرہاد ٹرمینل پر راکٹ فائر کر کے 12 کنٹینرز اور متعدد ٹرک تباہ کر دیے۔

......4 اپریل 2009ء کو مجاہدین نے پشاور میں واقع پورٹ لاجسٹکس سپلائی ٹرمینل پر آر پی جی راکٹوں سے حملہ کر دیا جس کے نتیجے میں 9 گاڑیاں تباہ ہو گئیں۔ پولیس کے وہاں پہنچنے سے قبل مجاہدین محفوظ مقامات کی طرف روانہ ہو چکے تھے۔

......10 مارچ 2009ء کو چمکنی کے علاقے میں مجاہدین نے نیٹو رسدی قافلے کے 6 کنٹینرز کے نیچے دھماکہ خیز مواد نصب کر دیا جس کے نتیجے میں تمام کنٹینرز تباہ ہو گئے۔

......12 اپریل 2009ء کو مجاہدین نے پشاور میں پاک افغان اور فضل ربی ٹرمینل پر حملہ کر کے 10 کنٹینرز کو آگ لگا دی۔ یاد رہے یہ کنٹینرز خود کار اسلحہ اور راکٹ پروپلڈ گرنیڈ (آر پی جی) سے بھرے ہوئے تھے۔ مجاہدین مقدور بھر اسلحہ غنیمت کرنے میں بھی کامیاب رہے۔

......23 اپریل 2009ء کو مجاہدین نے پشاور میں ایک ٹرمینل سے نکلنے والے رسدی قافلے پر حملہ کر کے 6 آئل ٹینکروں اور متعدد گاڑیوں کو تباہ کر دیا۔

......17 جولائی 2009ء کو مجاہدین نے خیبر ایجنسی کے علاقے میں بارودی سرنگ بچھا کر نیٹو کے دو رسدی آئل ٹینکروں کو جلا دیا۔

......19 اگست 2009ء کو مجاہدین نے خیبر ایجنسی میں نیٹو کے لیے پٹرول لے جانے والے دو ٹینکروں کو اس وقت تباہ کر دیا جب وہ افغانستان کی سرحد میں داخل ہونے والے تھے۔

......9 اکتوبر 2009ء کو 20 مجاہدین نے اتحادی فوج کے لیے رسد لے جانے والے 6 ٹینکروں کو پشاور کے قریب تباہ کر دیا۔ مجاہدین نے یہ کارروائی پُو پھوٹنے سے قبل ایک ویرانے میں کی گئی۔

......25 نومبر 2009ء کو مجاہدین نے ایک گھات لگا کر نیٹو کی رسد لے جانے والے ایک ٹینکر کو تباہ کر دیا۔ مجاہدین نے پہلے ٹینکر کے عملے کو ٹینکر چھوڑ کر بھاگ جانے کا حکم دیا بعد ازاں ٹینکر پر پٹرول چھڑک کر آگ لگا دی۔ جس سے مکمل طور پر تباہ ہو گیا۔

......30 جنوری 2010ء کو طورخم بارڈر سے 15 کلومیٹر دور ماروک کے مقام پر مجاہدین نے ناٹو کے لیے رسد لے جانے والے قافلے پر حملہ کر دیا۔ جس کے نتیجے میں آئل ٹینکروں کو آگ لگ گئی اور قافلے میں شامل کنٹینرز تباہ ہو گئے۔

......2 فروری 2010ء چمکنی میں رنگ روڈ پر اتحادی فوج کے تیل کے ٹینکر حملے میں تباہ۔

مجاہدین کی طرف سے گزشتہ دو سالوں میں اتحادی فوج کے رسدی قافلوں پر ہونے والے حملوں میں کفار کے ہونے والے نقصان کا تخمینہ حسب ذیل ہے۔ یاد رہے کہ کفار کے لیے انٹیلی جنس شیئرنگ کے اداروں' برطانوی تحقیقی ادارے ٹائم آن لائن، امریکی ادارے 'سٹرٹ فار گلوبل انٹیلی جنس'، ناٹو افواج کے شعبہ NAMSA، امریکی دفاعی تحقیقی ادارے رینڈ کارپوریشن اور کئی دیگر صلیبی مراکز دانش وفکر نے بھی کم وبیش انہی اعداد و شمار کا اعتراف اور تصدیق کی ہے۔

کفار کے ہونے والا نقصان:

تباہ کیے جانے والے آئل ٹینکر، کنٹینرز اور دیگر عسکری گاڑیاں (ہموی وغیرہ)۔ 1380

اغوا کیے جانے والے کنٹینرز، ٹرک وغیرہ.................................... 114

گزشتہ دو سالوں میں مجاہدین فی سبیل اللہ کی جانب سے صلیبی رسدی قافلوں پر ہونے والے مذکورہ بالا حملے دراصل وہ حقائق ہیں کہ جن کی تصدیق مغربی ذرائع ابلاغ اور ان کے غلام پاکستانی میڈیا اور خود صلیبی افواج نے بھی کی۔ ان حملوں کے علاوہ رسدی قافلوں پر حملوں کی ایک طویل فہرست ایسی بھی مرتب کی جاسکتی ہے کہ جن کو مغربی اور پاکستانی ذرائع ابلاغ نے صلیب کی 'محبت' اور اس کے در کی چاکری کے شوق میں عامتہ الناس پر ظاہر نہیں ہونے دیا۔ اس سب کے باوجود کہ مجاہدین' تہی داماں ہیں، گولہ بارود کے انبار نہیں رکھتے، انہوں عصر حاضر کی کم وبیش تمام کفری اور الحادی قوموں کے اس صلیبی اتحاد اور اس کے سجدہ ریز مسلم سرزمین کے حکمرانوں کو ناکوں چنے چبوا دیے ہیں۔ اللہ رب العزت کی تائید غیبی سے' مومنانہ بصیرت رکھنے والے مجاہدین فی سبیل اللہ نے جنگی فہم وفراست کی وہ مثال قائم کی ہے کہ پورا عالمِ کفر لرزا بر اندام ہے۔ اور اللہ کے یہ شیر 'نحن انصار اللہ' کا علم بلند کیے یہی صدا لگا رہے ہیں کہ

پاکستانی اور امریکی حکام کے مطابق اتحادی افواج کی ضروریات کا کم و بیش 80 سے 90 فی صد سامان پاکستان کے راستے افغانستان پہنچ رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کی صورت امریکی واتحادی افواج کو جنگی رسد کی فراہمی میں ایک ہفتہ تعطل بھی صلیبی افواج کے لیے وقتِ آخر ثابت ہوسکتا ہے۔

لوگ بیان دیتے ہیں

بول! کہ سب سچ ہے

اپنا 'جرم' ثابت ہے

جو کیا بہت کم تھا

صرف یہ ندامت ہے

کاش وقت لوٹ آئے

حق ادا ہوا کب ہے

یہ کرو اضافہ اب

جب تلک ہے، دم میں دم

پھر وہی کریں گے ہم، پھر وہی کریں گے ہم

☆☆☆☆☆

مسلمانوں کا خون بہانے میں ہم کفار سے زیادہ پیش پیش ہیں

موسیٰ محمد عثمانی

عصری صلیبی جنگ نے کفر و نفاق، اسلام اور مسلمان دشمنی کو چھپانے کے لیے اوڑھے جانے والے لبادوں کو تار تار کر دیا ہے۔ چنانچہ جب حالات کا منظر نامہ مجسم سوال بن کر گویا ہوا کہ

ے اُدھر ہے شیطاں اِدھر خدا ہے
بتاؤ تم کس کا ساتھ دو گے

تو حزب الرحمٰن کو چھوڑ کر حزب الشیطان کی طرف لپکنے والوں کے ''ایمان، تقویٰ اور جہاد فی سبیل اللہ'' کے منافقانہ نعرے کی قلعی بھی کھل گئی۔ اہل بصیرت کے نزدیک' کافر سپہ سالار اعظم (جنرل گریسی) کی سربراہی میں ترتیب و تشکیل پانے والی اس فوج کے ''روشن ماضی'' کی (گواہیوں) کی بدولت امریکی تابع داری کا فیصلہ کسی اچنبے کی بات نہیں تھی۔ ایسا کرنا تو ان کی خوئے غلامی کا اولین تقاضا تھا کیونکہ یہ اس شاہی ہندی فوج (Royal Indian army) کا تسلسل ہے جس کا اول و آخر مقصد مسلمانوں کا قتل عام ہے۔

''ایمان، تقویٰ اور جہاد فی سبیل اللہ'' کے نعرے کے باوجود پاکستانی فوج کے ''امرائے جہاد'' (جرنیلوں اور افسروں) کے ذاتی اور باہمی زندگی کے کرتوت اتنے سیاہ اور قبیح ہیں کہ ان کو مندرجہ ذیل مصرع کا مصداق بھی نہیں ٹھہرایا جا سکتا

ے چہرہ روشن اندروں چنگیز سے تاریک تر

ان کی اصل حقیقت تو یہ قرآنی آیت ہی بیان کر سکتی ہے۔ ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْض (ظلمتوں پر ظلمتیں ہیں)۔

دنیا بھر کے مسلمانوں پر عالمی کفر کی زیادتیوں کے بدلے میں جب مجاہدین نے نو گیارہ (9/11) کے مبارک حملے کیے اور طاقت کے نشے میں چور امریکہ بدمست ہاتھی کی طرح افغانستان پر حملہ آور ہوا تو ان حالات میں بلاد اسلامیہ کی حکومتوں اور افواج کے بارے میں اس کی بنائی گئی (Stick and Carrot) 'چھڑی اور گاجر' کی پالیسی میں سے پاکستانی فوج حکومت نے چھڑی بلکہ چھڑی کی دھمکی پر ہی غلام بے دام کی طرح عزت و آبرو سمیت سب کچھ گروی رکھ دیا۔ چنانچہ ''غیرت'' کو گھر سے رخصت کرنے کے بعد ہر منزل آسان ہو گئی۔

مسلمانوں کے ''محافظ'' (جو پہلے بھی محافظ نہیں تھے) سے ڈاکو اور دشمن بننے میں ایک فون کال کے چند منٹ لگے۔ چنانچہ اُس کے بعد Do more کی ڈانٹ کے ساتھ امریکی غلام پاکستانی فوج اپنے کفر میں روز بروز بڑھتی گئی۔ فوج کے اپنی کارگزاریوں کے اعتراف سے قبل نوید بٹ کی تحریر بعنوان The Fascist Army سے ایک اقتباس ملاحظہ کیجیے۔

''پاکستانی عوام اپنی مسلح افواج کے ہاتھوں مصائب کا شکار رہی ہے۔ قومی سطح پر ایک مافیا کی حیثیت رکھنے والے جرنیلوں کے گروہ نے آزاد پاکستان کے تصور کو گہنا دیا ہے۔ کیل کانٹے سے لیس یہ فوج ملک کے اسّی (80) فی صد وسائل پر قابض ہے۔ 1971 میں مشرقی پاکستان میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی کرتے ہوئے تاریخ کے بدترین جرائم کا ارتکاب اور 30 لاکھ افراد کے قتل کا سبب بننے والی اس فوج نے انتہائی شرم ناک انداز میں ہتھیار ڈال دیے۔ 6 دہائیوں کے اندر یہ فوج ایک منظم جرائم پیشہ گروہ بن چکی ہے''۔ (www.thefascistarmy.org)

مسلمانوں کا خون بہانے میں کفار کی نسبت اس فوج کے پیش پیش ہونے کی جب بات کی جاتی ہے تو یہ کوئی بے دلیل دعویٰ ہرگز نہیں ہوتا بلکہ اس پر تو اسی ناپاک فوج کے سپہ سالاروں اور جرنیلوں کے فخریہ بیانات بھی دلالت ہیں۔ جن میں سے چند یہ ہیں۔

پرویز مشرف نے کہا تھا ''امریکہ ہم پر الزام لگاتا ہے کہ ہم نے کچھ نہیں کیا، تو پھر کون ہے جو کر رہا ہے؟ ہم تو فرنٹ لائن پر دہشت گردی کے خلاف لڑ رہے ہیں اور سب سے زیادہ القاعدہ اور طالبان کے دہشت گردوں کو پکڑ اور مار رہے ہیں اور قربانیاں دے رہے ہیں''۔

ایک غیر ملکی ابلاغی ادارے کو انٹرویو دیتے ہوئے جنرل ناصر جنجوعہ نے کہا ''میں آپ سے بیان نہیں کر سکتا کہ ایک فوجی جرنیل کے لیے یہ بات کتنی پریشان کن ہے کہ جب ہم قربانیاں پیش کرتے ہیں تو لوگ انتہائی بے اعتنائی سے نظریں چرا لیتے ہیں۔ سوتیلے بھائی کا تصور تو ملتا ہے مگر یہ کبھی نہیں سنا کہ دوستی بھی آدھی، پونی کی جاتی ہے۔ ہم ایک اتحاد کا حصہ ہیں اور ہم اکٹھے مل کر دہشت گردی کے ایک عالمی تصور کے خلاف لڑ رہے ہیں۔ ہم سب سے زیادہ نقصان اٹھا رہے ہیں۔ ہم اپنا سب کچھ پیش کر چکے ہیں، ہم سب سے زیادہ گرفتاریاں کر چکے ہیں، کسی اور سے بھی بڑھ کر اور ہم یہ قربانیاں دنیا کے لیے پیش کر رہے ہیں۔

(مغرب کا تاریک مستقبل، CD-2)

فوج کے تعلقات عامہ (ISPR) کی رپورٹ، جس میں اعداد و شمار پوری طرح درست نہیں ہیں، میں اعتراف کیا گیا ہے کہ تقریباً 22 ہزار افراد اب تک شہید ہو چکے ہیں۔

جنرل شجاع نواز نے کہا ''امریکی فوجی نے جتنے دہشت گرد افغانستان میں مارے ہیں ہم نے صرف سوات میں اس سے کہیں زیادہ دہشت گرد مارے ہیں۔''

(How to help Pakistan, by Shuja Nawaz, Dated 20 Oct, 09)

''ڈبل گیم کا الزام غلط ہے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہماری قربانیاں امریکا اور نیٹو سے زیادہ ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں 2 ہزار 273 افسر اور جوان شہید ہو چکے ہیں جبکہ 6 ہزار 512 جوان زخمی ہوئے۔ افسران میں ایک تھری سٹار جنرل، 2 ٹو سٹار جنرل، 5 بریگیڈیئر شامل ہیں۔ اس جنگ میں 73 انٹیلی جنس افسران پاکستان میں شہید ہو چکے ہیں جبکہ 11 افسران افغانستان میں شہید ہوئے جبکہ افغانستان میں 8 سال کے دوران اتحادی افواج کی 1582 ہلاکتیں ہوئیں''۔ (روزنامہ جنگ 3 فروری 2010ء)

اسی ضمن میں غیر ملکی ابلاغی ادارے "PBS" کی وڈیو ڈاکومنٹری ''Why Democracy'' کا ایک حوالہ ملاحظہ فرمائیں۔

''دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اب (2008) تک 83,000 دہشت گرد گرفتاری اور تشدد کے عمل سے گزرے ہیں، جن میں سے صرف 7 فی صد کو امریکی فورسز نے براہ راست پکڑا ہے۔ باقی 93 فی صد لوگوں کو پاکستانی اور افغان فوج نے گرفتار کیا ہے''۔

امریکی صدر بش لال مسجد آپریشن کے بعد ان الفاظ میں اس بہیمانہ کارروائی کی توثیق و تحسین کرتا ہے ''پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد میں شدت پسندوں کے خلاف یہ آپریشن امریکی جنگ کا ہی ایک اہم محاذ تھا''۔

اس فاشسٹ اور دہشت گرد فوج نے پاکستان میں جو دہشت گردی کی اور افغانستان میں ہونے والی دہشت گردی میں جو تعاون کیا، اس کی ایک جھلک اختصار کے ساتھ ملاحظہ کیجیے۔

O اسلام کے نام پر بننے والے اس ملک کے ساتھ شریعت کی خاطر الحاق کرنے والے قبائلیوں نے 1948 میں جب وانا کے اندر نفاذ شریعت کے مطالبے کے لیے جلوس نکالا تو رائل انڈین آرمی کے تسلسل کی کڑی' کا فرسپہ سالار کی سربراہی میں کام کرنے والی اس فوج نے جلسے پر بم باری کر کے سیکڑوں مسلمانوں کو شہید کر دیا۔

O تحریک ختم نبوت کے دوران قتل و غارت گری کی وارداتوں میں کئی مسلمانوں کو شہید کر دیا گیا۔

O 1971 میں مشرقی پاکستان میں مسلمانوں کا قتل عام کیا اور ہزاروں خواتین کی عصمت دری کی، یہاں تک کہ 13، 13 سال کی معصوم بچیوں نے بھی ان ناپاک فوجیوں کے بچوں کو جنم دیا۔

O جب بیروت میں فلسطینی مہاجر کیمپ پر بم باری کر کے ہزاروں فلسطینی مسلمان پناہ گزینوں کو شہید کر دیا گیا تو اُس وقت وہاں پر انچارج بریگیڈیئر ضیاءالحق (بعد کا صدر) تھا۔

O بلوچستان میں حالات کو موجودہ نہج پر لانے کا اصل محرک حقوق کی خاطر آواز اٹھانے والے بلوچوں کا اس فوج کے ہاتھوں قتل عام تھا۔

O 2001 میں جب صلیبی امریکہ نے امارت اسلامیہ افغانستان پر حملہ کرنا چاہا تو اس فوج نے مسلمانوں کو شہید کرنے کے لیے امریکہ کو زمینی، فضائی اور بحری اڈے فراہم کیے، جہاں سے پہلے ایک سال میں 57 ہزار فضائی حملے افغانستان پر کیے گئے۔ اس دوران میں سمندری حدود سے داغے جانے والے کیمیائی ہتھیاروں سے لیس میزائل علیحدہ ہیں۔

☆ پاکستانی فوج نے اپنے متعین کردہ اہداف پر امریکی جاسوس طیاروں سے اب تک 100 سے زاید حملے کروائے ہیں جن میں ایک ہزار سے زاید مسلمان شہید ہو چکے ہیں۔

O لال مسجد میں اسلامی نظام کے نفاذ کا مطالبہ کرنے والے علماوطلبا سمیت قال اللہ و قال الرسول سیکھنے والی ہزاروں طالبات اس ناپاک فوج نے شہید کر دیں جبکہ 1500 سے زاید طالبات غائب کر دیں گئیں جو کہ اب تک ان ناپاک فوجیوں کی قید میں صعوبتیں جھیل رہی ہیں۔

O اہل حق کو اگر بزور طاقت نہ دبایا جا سکے تو روز اول سے کفر و طاغوت کا آخری حربہ ان کو بدنام کرنے کا ہوتا ہے لہٰذا وزیر داخلہ رحمان ملک اپنے اس منصوبے ''ہم انتہا پسندوں کو تنہا کر دیں گے'' جس کا اظہار اس نے 22 اگست 2008 کو کیا تھا پورا کرنے کے لیے مجاہدین کو بدنام کرنے کے درپے ہے۔ اس کام میں اس کی مدد CIA اور Black Water کر رہی ہیں۔ جن کے ''تابناک'' ماضی کے بارے میں ایسے کئی شواہد موجود ہیں۔ لہٰذا ناپاک فوج نے امریکی اداروں کے ساتھ مل کر مجاہدین کو بدنام کرنے کے لیے مساجد، بازاروں اور چھوٹے بڑے عوامی اجتماعات پر دھماکے کروا کر ہزاروں مسلمانوں کو اب تک شہید کر دیا ہے۔

O مسلمانوں کا خون بہاتے رہنے کو ممکن بنانے کے لیے نیٹو افواج کے لیے 2001 سے تا حال روزانہ 400 ٹرالر اسلحہ، خوراک اور ایندھن لے کر کراچی سے طورخم بارڈر تک بحفاظت افغانستان پہنچائے جا رہے ہیں۔

O افغانستان پر صلیبی حملے کے بعد جب مجاہدین نے پاکستان کی طرف ہجرت کی اور پاکستان کے اہل ایمان نے ان کی مدد و نصرت کی تو اس فوج اور اس کے خفیہ اداروں نے اللہ کے ان اولیا پر زمین تنگ کرنے کی مقدور بھر کوشش کی۔ ہزاروں مجاہدین کو گرفتاری اور تعذیب و تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور بہت سوں کو شہید کر دیا گیا۔ تورا بورا کے قریب پاکستانی سرحد پار کر کے پناہ حاصل کرنے والے مجاہدین کی قبریں آج بھی اس بات پر گواہ ہیں۔

O اس سب پر بھی صلیبی غلام فوج کے کفری جذبے کو تسکین نہ ہوئی تو اس نے سال 2004 میں اپنے اسی ہزار (80,000) فوجیوں کو افغان سرحد سے ملحقہ علاقوں میں مسلمانوں کے قتل عام کے لیے تعینات کر دیا۔

O امریکی ایما پر سوات اور ملاکنڈ میں آپریشن کر کے لاکھوں مسلمانوں کو بے گھر اور ہزاروں کو شہید کر دیا۔

O حالیہ جنوبی وزیرستان آپریشن میں بھی ہزاروں مسلمانوں کو شہید کیا جا چکا ہے۔ آپریشن کے دوران کی گئی کارروائیوں میں امریکی B-52 طیارے اور ہمرز (امریکی فوجی گاڑیاں) بھی مسلمانوں کو مسلسل نشانہ بنا رہے ہیں۔

O اورکزئی، باجوڑ، خیبر ایجنسی میں بھی مدت سے جاری آپریشنوں میں اب تک ہزاروں مسلمانوں کو شہید کیا جا چکا ہے۔

O فوج کے تعلقات عامہ (ISPR) کی رپورٹ، جس میں اعداد و شمار پوری طرح درست نہیں ہیں، میں اعتراف کیا گیا ہے کہ تقریباً 22 ہزار افراد اب تک شہید ہو چکے ہیں۔

برسلز میں نیٹو ہیڈ کوارٹر میں غلام اشفاق کیانی کی بریفنگ کا خلاصہ یہ ہے کہ (بقیہ صفحہ 37 پر)

پرویز مشرف نے کہا تھا ''امریکہ ہم پر الزام لگاتا ہے کہ ہم نے کچھ نہیں کیا، تو پھر کون ہے جو کر رہا ہے؟ ہم تو فرنٹ لائن پر دہشت گردی کے خلاف لڑ رہے ہیں اور سب سے زیادہ القاعدہ اور طالبان کے دہشت گردوں کو پکڑ اور مار رہے ہیں اور قربانیاں دے رہے ہیں''۔

''وطن کے شہیدوں'' کے استادوں کی ''شہادت''

خباب اسماعیل

3 فروری 2010ء کو ضلع دیر پائیں کی تحصیل بلام بٹ کے علاقے حاجی آباد کوٹ شاہ کے قریب 5 گاڑیوں پر مشتمل پاکستان کے سیکورٹی قافلے کو ایک زور دار بم دھماکے کی مدد سے اُڑا دیا گیا۔اس 'بزدلانہ' دھماکے کے نتیجے میں 'وطن' کے 5 'جاں باز' اپنے 3 امریکی 'استادوں' سمیت 'شہید' ہو گئے ۔ کچھ ذرائع کے مطابق 'شہید' ہونے والے امریکی استادوں کی تعداد 7 تھی ۔جن میں امریکی ادارے کے 4 ڈائریکٹر اوران کے محافظ 3 میرینز شامل تھے۔(یقین ہے جہنم کے دربان ان کی 'خدمت' کے لیے کمربستہ ہوں گے)۔'سرفروشی' کے اس مظاہرے میں 'پاک' فوج کے 'بہادر' کرنل ندیم اپنے 2 امریکی 'استادوں' سمیت شدید زخمی ہوگئے (اللہ سبحانہ انہیں بھی جلد اپنے پیروؤں سے جا ملنے کی 'سعادت' عطافرمائیں)۔دوسری جانب 'دہشت گردوں' کے ترجمان اعظم طارق نے واقعہ کی ذمہ داری قبول کرلی اور کہا کہ ہم نے پشاور بازار میں ہونے والے بم دھماکوں کے ذمہ داروں سے بدلہ لیا ہے۔

واقعہ کی تفصیل کچھ یوں ہے کہ امریکی ادارے یوایس ایڈ نے پاکستانیوں کی 'فلاح' کے عظیم منصوبے 'لڑکیوں' کی 'خصوصی' تعلیم وتربیت کے لیے ملک کے دوسرے حصوں کی طرح سوات اور دیر کی عوام پر بھی 'اعتدال پسندی' اور 'روشن خیالی' کے روشن ابواب عیاں کرنے کے لیے 'تعلیمی' اداروں کے 'جال' بچھانے شروع کیے۔'وطن' کی تاریخ کے اس 'منحوس' دن پاک فوج کے 'جاں باز' 'اپنے' شیر دل' کرنل کی معیت میں اپنے استادوں کو ایک ایسے ہی تعلیمی ادارے کے افتتاح کے لیے لے کر جارہے تھے۔کہ 'وطن' کے 'دشمن' دہشت گردوں' نے بم دھماکہ کردیا۔جس کے نتیجے میں 'وطن عزیز' کے سچے ''خیرخواہ'' امریکی 'استادوں' کی ''شہادت'' ہوگئی۔

دیر میں پیش آمدہ یہ واقعہ امت مسلمہ سے وابستہ افراد کے لیے دعوتِ فکر ہے کہ وہ یہ سمجھیں، فکرو تدبر کریں اور جاننے کی کوشش کریں کہ...... اسلام کی سرزمینوں کے اقتدار پر کون سی قبیل کے لوگ مسلط ہیں؟ اللہ کی حاکمیت کے باغی اورشریعت کے انکاری' حکمران اور ان کے انتظامی ادارے 'صلیب کی چاکری اور خدمت میں کس قدر دور جاچکے ہیں؟ پاکستانی فوج کا ترجمان اس واقعے کے بعد ٹیلی ویژن پر آ کر کہتا ہے کہ اس واقع میں مرنے والے امریکی دراصل ایک رفاہی ادارے سے متعلق تھے۔اس واقعے کی خبر پاکستان کے سارے ذرائع ابلاغ نے اپنے بڑوں کی ہدایت کے عین مطابق جاری کی۔اس واقعے کی ترجمانی میں قومیت کے پرچارک ذرائع ابلاغ سے لے کر دینی صحافت کے نام نہاد علم برداروں تک 'سبھی 'اُن' کے در کے غلام بن کر سامنے آئے۔اس کے برعکس امریکی خبر رساں ادارے 'دی

پریس ایسوسی ایشن' اور 'نیویارک ٹائمز' نے اعتراف کیا کہ مرنے والے اور زخمی ہونے والے امریکی فوجی 'اس 100 رکنی فوجی تربیتی یونٹ (Military Training Unit) کا حصہ تھے جس کو 2008ء میں پاکستانی فوج اور ایف سی وغیرہ کو القاعدہ اور طالبان مجاہدین سے لڑنے کی تربیت دینے کے لیے بھیجا گیا تھا۔ان فوجیوں کے مقاصد میں پاکستانی سیکورٹی اداروں کے افراد کی تربیت کے ساتھ ساتھ' ان مقامی لشکروں کو بھی عسکری تربیت اور جاسوسی امور کی مہارت سکھانا شامل تھا' جن کو مجاہدین سے لڑنے کے لیے تشکیل دیا گیا تھا۔

سوات، دیر اور دیگر علاقوں میں سکولوں کی تباہی پر شور مچانے والوں کی آنکھیں کھولنے کے لیے یہ ایک واقعہ ہی کافی ہونا چاہیے۔اسلام کی سرزمینوں میں سکول بنانے (خصوصاً بچیوں کے سکول)، مواصلات کے نظام کو جدت دینے اوران علاقوں میں تمدنی ترقی کو رواج دینے میں طاغوت کی غیر معمولی دلچسپی کی بنیادی وجہ ہے کہ مذکورہ عوامل' طاغوت اوراس کے نظام کو پنپنے اور پنجے گاڑنے میں مدد معاون ثابت ہوتے ہیں۔یہ حقیقت ہے کہ طاغوتی نظام تعلیم سے 'بہرہ مند' ہوئے افراد طاغوت اوراس کے نظام کا اثر قبول کرتے ہوئے اس کے منصوبوں کی تکمیل کے لیے راہیں ہموار کرتے ہیں۔

2001ء میں امارت اسلامیہ افغانستان پر حملے کے وقت سے آج تک پاکستانی نظام' کفار کی خدمت اور جی حضوری میں سب کو پیچھے چھوڑے جارہا ہے۔جیکب آباد، پسنی، دالبندین اور کوئٹہ کے فضائی اڈوں کو امریکہ کے حوالے کرکے وہاں سے 57 ہزار پروازوں اور پھر پاکستان کو صلیبی فوج کی رسدی قافلوں کی گزرگاہ بنانے تک' گزشتہ نوسالوں میں نظام پاکستان نے ہر لمحہ اور ہر ساعت اہل اسلام کے سینے چھلنی ہی کیے ہیں۔

پاکستانی فوج کے کرنل اوراس سے اوپر درجے کے کم وبیش تمام افسران کی پروفائل میں مغربی ممالک خصوصاً امریکہ سے 'دہشت گردی' کے کورسز نمایاں تر ہوتے ہیں۔جن میں ان افسران کے اذہان وقلوب کو اسلام اور مسلمانوں سے متنفر کیا جاتا ہے۔جبکہ ڈالروں کے عوض 'خودفروشی' کے جرم کے مرتکب تو وہ پہلے ہی ہوتے ہیں۔

بلوچستان کا شمسی ایئر بیس عرصہ دراز سے ڈرون میزائل سسٹم کو کنٹرول کرنے کی مستقل جگہ ہے۔(یاد رہے نقشوں اور تصاویر کے ذریعے یہ راز فاش کرنے والے کرنل شاہد بشیر اور فضائیہ کے سابق اہل کار ندیم شاہ کا کورٹ مارشل ہو چکا ہے)۔ واقعہ تو یہ ہے کہ پاکستان' موجودہ صلیبی جنگ میں صلیبی ہرکارے کی صورت 'فرنٹ لائن اتحادی' بنتے ہوئے کفار کی صفوں کو مضبوط کرنے کی اپنی سعیٔ لاحاصل میں مصروف ہے۔تبھی تو سگِ امریکہ آرمی چیف کیانی 4 فروری کو صحافیوں کو بریفنگ دیتے ہوئے کہتا ہے کہ ''پاکستان کے ساتھ ساتھ افغانستان میں بھی ہمارے فوجی 'شہید' ہوئے ہیں۔

اسلام کے خلاف' دنیا بھر کے کفار کی اس مشترکہ جنگ میں پاکستان اس قدر ملوث ہے کہ ہر قدم 'اُنہی' کی ہدایت پر اٹھایا جاتا ہے۔گزرتے ایام کے ساتھ اپنے پیچیدہ ہوتے کردار میں'

امریکی اور دیگر آقاؤں کی آمد پر ان کا استقبال اور ان کے احکامات کی تکمیل ہی پاکستان کا فرض اولین بن گیا ہے۔امریکی وائسرائے برائے پاکستان ہالبروک تو آئے روز اپنے ناپاک وجود کے ساتھ آن وارد ہوتا ہے۔ پاکستان کی پارلیمنٹ کے ممبران کی ہالبروک سے 'ڈکٹیشن' لینے اور اس کی 'ڈانٹ سننے کی خبریں تو اب پاکستانی میڈیا پر بھی زبان زد عام ہیں۔قومی اسمبلی اور سینیٹ کے ارکان کو ٹریننگ کے نام پر بار بار امریکی سفارت خانے کی یاترا کرائی جاتی ہے۔جس میں بظاہر 'سفیر' اور حقیقتاً پاکستان کی لیڈی وائسرائے' ان ارکان کو آداب غلامی سکھاتی ہے(باعثِ تعجب یہ بھی ہے کہ نام نہاد دینی جماعتوں کے ممبران اسمبلی وسینٹ بھی سفارت خانے پر' کورنش' بجالانے کے لیے ہمہ وقت تیار رہتے ہیں)۔

قبائل اور اس سے ملحقہ علاقے کفار کی نظر میں اس قدر کھٹکتے ہیں کہ امریکی آرمی چیف مائیک مولن سے لے کر افغانستان میں امریکی فوج کے سربراہ میک کرسٹل تک سبھی' سوات اور ملاکنڈ ڈویژن کے کئی بار دورے کر چکے ہیں۔میران شاہ،وانا، باجوڑ اور طورخم میں امریکی فوجیوں کی موجودگی اب زبان زد عام ہے۔حال ہی میں باجوڑ میں جماعت اسلامی کے رہنما ہارون الرشید کا گھر تباہ کرنے والے فوجیوں میں امریکیوں کی موجودگی کا علاقے کے عوام اور خود ہارون الرشید نے بھی اظہار کیا ہے۔

دیر میں ہونے والے واقعہ سے یہ حقیقت مزید واضح ہوئی ہے کہ امریکہ نہ صرف پاکستانی فوج سے کام لے رہا ہے بلکہ ان کی نگرانی کے لیے خود بھی لمحہ بہ لمحہ اس کے ساتھ شریک ہے۔29 اکتوبر 2009ء کو لاہور میں تقریر کرتے ہوئے امریکی وزیر خارجہ ہیلری کہتی ہے کہ وزیرستان میں' ہمارے' فوجی بھی مارے گئے۔سرحد اور اسلام آباد کی پولیس کے افسران سے لے کر عام سپاہی تک کو امریکی فوجی' مجاہدین سے لڑنے کے لیے تربیت دے رہے ہیں۔سرحد پولیس کا سابقہ اور موجودہ آئی جی(محمد شریف اور ملک نوید) بارہا اس کا اعتراف کر چکے ہیں کہ ہمارے افسران امریکہ اور پاکستان میں امریکی فوجیوں کے زیر تربیت رہتے ہیں۔پاکستانی فوج کے کرنل اور اس سے اوپر درجے کے کم وبیش تمام افسران کی پروفائل میں مغربی ممالک خصوصاً امریکہ سے' دہشت گردی' کے کورسز نمایاں تر ہوتے ہیں۔جن میں ان افسران کے اذہان وقلوب کو اسلام اور مسلمانوں سے متنفر کیا جاتا ہے۔جبکہ ڈالروں کے عوض' خود فروشی' کے جرم کے مرتکب تو وہ پہلے ہی ہوتے ہیں۔یاد رہے فوج میں ان افسران کی ترقیوں کے' دیگر' (دیگر کی درست تشریح تو ان بدبختوں کی رنگین شامیں ہی کر سکتی ہیں) عوامل کے ساتھ ایک بڑی وجہ یہ کورسز بھی ہوتے ہیں۔قرآن نے ایسے ہی لوگوں کے بارے میں فرمایا ہے

لَهُمْ قُلُوبٌ لَّا يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُونَ بِهَا وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُونَ بِهَاؕ اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ۔

''اُن کے پاس دل تو ہیں لیکن وہ (حق بات) سمجھنے کی صلاحیت نہیں رکھتے اور اُن کی آنکھیں تو ہیں لیکن (ان آنکھوں میں حق کو دیکھنے کی صلاحیت و) بصارت نہیں ہے اور ان کے کان تو ہیں لیکن (حق کو) سنتے نہیں ہیں، یہ چوپائیوں کی مانند ہیں، بلکہ اُن سے بھی بدتر ہیں اور یہی غفلت میں (مدہوش ہوئے لوگ) ہیں''۔

ان تمام عوامل کو دیکھتے ہوئے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ نظامِ پاکستان (اربابِ حل وعقد اور اس کو چلانے والی انتظامی مشینری) طاغوت کی چوکھٹ پر سجدہ ریزی میں پیش پیش ہے۔اپنے آقاؤں کی خوشنودی اور ان کی ہاں میں ہاں ملانے والا الحادی نظام دراصل چند ٹکوں کے لیے کبھی بھی اور کہیں بھی فروخت کے لیے دستیاب ہے۔اسلام نہ اس کا مسئلہ ہے اور نہ اس کے لیے سر درد۔ان کا اصل کردار پوری طرح بے نقاب ہو چکا ہے،اہل اسلام کے خلاف یہود ونصاریٰ کے لشکروں کے صفِ اول کے اتحادی' اب مضطرب بھی ہیں اور پریشان بھی! کہ اُن کے آقا اور استاد' انہیں بیچ منجدھار میں چھوڑ کر اپنی شیطانی تہذیب کی لاش کو کندھوں پر اٹھائے، ہانپتے کانپتے شکست وہزیمت کے سفر کے راہی بن رہے ہیں۔اب ان خائنین امت کا واسطہ اللہ کے اُن بندوں سے پڑنے والا ہے' جن پر 9 سال تک اِنہوں نے ظلم وتعدی اور جبر وتشدد کے نت نئے حربے آزمائے ہیں اور آگ وخون سے اُنہیں گزارا ہے۔

☆☆☆☆☆

بقیہ: مسلمانوں کا خون بہانے میں ہم کفار سے زیادہ پیش پیش ہیں

O اس کے بعد پھر اسی غلام کی طرح رویہ اپنایا گیا کہ''اگر آقا غلام کے ذمے کسی جگہ سے متعلق کوئی کام لگائے تو غلام کام کو سرانجام دینے کے بعد آقا کو دعوت دیتا ہے کہ وہ وہاں آئے اور جائزہ لے کر کارکردگی کے بارے میں بتلا دے''۔یہی کچھ اس ناپاک فوج نے بھی کیا ہے اور حال ہی میں اشفاق کیانی نے امریکی مائیک مولن اور نیٹو کمانڈر میک کرسٹل کو سوات اور مالاکنڈ کا دورہ کروا کر مسلمانوں کا خون بہانے پر داد وتحسین حاصل کی۔چنانچہ ناپاک فوج کے کفار اصلی کی نسبت مسلمانوں کا خون بہانے میں پیش پیش ہونے پر ڈیوڈ پٹریاس نے تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ'' پاکستانی فوج کی کارکردگی پر رشک آتا ہے''۔

کچھ ہی دنوں بعد فوج کے تعلقات عامہ (ISPR) نے'' دہشت گردی'' کے خلاف جاری جنگ کے حوالے سے ایک رپورٹ شائع کی جس میں تفصیلی طور پر یہ بتایا گیا کہ خوئے غلامی کے اسیروں نے حق نمک ادا کرنے کے لیے خون مسلم کو کس قدر ارزاں سمجھ لیا ہے۔اس رپورٹ کے مطابق'' نائن الیون کے بعد سے اب تک دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اکیلی پاکستانی فوج کی قربانیاں اور جدوجہد تمام اتحادیوں سے کہیں زیادہ ہیں۔اس عرصے میں 21672 سویلین جاں بحق ہوئے جبکہ 17742 دہشت گرد مارے یا پکڑے گئے۔پاک افغان سرحد پر عالمی اتحادی افواج کی صرف 112 چیک پوسٹیں ہیں جبکہ پاکستانی فوج کی 821 چیک پوسٹیں ہیں۔پاک افغان سرحد پر ایک لاکھ 40 ہزار فوجی جوان دن رات دہشت گردوں کی روک تھام کے لیے فرائض سرانجام دے رہے ہیں جبکہ اتحادی افواج کے صرف ایک لاکھ فوجی سرحد کے پاس موجود ہیں۔سرحد کے اس پار ہم نے بریگیڈ لیول کے 209 آپریشن کیے ہیں جبکہ اُس پار اتحادی افواج نے کل ملا کر 10 سے زیادہ بھی نہیں کیے۔میدان جنگ میں قیام کا سرحد کے اس پار پاکستانی فوج کا اوسطاً دورانیہ 26 ماہ ہے جبکہ سرحد کے دوسری طرف امریکی فوج کا 12 ماہ، جرمنی کا 6 ماہ اور فرانس کا 7.5 ماہ ہے''۔

مندرجہ بالا سطور میں اختصار کے ساتھ اس فوج کے کرتوت بیان کیے گئے ہیں جبکہ تفصیل تو بہت ہی طویل ہے۔اس کے باوجود وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے بے غیرتی اور کفر وارتداد کی انتہا کرتے ہوئے التجا کی'' امریکی اور اتحادی افواج کا مزید پانچ سال افغانستان میں (مسلمانوں کا قتل عام کرنے کے لیے) رہنا ضروری ہے''۔

☆☆☆☆☆

امریکہ انڈر اٹیک

رب نواز فاروقی

گیارہ ستمبر کے مبارک واقعات کے بعد جہاں امت مسلمہ میں سر اٹھا کر جینے کا حوصلہ پیدا ہوا وہیں کفر کا رعب بھی مسلمانوں کے دل و دماغ سے ختم ہونے لگا لیکن اس کے باوجود تین صدیوں کی غلامی میں رندھی ہوئی ذہنیت یہی راگ الاپتی رہی کہ "یہ کام سی آئی اے کی کارستانی ہے، یہودیوں نے یہ کام کروایا ہے، مسلمان تو اس کی صلاحیت ہی نہیں رکھتے، امریکہ کا دفاعی نظام بہت مضبوط ہے" وغیرہ وغیرہ۔ لیکن محض اللہ کی نصرت سے اٹھنے والے مجاہدین نے مسلسل نو سالوں سے یہود و نصاریٰ کے ناک میں دم کر رکھا ہے اور اُن کا چودھری، امریکہ ہر سال ایسے واقعات کا سامنا کرتا ہے جس سے اُس کے دفاعی نظام اور ٹیکنالوجی کے بت کی قلعی کھل جاتی ہے۔ گو عالمی ذرائع ابلاغ میں اجارہ داری ہونے کے باعث اُن واقعات کی سنگینی کا اندازہ لوگوں کو ہونا ممکن نہیں ہو پاتا لیکن ماضی قریب کے ایسے واقعات کو چھپانا خود صلیبیوں کے لیے ممکن نہیں رہا۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ اللہ کے عذاب کے کوڑے بھی مختلف انداز میں امریکہ پر برسنا شروع ہوئے۔ الٰہی عذاب کے یہ کوڑے کہیں افغانستان و عراق میں مجاہدین کی کارروائیوں کی صورت میں صلیبیوں پر برسے اور کہیں خود امریکہ کے اندر ایسے واقعات کی صورت میں کہ جن کے نتیجے میں امریکہ کے "ناقابل رسائی ہدف" ہونے کے تاثر کو ہوا میں تحلیل کر دیا اور اہل بصارت پر امریکہ کے نظام باطل کی کمزوریاں خوب واضح ہو گئیں۔ امریکی 'سیکورٹی' کے غبارے سے ہوا نکل گئی اور ان واقعات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ نے امت مسلمہ کو یہ پیغام دیا کہ "اگر تم اللہ پر بھروسہ اور توکل کر کے، آسائشاتِ دنیا کو تج کر، اعلائے کلمۃ اللہ کا مقصد لیے، اپنے مظلوم و مقہور مسلمان بہن بھائیوں کا درد دل میں بسائے طاغوتِ اکبر کو سبق سکھانے میدان عمل میں نکلو گے تو میری مدد و نصرت کے محیر العقول مناظر دیکھو گے۔ اگر میں صلیبیوں کو صلیبیوں کے ہاتھوں ہی ذلیل کروا سکتا ہوں تو بھلا اپنے مخلص بندوں کی مدد کیوں نہ کروں گا؟"

2009 کا اختتام امریکیوں کے لیے جس قدر ہولناک تھا،وہ اپنی مثال آپ ہے۔سال کے آخری دن سے ایک دن پہلے خوست میں امریکی سی آئی اے کے فارورڈ آپریٹنگ بیس پر اردن سے تعلق رکھنے والے مجاہد ڈاکٹر ہمام البلاویؒ نے فدائی حملہ کر کے سی آئی اے کے کم از کم 9 اہل کار جن میں اس بیس کی سربراہ بھی شامل تھی ہلاک کر دیے جبکہ جو 6 اہل کار زخمی ہوئے ان میں سے بیشتر قریب المرگ ہیں۔اسی حملے میں اردنی انٹیلی جنس ایجنسی کا ایک عہدے دار جو کہ اردن کے مرتد 'شاہ' عبداللہ کا قریبی رشتہ دار تھا بھی مارا گیا۔یہ حملہ امریکی سی آئی اے کی تاریخ میں بیروت میں امریکی سفارت خانے پر ہونے والے حملے کے بعد دوسرا بڑا حملہ تھا،جس میں اتنی بڑی تعداد میں اس کے اہل کار مارے گئے۔اس مبارک کارروائی نے امریکی طاغوت کو کئی جہتوں سے نہایت کاری زخم لگائے۔حملے کی ذمہ داری تحریک طالبان پاکستان نے قبول کی اور امیر تحریک حکیم اللہ محسود حفظہ اللہ کے ہمراہ شہید ڈاکٹر ہمام البلاویؒ کی ویڈیو جاری کی گئی جس میں ڈاکٹر ابو دجانہ (ہمام البلاویؒ) نے واضح الفاظ میں کہا کہ یہ حملہ شہید بیت اللہ محسودؒ کا بدلہ لیا ہے۔

اس ویڈیو کے سامنے آنے کے بعد صلیبیوں کے پاکستانی حواریوں کا یہ جھوٹا پراپیگنڈہ بھی جھاگ کی مانند بیٹھ گیا کہ تحریک طالبان پاکستان سی آئی اے یا را وغیرہ کے ایجنٹ ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ اس واقعے کی بدولت عرب ممالک کے مرتد حکمران اور ان کی افواج و خفیہ ایجنسیوں کے دلوں میں جہاد اور مجاہدین کے خلاف موجود بغض اور مجاہدین کی ہیبت بھی ایک مرتبہ پھر کھل کر سامنے آگئی۔سی آئی اے اس قدر مہلک زخم کھانے کے بعد پاگل ہوگئی اور شمالی وزیرستان میں ڈرون کے ذریعے میزائل حملوں کی بارش شروع کر دی تاکہ امیر حکیم اللہ محسود حفظہ اللہ کو شہید کر کے اس حملے کا بدلہ لیا جاسکے لیکن تاحال الحمدللہ ایک ماہ میں دس سے زاید حملوں کے باوجود امریکیوں کو کوئی قابل ذکر کامیابی نہیں مل سکی اور امیر حکیم اللہ محسود حفظہ اللہ بفضل تعالیٰ میدان میں موجود اور مجاہدین کی قیادت کر رہے ہیں۔

سال 2009 آٹھ سالہ صلیبی جنگ کا فیصلہ کن سال رہا اور اللہ تعالیٰ کی خاص نصرت کی بدولت جنگ کا پانسہ واضح طور پر مجاہدین اسلام کے حق میں پلٹ گیا،اگرچہ صلیبیوں نے مزید وسائل اس جنگ میں جھونک دیے جس کی واضح مثال افغانستان میں امریکی فوجیوں کی تعداد ہے جو 2009 کے اختتام تک 68000 سے تجاوز کر چکی تھی جبکہ اوباما مزید فوج بھیجنے کا بھی اعلان کر چکا ہے جس کی آمد کے بعد یہ تعداد تقریباً 1 لاکھ سے بھی بڑھ جائے گی لیکن اس کے باوجود اس سال میں مجاہدین نے جو کامیابیاں حاصل کیں ان کی تفصیل 31 دسمبر 2009 کو جاری کیے گئے امارت اسلامی افغانستان کے بیان کے مطابق حیران کن ہے "مجاہدین کی فتح اور صلیبیوں کا اضطراب" کے عنوان سے جاری شدہ اس بیان کے مطابق 2009 میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی نصرت کی بدولت مجاہدین نے 5587 صلیبی فوجی، 7254 افغان فوجی مردار اور 2069 افغان فوجی زخمی کیے۔جبکہ ٹینکوں سمیت 3667 فوجی گاڑیاں اور چھوٹے بڑے 44 جہاز اور ہیلی کاپٹر تباہ کیے گئے۔جبکہ پورے سال میں 540 مجاہدین نے جام شہادت نوش کیا۔

اس سال میں جانی و مالی نقصان سے بھی بڑھ کر جو نقصان جارحین کو ہوا وہ یہ تھا کہ اللہ نے ان کی صفوں میں پھوٹ ڈال دی۔امریکہ کے کم وبیش تمام اتحادیوں بشمول برطانیہ و دیگر نیٹو ممالک نے افغانستان کی دلدل میں اپنی مزید فوج غرق کروانے سے انکار کر دیا۔خود امریکہ کے اندر افغانستان جنگ کے خلاف ردعمل اتنا شدید ہوتا چلا گیا کہ اوباما کو اپنی حکمت عملی کے اعلان میں انخلا کے آغاز کی تاریخ کا اعلان کرنا پڑا۔لیکن امریکی رائے عامہ بدستور اس جنگ کے خلاف ہے۔ نومبر 2009 میں منعقدہ گیلپ سروے کے مطابق 66 فیصد امریکیوں کے خیال میں افغانستان کی صورت حال امریکہ کے لیے بدتر ہوتی جا رہی ہے۔10 مارچ 2010 کو درجنوں امریکی تنظیموں نے واشنگٹن میں "قومی امن مارچ" کا اعلان بھی کر رکھا ہے۔

افغانستان میں 2009 کے اختتام کی طرح 2010 کا آغاز بھی نہایت "دھماکہ خیز" تھا۔ 19 جنوری 2010 کو 20 کے قریب مجاہدین نے کابل کے محفوظ ترین حصے میں مرکزی بنک،وزارت انصاف و تعلیم سمیت کئی اہم عمارتوں پر بیک وقت دھاوا بول دیا۔مجاہدین نے ایک شاپنگ سنٹر پر بھی قبضہ کر لیا،جہاں سے کرزئی کا صدارتی محل ان کے نشانے پر تھا۔کئی گھنٹوں تک جاری رہنے والی لڑائی میں افغان فوج اور پولیس کے بیسیوں اہل کار مردار اور سینکڑوں زخمی ہوئے جبکہ 7 مجاہدین نے جام شہادت نوش کیا۔ چند دن بعد 29 جنوری کو صوبہ ہلمند کے ضلع لشکرگاہ میں بھی مجاہدین نے اسی نوعیت کے حملے کیے،جن میں 45 صلیبی و افغان فوجی مردار ہوئے۔

28 جنوری 2010 کو اقوام متحدہ کے زیر انتظام لندن میں پوری دنیا سے غلامانِ امریکہ "عالمی کانفرنس برائے افغانستان" کے نام پر اکٹھے ہوئے۔جس جنگ کو چھیڑتے وقت امریکہ نے کسی سے پوچھنا تو درکنار مشورہ لینا تک گوارا نہیں کیا تھا۔آٹھ سال بعد اسی جنگ کو سمیٹنے کے لیے پوری دنیا سے اپنے حواریوں کی مدد لینے پر مجبور ہوا ہے۔لندن کانفرنس کا انعقاد تو مغربیوں نے اپنے روایتی پروپیگنڈے اور بلند و بانگ شور وغوغا کے ساتھ کیا۔لیکن اس کا جو نتیجہ نکلا وہ نہایت مضحکہ خیز اور تضادات پر مبنی تھا۔اس کانفرنس نے جہاں ایک طرف طے کیا کہ افغانستان کی سیکورٹی مرحلہ وار افغان فوج و پولیس کے حوالے کرنے کے لیے منصوبہ ترتیب دیا جائے اور اس کا آغاز 2010 کے اواخر یا 2010 کے اوائل سے کیا جائے اور اس مقصد کے لیے افغان فوج اور پولیس کے حجم میں اضافہ کر کے 2011 کے اختتام تک ان کو بالترتیب 171000 اور 134000 تک بڑھایا جائے۔وہیں کانفرنس نے افغانستان میں غیر ملکی فوجوں کی تعداد میں بھی اضافے پر اتفاق کیا لیکن دلچسپ امر یہ تھا کہ اس اضافے کا بیشتر حصہ امریکہ کے حصے میں آیا جو پہلے ہی 30000 مزید فوجی

افغانستان بھیجنے کا اعلان کر چکا ہے۔امریکہ کے علاوہ واحد ملک جس نے مزید فوج بھیجنے کی حامی بھری وہ جرمنی تھا لیکن اس کے اپنے ہاں کابینہ میں اس معاملے پر شدید اختلافات پیدا ہوگئے۔اس کانفرنس میں طے پانے والی بہت مضحکہ خیز بات مجاہدین کے لیے سیاسی رشوت کے طور پر 50 ارب ڈالر سے ایک فنڈ کا قیام تھی۔صلیبی اقوام آٹھ سال کی دھنائی کے بعد بھی یہ سمجھنے سے قاصر ہیں۔

کافر افواج اور ان کے نااہل معاونین کے خلاف برسرپیکار مجاہدین وہ سرفروش ہیں جنہوں نے اپنی جان و مال کو اللہ تعالیٰ کے ہاتھوں جنت کے بدلے میں فروخت کر دیا ہے اور اس رب کی رضا اور جنت ہی کی طلب میں قتل کرتے اور قتل ہوتے ہیں۔إِنَّ اللّـٰهَ اشْتَرَى مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُم بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللّهِ فَيَقْتُلُونَ وَيُقْتَلُونَ (سورہ التوبہ 111)''بے شک اللہ تعالیٰ نے مومنین سے اُن کی جانوں اور مالوں کو جنت کے بدلے خرید لیا ہے، پس وہ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں اور (کفار کو) قتل کرتے ہیں اور خود بھی قتل (شہید) ہوتے ہیں''۔

مجاہدین کے لیے اس طرح کی رشوت اور اس کے ساتھ مذاکرات کی دعوت اور خیر سگالی کے جھوٹے دعوے درحقیقت صلیبیوں اور ان کے معاونین کی جانب سے اس بات کا اعتراف تھا کہ جن مجاہدین کو وہ اب ڈالرز اور مذاکرات کے ذریعے رام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور جن کے خلاف وہ گذشتہ آٹھ سالوں میں اپنے تمام وسائل، جنگی تدابیر، جدید تر اسلحہ و ٹیکنالوجی، جاسوسی و مخبری کے جال اور نہ جانے کیا کچھ استعمال کر چکے ہیں، وہ مجاہدین ایک ایسی ناقابل تسخیر قوت ہیں جن کو شکست دینے کا خواب تو پورا نہیں ہو سکتا لہٰذا ان سے مصالحت کی کوئی راہ نکالی جائے۔

2009 کا اختتام امریکیوں کے لیے جس قدر ہولناک تھا، وہ اپنی مثال آپ ہے۔سال کے آخری دن سے ایک دن پہلے خوست میں امریکی سی آئی اے کے فارورڈ آپریٹنگ بیس پر اردن سے تعلق رکھنے والے مجاہد ڈاکٹر ہمام البلاویؒ نے فدائی حملہ کر کے سی آئی اے کے کم از کم 9 اہل کار، جن میں اس بیس کی سربراہ بھی شامل تھی، ہلاک کر دیے جبکہ جو 6 اہل کار زخمی ہوئے ان میں سے بیشتر قریب المرگ ہیں۔

مذاکرات اور سیاسی رشوتوں کے ڈراموں کی ناکامی کے بعد بالآخر اب صلیبیوں نے ایک مرتبہ پھر اپنی پوری قوت جھونک کر مجاہدین کے خلاف ایک فیصلہ کن لڑائی لڑنے کی کوشش شروع کی ہے۔4000 امریکی، 4200 برطانوی اور 6500 افغان فوجیوں سمیت کل 15000 فوجیوں سینکڑوں ہیلی کاپٹروں اور ٹینکوں اور B52 بمبار طیاروں کے ساتھ صلیبی لشکر افغانستان کے سو سے زاید اضلاع میں سے ایک ضلع نادعلی کے ایک حصے ''مرجاہ'' کو فتح کرنے نکلا ہے۔لیکن کارروائی کے پہلے ہفتے میں ہی 18 ٹینکوں، 1 ہیلی کاپٹر اور درجنوں فوجیوں کو مردار کروانے کے بعد صلیبی اتحاد اب پسپائی کی حکمت عملی تلاش کر رہا ہے۔اس آپریشن کو جو نام دیا گیا ہے یعنی آپریشن ''مشترک''، وہ افغانستان میں عنقریب وقوع پذیر ہونے والے تاریخ کے ایک غیر معمولی واقعے کی نشان دہی کر رہا ہے۔تاریخ کا یہ غیر معمولی واقعہ یہ نہیں کہ فقط امریکہ افغانستان میں شکست کھا گیا ہے بلکہ تاریخ کا غیر معمولی واقعہ یہ ہے کہ انتہائی بے سروسامانی کی کیفیت سے سرشار امارت اسلامیہ افغانستان کے مجاہدین دنیا بھر کے کفر (بشمول صلیبی غلاموں کے جو صرف نام مسلمانوں کی فہرست میں لکھے جانے کی حد تک مسلمان ہیں) کو مشترکہ طور پر شکست فاش دی ہے۔جب ہم دنیا بھر کی قوموں کی بات کرتے ہیں تو ان سے مراد صرف وہ 42 ممالک نہیں جن کی فوجیں افغانستان میں ہیں، ان میں وہ تمام ممالک شامل ہیں جنہوں نے اس جنگ میں سیاسی، معاشی، اطلاعاتی اور لاجسٹک حوالوں سے صلیبی اتحاد کی مدد کی، وہ افغانستان میں مجاہدین سے شکست کھا چکا ہے۔

یہاں یہ سوال اٹھایا جا سکتا ہے کہ فی الوقت صلیبی اتحاد کی شکست کا اس قدر قطعی دعویٰ کیونکر کیا جا سکتا ہے جبکہ جارح افواج ابھی افغانستان میں موجود ہیں اور فوری طور پر جنگ کے خاتمے کے آثار بھی نظر نہیں آرہے۔اس سوال کا جواب جاننے کے لیے یہ معلوم ہونا ضروری ہے کہ اس جنگ کے اہداف کیا تھے۔اگر ہم گیارہ ستمبر 2001 سے پہلے کے منظرنامے کو ذہن میں تازہ رکھیں تو معلوم ہوگا کہ افغانستان پر حملہ کرنے کے پیش نظر امریکہ کے درج ذیل دو بنیادی اہداف تھے۔

۱۔افغانستان سے طالبان کی شرعی حکومت کا خاتمہ۔تاکہ نفاذ شریعت کے ثمرات کو پھیلنے سے روکا جاسکے۔

۲۔عالمی تحریک جہاد یا بالفاظ دیگر القاعدہ کی بیخ کنی۔

انہی دو اہداف کے حصول کے لیے امریکہ 42 ملکوں کی فوج کو ساتھ لیے اپنی تمام ٹیکنالوجی سمیت افغانستان پر پل پڑا۔اور آٹھ سالوں میں ڈیزی کٹر بموں سے لے کر فاسفورس بم تک کوئی ایسا مہلک اسلحہ نہیں جو اس تباہ حال سرزمین پر نہ برسایا گیا ہو۔امریکہ نے کم و بیش 300 ارب ڈالر اس جنگ میں جھونک دیے لیکن کیا امریکہ اپنے بنیادی مقاصد کے حصول میں کامیاب ہو سکا ہے؟

جہاں تک پہلے مقصد یعنی طالبان کی شرعی حکومت کو ختم کر کے نفاذ شریعت کے پھیلاؤ کو روکنے کا تعلق ہے تو اس کا انجام یہ ہے کہ خود نیٹو حکام کے مطابق افغانستان کے 34 میں سے 33 صوبوں میں طالبان کی عمل داری جہاں وہ شریعت اسلامی کی روشنی میں حکومت چلا رہے ہیں اور کلمے والے سفید پرچم افغانستان کے طول و عرض میں پھر سے لہرا رہے ہیں۔

جبکہ دوسرے ہدف یعنی ''عالمی تحریک جہاد کی بیخ کنی'' کا انجام پہلے سے بھی برا ہوا۔کیونکہ جس تحریک کو امریکہ افغانستان سے اکھاڑ پھینکنا چاہتا تھا وہ نہ صرف آج افغانستان میں پوری آب و تاب سے موجود ہے بلکہ افغانستان سے نکل کر پوری دنیا میں پھیل چکی ہے۔آج دنیا کا کوئی خطہ ایسا نہیں جہاں اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے اللہ کے شیر سربکف نہ ہوں۔الجزائر سے لے کر صومالیہ تک اور پاکستان سے لے کر یمن تک حتیٰ کہ یورپ تک کلمے والے سیاہ پرچم بلند ہو رہے ہیں۔

☆☆☆☆☆

مجاہدین یا بیوائیں

شاہنواز فاروقی

اسلام میں شہادت کی عظمت یہ ہے کہ خود سردارِ انبیاء حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی آرزو کی ہے۔ شہادت کی اس عظمت سے جہاد اور مجاہد کی عظمت نمودار ہوتی ہے۔ مجاہد کی عظمت بیان کرتے ہوئے اقبال نے کیا خوب کہا ہے

یہ غازی یہ تیرے پراسرار بندے
جنہیں تُو نے بخشا ہے ذوقِ خدائی
دونیم ان کی ٹھوکر سے صحرا و دریا
سمٹ کر پہاڑ ان کی ہیبت سے رائی

اقبال کے ان شعروں میں مجاہدوں کی ''پراسراریت'' یہ ہے کہ اگرچہ وہ زمین پر چلتے پھرتے نظر آتے ہیں مگر ان کا تعلق زمین سے زیادہ آسمان کے ساتھ ہے۔ وہ انسان ہیں مگر فرشتوں سے بہتر ہیں۔ ان کے ذوقِ خدائی کا مفہوم یہ ہے کہ وہ جو ارادہ کر لیتے ہیں وہ پورا ہو کر رہتا ہے۔ وہ صحراؤں اور دریاؤں پر حکم چلاتے ہیں اور پہاڑ ان کی ہیبت سے رائی بن جاتے ہیں۔ لوگ کہتے ہیں یہ شاعرانہ باتیں ہیں۔ بھلا انسان کی ہیبت سے کبھی پہاڑ بھی رائی بنتے ہیں! مگر ہم دیکھ چکے ہیں کہ مجاہدین نے ہماری آنکھوں کے سامنے ''سوویت یونین'' کو محدود کر کے صرف ''روس'' بنا دیا۔ یہی پہاڑ کو رائی بنانے کا عمل ہے۔ کیا آپ کو محسوس نہیں ہو رہا ہے کہ افغانستان میں امریکہ ''سپر پاور'' نہیں ہے، صرف ایک عام ملک ہے۔ یہ پہاڑ کو رائی بنانے کی ایک اور مثال ہے۔ لیکن ایک جانب مجاہدین کا یہ عظیم تصور ہے اور دوسری جانب پاکستان کی اسٹیبلشمنٹ کا تصورِ مجاہد ہے۔ لیکن ہماری اسٹیبلشمنٹ کا تصورِ مجاہد کیا ہے؟

آیئے نصرت مرزا کی زبان سے سنتے ہیں جنہوں نے 11 فروری 2010 کے روز جنگ میں شائع ہونے والے ایک کالم میں لکھا: ''9/11 کے واقعے کے بعد امریکی پاکستان میں جہادی تنظیموں پر کریک ڈاؤن کے لیے دباؤ ڈال رہے تھے...... آئی ایس آئی چیف نے امریکی نمائندوں خصوصاً رچرڈ آرمیٹج کو سمجھایا کہ ایک دم کریک ڈاؤن سے شدید ردعمل ہوگا، ان کو آہستہ آہستہ سمجھایا جاسکتا ہے...... ظاہر ہے تنظیمیں ایک مقصد کے لیے کھڑی کی جاتی ہیں۔ انہیں کسی مشین کی طرح کھول کر رکھا نہیں جاسکتا۔ وہ انسانوں پر مشتمل ہوتی ہیں۔ ان کو ایک دفعہ چارج کر کے ڈسچارج کرنے کے لیے وقت اور دوسری تھیوری دینے کی ضرورت ہوتی ہے...... پاکستان کی انٹیلی جنس ایجنسیوں نے کافی حد تک (جہادی تنظیموں کی پیدا کردہ) صورتِ حال پر قابو پالیا ہے اور بہت سے سوراخ بند کر دیے ہیں۔ باقی بچے ہوئے سوراخوں پر سیسہ ڈال کر انہیں بند کر رہے ہیں، حکومت کو چاہیے کہ...... وہ ایسی حکمتِ عملی وضع کرے جو ان تنظیموں کو عزت و احترام کے ساتھ معاشرے میں بسائے اور وہ ان کی طاقت کو مثبت کاموں میں لگانے کی کوشش کرے''۔

ان سطور کو پڑھ کر معلوم ہوتا ہے کہ ہماری اسٹیبلشمنٹ مجاہدین کو کرائے کے فوجی اور بھاڑے کے ٹٹو سمجھتی ہے جنہیں جب چاہے کام پر رکھا اور جب چاہے ''JOB'' سے برطرف کیا جاسکتا ہے۔ ان سطور سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ہماری اسٹیبلشمنٹ کے لیے جہاد کوئی ''عقیدہ'' نہیں ہے بلکہ ایک ''تھیوری'' ہے جو امریکہ کی ہدایت پر لپیٹ کر رکھی جاسکتی ہے اور اس کی جگہ کوئی نئی ''تھیوری'' وضع کی جاسکتی ہے۔ لکھنے کو تو نصرت مرزا صاحب نے یہ لکھا ہے کہ انسان مشین نہیں ہوتے، لیکن عملاً دیکھا جائے تو حقیقت یہ ہے کہ ہماری ایجنسیاں مجاہدین کو انسان کے بجائے ''روبوٹس'' سمجھتی ہیں جن میں جب چاہے جہاد کا ''پروگرام'' داخل کیا جاسکتا ہے اور جب چاہے کوئی اور تھیوری ''Feed'' کی جاسکتی ہے۔

جہادی تنظیموں کو معاشرے میں عزت کے ساتھ بسانے کے تصور سے خیال آتا ہے کہ جیسے جہادی تنظیمیں ''بیوائیں'' ہیں۔ چونکہ ان کا پہلا شوہر مر گیا ہے اس لیے اب ''ذمہ داروں'' کو ان کی دوسری شادی کی فکر ہے تاکہ وہ معاشرے میں نصرت مرزا کے الفاظ میں باعزت طریقے سے رہ سکیں۔ اس تجزیے کو دیکھا جائے تو اس میں نہ قرآن کے تصورِ جہاد اور تصورِ مجاہد کا کوئی پاس ہے، نہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ کا کوئی احترام ہے۔ اس تجزیے میں صرف ایک چیز اہم ہے: دنیا اور اس کا (بھی) پست تصور۔ مگر سوال یہ ہے کہ اسٹیبلشمنٹ مجاہدین کے بارے میں جو کچھ سمجھتی ہے اس کی وجہ کیا ہے؟ زندگی کا اصول ہے کہ انسان جیسا خود ہوتا ہے دوسروں کو بھی ویسا ہی تصور کرتا ہے۔ بے ایمان انسان کو ساری دنیا بے ایمان نظر آتی ہے۔ اسٹیبلشمنٹ چونکہ خود کرائے کی فوج ہے اس لیے وہ مجاہدین کو بھی کرائے کا فوجی سمجھتی ہے۔ چونکہ اس کا کوئی ''مستقل'' عقیدہ نہیں اس لیے اس کا خیال ہے کہ مجاہدین کے لیے بھی جہاد کو مستقل عقیدہ نہیں ہونا چاہیے۔ اس کے نزدیک جہاد ایک فوجی حربہ ہے اور بس اور فوجی حربے کو کسی بھی وقت بدلا جاسکتا ہے۔

اسٹیبلشمنٹ کی یہ ذہنیت اسلام اور فکرِ اقبال کی ضد ہے، اس سے جہادی عناصر ہی کیا، صاحبِ عزت سیکولر فرد میں بھی شدید ردعمل پیدا ہوسکتا ہے۔ انسانی تاریخ میں کیسے کیسے باطل نظریات ابھرے ہیں مگر ان کے ماننے والوں نے ہر قیمت پر ان باطل نظریات کو سینے سے لگائے رکھا ہے۔ کسی کو سوشلزم سے محبت تھی اور اس نے سوشلزم کے ساتھ 70 سال گزار دیے۔ کسی کو سیکولرازم سے اُنس ہے تو وہ ایک صدی سے اس کے ساتھ زندہ ہے۔ دنیا میں کروڑوں انسان ہیں جو خود کو قوم پرست کہتے ہیں اور وہ کسی قیمت پر قوم پرستی سے دست بردار ہونے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ لیکن ایک ہم ہیں، ہمارے پاس ''الحق'' ہے مگر امریکہ کا دباؤ آجائے تو ہم اپنے حق کو بھی بدل ڈالتے ہیں۔ کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں؟

☆☆☆☆☆

قدرت کی سزائیں بھی کیا عجب ہوتی ہیں؟

عرفان صدیقی

شہنشاہ عالم پناہ کا لشکر جرار ''فاتحانہ عزم'' سے سرشار، افغانستان کے جنوبی صوبے ہلمند پر یلغار کرنے کے لیے تیار کھڑا ہے۔ اور میں سوچ رہا ہوں! میں سوچ رہا ہوں کہ قدرت کی سزائیں بھی کیا عجب ہوتی ہیں۔ اپنے حجم سے کہیں زیادہ پھول جانے والی قوتیں اپنے تئیں دنیا کو تسخیر اور قوموں کو بے توقیر کرنے میں لگی ہوتی ہیں۔ اور انہیں اندازہ ہی نہیں ہو پاتا کہ دراصل وہ اپنی بستیوں کی جڑوں میں بارود بو رہی ہیں اور ان کی اپنی قوم عذاب کے کوہِ گراں تلے کچلی جانے کو ہے۔

یہ کوئی دو سال پہلے کا ذکر ہے۔ سینیٹر بارک اوباما صدارتی مہم پہ تھا، 21 فروری 2008 کو ''تبدیلی'' کا نعرہ لگانے والے پر عزم سینیٹر نے پر جوش امریکیوں کے ایک بے تاب ہجوم کے سامنے تقریر کرتے ہوئے کہا'' میں ساری دنیا سے جنگوں کا خاتمہ چاہتا ہوں۔ خوف کے زیر اثر پالیسیاں بنانا حکومتوں کے لیے کوئی اچھا مشورہ نہیں ہوتا۔ میں زخموں سے چور امریکی فوجیوں کو وطن واپس آتے دیکھ کر تھک گیا ہوں، وہ جو نفسیاتی طور پر بھی زخم خوردہ ہیں اور جسمانی طور پر بھی۔ یہ سب پر واضح ہو جانا چاہیے کہ ہم اربوں ڈالر پھونک کر دنیا کو پہلے سے زیادہ غیر محفوظ بنا رہے ہیں''۔

بارک اوباما کو امریکی صدارت پر فائز ہوئے اور تبدیلی کے سفر شوق کا آغاز کیے اب دوسرا سال جا رہا ہے۔ اس دوران اس کے فراخ سینے پر امن کے نوبل پرائز کا تمغہ بھی سج چکا ہے، لیکن جنگ جاری ہے۔ امریکی پرچموں میں لپٹے آبنوسی تابوتوں میں بند کٹی پھٹی لاشیں امریکی ہوائی اڈوں پر اتر رہی ہیں۔ نفسیاتی اور جسمانی زخموں سے چور فوجیوں کے قافلے تھمنے میں نہیں آ رہے۔ بے مقصد جنگ کے ہیجان سے اکتائے گورے خودکشیاں کر رہے ہیں اور ''تبدیلی'' کا کبوتر ابھی تک قصر سفید کی منڈیروں پر نہیں اترا۔

اوباما نے ''تبدیلی'' کا آغاز تیس ہزار مزید فوجی افغانستان بھیجنے کے اعلان سے کیا۔ ان کے لیے 33 ارب ڈالر کا اضافی بجٹ منظور کیا گیا۔ اب طے یہ پایا کہ ہلمند پر ایک بڑی اور فیصلہ کن یلغار کی جائے۔ اس یلغار کو ''مشترک'' کا نام دیا گیا ہے۔ جانے اس ''اشتراک'' میں ہمارا کتنا حصہ ہے؟ امریکی فوجی قیادت کا کہنا ہے کہ ویت نام کے کم و بیش چالیس برس بعد اس پائے کی فوجی مہم کا پلان بنایا گیا ہے۔ 1991 کی جنگ خلیج کے بعد پہلی بار زبردست فضائی قوت استعمال کی جا رہی ہے۔ امریکی کمانڈرِ اعلیٰ نے ایک سوال کے جواب میں کہا ''ہمیں اس سے کچھ غرض نہیں کہ ''آپریشن مشترک'' میں کتنے طالبان ہلاک ہوتے ہیں''۔ رابرٹ گیٹس کا کہنا ہے ''ہلمند طالبان کا مضبوط گڑھ نہیں رہنے دیا جائے گا تا کہ افغان فوج موثر کنٹرول سنبھال سکے''۔

شدید سردی، برف باری اور بارش کے اس موسم میں ہزاروں لوگ نقل مکانی کر رہے ہیں ان نہتے اور بے سرو ساماں لوگوں پر کیا گزرے گی؟ انہیں کہاں پناہ ملے گی؟ یخ بستہ ہوائیں اور بھوک ان کے کتنے معصوم بچوں کو نگل جائے گی؟ انسانی حقوق کے پرچم بردار شہنشاہ عالم پناہ کو ان سوالوں سے کوئی غرض نہیں۔ افغانستان پر حملہ کیے اسے نواں سال جا رہا ہے۔ 43 کے لگ بھگ دوسرے ممالک کی افواج قاہرہ، امریکہ کے پہلو بہ پہلو نبرد آزما رہی ہیں۔ جدید ترین ٹیکنالوجی، ہلاکت آفریں اسلحہ، ہر نوع کا سازوسامان جنگ، طرح طرح کے بم بار طیارے، گن شپ ہیلی کاپٹرز، خوں خوار میزائل، بکتر بند گاڑیوں جیسے زرہ پوش فوجی اور مقابلہ کس سے ہے؟ وہ آتش بجاں، جن کے پاس، بجز دو حرف لا الہ کچھ بھی نہیں۔ زمین ان کے لیے تنگ کر دی گئی ہے اور ان کی نگاہیں صرف آسمان کی طرف اٹھی ہیں، نو برس ہوئے اور شہنشاہ عالم پناہ کا لشکر جرار کوئی ایک مورچہ سر نہیں کر پایا۔

قدرت کی سزائیں عجب ہوتی ہیں۔ بڑی بڑی دانش گاہوں، عظیم الشان تھنک ٹینکس اور عالمی دماغ کے مفکرین کے باوجود امریکہ کو اندازہ نہیں ہو رہا کہ وہ دراصل اپنی بستیوں کو غارت کر رہا ہے۔ اور اپنے عوام کے مستقبل سے کھیل رہا ہے۔ اس کا دفاعی (جنگی) بجٹ، ایک ٹریلین ڈالر (دس کھرب ڈالر) تک پہنچ گیا ہے۔ معروف جاپانی اخبار ''ٹورنٹو سن'' کے تجزیہ کار ایریک مارگولس (Aric Margolis) کا کہنا ہے کہ ''روم کی تعمیر سے لے کر اب تک، 2738 سالوں میں، ہر روز (جی ہاں ہر روز) دس لاکھ ڈالر خرچ کیے جائیں تو ایک ٹریلین بنتے ہیں''۔ یہ ساری دنیا کے دفاعی اخراجات کا پچاس فیصد ہے۔ چین اور روس کا مجموعی دفاعی بجٹ، امریکی بجٹ کا صرف دس فیصد ہے۔ دنیا کے پچاس ممالک میں امریکہ نے 750 فوجی اڈے بنا رکھے ہیں۔ اس کی ڈھائی لاکھ سے زاید فوج بیرون ملک تعینات ہے۔ اس کی آمدنی اور اخراجات کا فرق یعنی بجٹ خسارہ، ڈیڑھ کھرب ڈالر سے تجاوز کر چکا ہے۔ اس کے قرضوں کا بوجھ 12 ٹریلین ڈالر (120 کھرب ڈالر) کو چھو رہا ہے۔ ہر امریکی شہری 40 ہزار ڈالر سے زاید کا مقروض ہے۔ پچھلے ڈھائی برس سے امریکہ پر قرضوں کے بوجھ میں 3.88 ارب ڈالر روزانہ اضافہ ہو رہا ہے۔ 2008 میں 452 ارب ڈالر سود کی مد میں ادا کرنے پڑے۔ کبھی امریکہ چین کو آنکھیں دکھاتا تھا۔ آج اسے چین کو 798 ارب ڈالر ادا کرنے ہیں۔ اقتصادی ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ صورت حال جاری رہی تو اگلے عشرے میں امریکی بجٹ کا خسارہ 9.1 ٹریلین ڈالر پہنچ جائے گا۔ روزگار سے محروم امریکیوں کی تعداد 2 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے۔ بنکوں اور مالیاتی اداروں کو آکسیجن کے ذریعے زندہ رکھا جا رہا ہے۔ ترقیاتی پروگرام تعطل کا شکار ہیں۔ صحت کی سہولتوں کا پروگرام منجمد پڑا ہے۔ تعلیم کا بجٹ کم کر دیا گیا ہے اور سارا زور جنگ آزمائی پر مرکوز ہو چکا ہے۔

قدرت کی سزائیں عجیب ہوتی ہیں۔ کیا یہ سزا نہیں کہ بے کراں وسائل، 32 کروڑ کی افرادی قوت، اعلیٰ تعلیم سے آراستہ اور سائنسی ترقی کی معراج تک پہنچا ملک، مستقیم راہوں کو چھوڑ کر سیاہ کاری کے ان دلدلی جنگلوں کی طرف نکل کھڑا ہوا ہے جہاں سے کوئی سلامت نہیں لوٹتا۔ طاقت، برتری، بالادستی اور رعونت کا جنوں ایک قوم کے وسائل کو کس بری طرح چاٹ رہا ہے۔ دس کھرب ڈالر سالانہ سازوسامانِ جنگ، ہوس ملک گیری اور قوموں کو غلام بنانے پر خرچ کرنے والوں کی دانش پر کیسی مہر لگا دی گئی ہے کہ وہ کھربوں ڈالر خرچ کر کے آج کے امریکہ کو کل کا افغانستان بنانے کے درپے ہیں۔

شہنشاہ عالم پناہ کا لشکر جرار ہلمند پر یلغار کے لیے تیار کھڑا ہے اور قدرت دریائے ارغنداب کے کنارے، انگور کی بیلوں کے جھنڈ میں چھپی مسکرا رہی ہے۔ میں یہاں اسلام آباد میں بیٹھا سوچ رہا ہوں کہ قدرت کی سزائیں بھی کیا عجیب ہوتی ہیں، خود سر قوتوں کو اندازہ ہی نہیں ہو پاتا کہ وہ ہلمند کو فتح کرنے نہیں، اپنی بستیوں کی جڑوں میں بارود بو رہی ہیں اور ان کی اپنی قوم عذاب کے کوہِ گراں تلے کچلی جانے کو ہے۔

☆☆☆☆☆

طالبان ناقابل خرید ہیں

ران مورایو(نیوز ویک)

ترجمہ: محمد زبیر

28 جنوری 2010، 70 ممالک کے نمائندے لندن میں ایک روزہ کانفرنس کے لیے جمع ہوئے۔ کانفرنس کا موضوع تھا کہ ''افغانستان کو کیسے بچایا جائے'' صدر حامد کرزئی بھی وہاں تمام افغانوں کوخصوصاًوہ جو القاعدہ یا دہشت گردی کے دیگر نیٹ ورکس کا حصہ نہیں ہیں، امن کی پیشکش کرتے دکھائی دیے۔لیکن انہوں نے یہ واضح نہیں کیا کہ طالبان اس پیشکش کو کیوں کر قبول کریں گے جبکہ طالبان اس یقین کے ساتھ لڑ رہے ہیں کہ وہ جنگ جیت رہے ہیں۔ کانگرس کے دیگر شرکاء نے بھی کچھ حل پیش کیے جنہیں وہ اپنی نظر میں نسبتاً قابل عمل سمجھتے تھے۔مثلاً یہ کہ مزاحمت ترک کرنے کے عوض طالبان جنگجوؤں کو معاوضہ کی ادائیگی اور اس مقصد کے حصول کے لئے ممبران نے 500 ملین ڈالر کا بجٹ بھی مختص کیا۔امریکا کی اسٹیٹ سیکرٹری ہیلری کلنٹن نے کہا ''امن کا قیام دوستوں کے ساتھ نہیں ہوتا'' یہ بات تو کافی حد تک درست ہے لیکن اس صورتحال میں کیا کیا جائے کہ آپ کے دشمن امن کا قیام چاہتے ہی نہ ہوں۔

میرے نیوز ویک کے ساتھی سمیع یوسف زئی جب یہ سنتے ہیں کہ طالبان کو خریدا جا سکتا ہے یا انہیں رشوت دی جا سکتی ہے تو وہ ہنس پڑتے ہیں، چند ہی صحافی، ماہرین اور تجزیہ نگار طالبان کے طرز تحریک سے اس طرح واقف ہیں جیسا کہ سمیع یوسف زئی۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر طالبان کی قیادت ،اُنکے کمانداران اور نائبین آرام دہ زندگیوں کے طلبگار ہوتے تو مذاکرات اور معاہدوں کا عمل پہلے ہی طے پا چکا ہوتا۔

بلکہ وہ تو اس وقت بھی اپنے مقصد پر قائم رہے جب وہ پسپائی اختیار کر رہے تھے اور تحریک کے بقا کی اُمید بھی مفقود تھی اور اب تو وہ دوبارہ کابل کے مشرق، مغرب اور جنوب کے اکثر صوبوں میں فعال ہیں۔ یہاں تک کہ بعض شمالی حصوں میں بھی طالبان متحرک نظر آرہے ہیں۔طالبان آٹھ سالوں میں جس مقام پر کھڑے ہیں انکے اپنے حلقے اس سطح تک پہنچنے کے لئے 15 سے 20 سال کے عرصہ کا اندازہ لگاتے تھے۔انہوں نے یہ سب آٹھ سالوں میں کر دکھایا ہے۔طالبان کی اکثریت یہ سمجھتی ہے کہ اتنے کم عرصہ میں اتنی بڑی کامیابی کے حاصل ہو جانے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کی نصرت ان کے ساتھ ہے۔

2001 میں امریکی مداخلت کے بعد اقتدار پانے والے جنگجو کمانڈر اس عرصہ میں بہت تیزی سے امیر ہوئے۔سینئر طالبان قائد جلال الدین حقانی بھی ایسے ہی دولت کما سکتے تھے۔ جبکہ اس وقت وہ اور ان کے ساتھی طالبان ان موقع پرستوں کو اپنی کارروائیوں کا ہدف بنا رہے ہیں۔

صرف نچلے درجے کے چند طالبان کمانڈر اور جنگجو اس عرصہ میں متاثر ہوئے ہیں اور وہ بھی اس دن پر نادم ہیں جس دن انہوں نے یہ سودا کیا۔ان میں اکثر کابل میں تنگ دستی کی زندگی گزار رہے ہیں ۔انہیں اپنے علاقوں تک سے نکلنا پڑا۔سمیع نے ان میں سے چند کا تعارف مجھ سے کروایا ہے ان لوگوں کی ایک ہی خواہش ہے کہ وہ دوبارہ حقانی یا ملا برادر (ملا عمر کے نائب) سے جا ملیں۔اگر کرزئی اور امریکہ بھاری رقوم کے بدلہ میں چند طالبان کو خریدنے میں کامیاب ہو بھی جائیں تو یہ لوگ اس رقم کے ساتھ کہاں بھاگ سکتے ہیں؟ وہ تو اپنے ہی ساتھیوں کے خوف سے گھر بھی نہ جا پائیں گے۔اور نہ ہی وہ کابل کی مہنگی زندگی پسند کریں گے۔جس کی گلیوں میں لوگ انکے علاقائی رواجوں، کالی پگڑی اور سرمہ کا مذاق اُڑاتے نظر آتے ہیں۔کابل جس تہذیب کی عکاسی کرتا ہے وہ اس کی ہر چیز سے نفرت کرتے ہیں۔مخلوط تعلیمی اداروں، ناچ گانے، شراب، موسیقی، فلموں، زنا اور ہوس زر سے آلودہ جگہ۔

طالبان کا کہنا ہے کہ عقاب، عقابوں کے ساتھ ہی اُڑتے ہیں دوسرے پرندوں کے ساتھ نہیں، دوسرے لفظوں میں یہ کہ آپ سیکولر لوگوں کے ساتھ نہ مذاکرات کر سکتے ہیں اور نہ ہی زندگی گزار سکتے ہیں۔کرزئی اور اس کے حامی ذرا بھی رسوخ نہیں رکھتے۔کوئی بھی کرزئی کے وعدوں پر اعتبار نہیں کرتا۔اور لوگ اس کی حکومت کو بُرا سمجھتے ہیں۔ایک عقیدے سے باغی مرتد حکومت۔

علاوہ ازیں طالبان سمجھوتے کی بات کو اپنے نظریات پر حملہ تصور کرتے ہیں۔ایک مجاہد نے بڑے جذبات سے سمیع کو کہا کہ ''تم میرے نظریات، میرے دین کو نہیں خرید سکتے۔یہ ہماری توہین ہے''۔ طالبان کو غیر مسلح کرنے کے حوالے سے ایک کہانی جسے کسی حد تک کامیابی سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔کمانڈر ملا عبدالسلام کی ہے۔انہوں نے دو سال قبل مزاحمت ترک کر دی تھی۔اور انہیں اجازت دی گئی تھی کہ وہ اپنے اکثر افراد اور ہتھیار اپنے ساتھ رکھ سکتے ہیں اور ہلمند میں اپنے آبائی علاقے موسیٰ قلعہ کا ضلعی گورنر بنایا گیا۔لیکن قتل کئے جانے کا خطرہ مسلسل انکے سر پر منڈلاتا رہتا ہے اور موسیٰ قلعہ ایک غیر محفوظ جگہ ہے۔

طالبان کی اکثریت پسماندہ دیہاتوں میں رہنا پسند کرتی ہے۔ جہاں کی آبادی دنیا کے بارے میں ان کے نظریات سے متاثر ہوتی ہے۔اس وجہ سے شہری اور دیہاتی زندگی میں ایک وسیع سماجی، معاشی اور روحانی خلیج حائل ہے۔

دیہاتوں میں جو کہ طالبان کے گڑھ ہیں مقامی رسم و رواج اور طالبان کے طرز حیات میں تصادم نہ ہونے کے برابر ہے۔داڑھی رکھنا، اذان کی آواز سن کر مساجد کا رُخ کرنا، عوامی جگہوں پر عورت اور مرد کے اختلاط سے بچنا، اسلامی قانون کی مکمل پاسداری کرنا اور جرم کو برداشت نہ کرنا یہ سب چیزیں ان میں مشترک ہیں۔ بالخصوص دیہاتوں میں رہنے والے عام پشتون بھی کرزئی اور بیرونی قابض افواج کے تحت گزرے آٹھ سالوں کو بہت نقصان دہ سمجھتے ہیں۔ چاہے ان کا تجزیہ غلط ہو یا صحیح لیکن وہ دیکھتے ہیں کہ انکے حریف قبائل تاجک، ازبک اور ہزارہ نے طالبان کی شکست سے فائدہ اٹھایا ہے اور پشتون دیہاتوں کو حکومتی تعصب، نظر اندازی، کرپشن اور جنگ کا سامنا کرنا پڑا۔

اس وجہ سے دیہاتوں میں طالبان اتنے غیر مقبول نہیں ہیں جتنا کہ مغربی خرچ پر چلنے والے انتخابی نمائندے۔کرزئی حکومت کے برخلاف، طالبان نے اسلامی انصاف کی جلد فراہمی اور دیہاتوں سے جرائم کے خاتمہ کو یقینی بنایا ہے۔

پاکستانی صحافی احمد رشید اکثر کہتے ہیں کہ طالبان کی حمایت میں اضافہ نہیں ہو رہا کیونکہ اکثر افغان اس تحریک کو پسند نہیں کرتے۔ جبکہ دوسری جانب اگرچہ چند قبائل مزاحمت کاروں کے خلاف متحرک ہوئے ہیں لیکن طالبان قیادت تحریک میں اتحاد کے متعلق مطمئن ہے۔اگرچہ مزاحمت

ایک قیادت کے تحت نہیں ہو رہی لیکن تمام کمانداں اپنے آپ کو اسلامی امارت اور ملّا عمر کا ماتحت تصور کرتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ کوئی بھی محض اپنے پروں پر نہیں اُڑ رہا۔ کوئٹہ شوریٰ، پشاور میں قائم اس کی شاخ، مشرق میں حقانی نیٹ ورک اور شمال میں انفرادی کمانداں یہ تمام قیادتی ڈھانچے مختلف افراد کے تحت ہیں۔ لیکن یہ تمام کے تمام روحانی اور سیاسی سیادت کا حق ''امیر المومنین'' کو دیتے ہیں۔ سالوں پر محیط قتل، قید، فوجوں کی تعداد میں اضافے اور آپریشن کے سلسلوں کے بعد بھی طالبان قیادتیں ڈٹی ہوئی ہیں اس وجہ سے طالبان کا اعتماد مزید پختہ ہو گیا ہے کہ ان کے قائدین خریدے نہیں جاسکتے۔

طالبان اس بات کا محکم یقین رکھتے ہیں کہ وہ اللہ کے حکم کو پورا کر رہے ہیں اس عقیدے کی واضح علامت فدائی حملوں کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ ہے۔ امریکہ ابھی تک اس پر قابو نہیں پا سکا۔ طالبان شرکت اقتدار کی جنگ نہیں لڑ رہے وہ تو کسی بھی سمجھوتے کے بغیر پورے ملک میں اسلامی قانون کا نفاذ چاہتے ہیں۔

طالبان ہر اس شخص کو 'عبدالدولار' (ڈالر کا بندہ) کہتے ہیں جو نا قابل اعتبار ہو یا جو پورے افغانستان میں شریعت کے نفاذ کا مطالبہ نہ کرتا ہو۔

کرزئی مایوس کن صورتحال میں مبتلا ہے۔ وہ اپنے مغربی حصہ داروں کو خوش کرنے کے لئے نظام حکومت میں اصلاحات، دیانت داری، منشیات کی روک تھام افغان سیکیورٹی فورسز کا قیام، معاشی ترقی جیسے نعرے لگا تا رہتا ہے۔ لیکن ان آٹھ سالوں میں وہ اور اس کے ہمنشین اپنے وعدوں کا عشر عشیر بھی پورا نہیں کر سکے، اور اگلے ایک دو سالوں میں بھی کسی بہتری کی امید فضول ہے۔

لندن کانفرنس محض وقت کا ضیاع تھا۔ ایک بار پھر واشنگٹن اور اس کے اتحادی ایسے حل کی تلاش میں ہیں جس کا سرے سے کوئی وجود ہی نہیں۔ ایک نیا کرزئی طالبان سے رشوت اور مذاکرات کی بات کرتا دکھائی دے رہا ہے۔ جبکہ طالبان کا کسی بھی حیثیت کا کوئی بھی قائد مذاکرات کی میز پر آتا دکھائی نہیں دے رہا۔

جہاں تک 6 جنوری کو اقوام متحدہ کے خصوصی نمائندے کائے ایدے کی دبئی میں طالبان نمائندہ ہونے کے دعویدار افراد سے ملاقات کا تعلق ہے اور یہ کہ انہوں نے کہا کہ ہم کوئٹہ شوریٰ تک پیغام پہنچادیں گے۔ تو یہ بات بعید از قیاس ہے کہ سینئر طالبان قیادت نے ان کا دورہ تشکیل دیا ہو۔ اقوام متحدہ نے پانچ مفروضہ طالبان راہ نماؤں کے نام بلیک لسٹ سے خارج کر کے بڑا قدم اٹھایا ہے لیکن اس سے طالبان غیر محتاط نہیں ہو سکتے انہیں کوئی تکلیف نہیں کہ وہ جنیوا یا نیو یارک کا سفر کریں یا بینک اکاؤنٹ کھلواتے پھریں۔ وہ اپنے گھر پر لڑی جانے والی جنگ میں مصروف ہیں۔

☆☆☆☆☆

بقیہ: پاکستان میں نفاذ اسلام کے داعیان سے چند سوالات

۴۔ خود حکومت کے لیے درخواست دینے کی ممانعت (بخاری شریف کی حدیث میں بیان کردہ) کے باوجود ٹکٹ کے حصول کے لیے فراہم کیے جانے والے جملہ لوازمات کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

۵۔ اقتدار کی اس درخواست اور لالچ (بخاری شریف کی حدیث کے مطابق) کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

۶۔ اگر صدر پاکستان امیر المومنین نہیں ہے تو اس کے حق حکمرانی کو تسلیم کرتے ہوئے جمہوریت کے ''استحکام'' کے لیے پانچ سال کا عرصہ مہیا کرنے کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

۷۔ امیر المومنین (صدر) کے چناؤ کے وقت اس کے غیر عادل ہو جانے کے لیے پانچ سال کا عرصہ متعین کر دینے کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

۸۔ اگر امیر المومنین (صدر) پانچ سال مکمل ہونے پر عدل کے ساتھ حکومت کر رہا تو پھر پانچ سال کے بعد وہ غیر عادل کیوں ہو جاتا ہے؟

۹۔ اسلام میں امیر المومنین کے ساتھ باقی لوگ تو مشیر ہوتے ہیں لہٰذا یہاں اگر زرداری (صدر) امیر المومنین ہے تو پھر گیلانی (وزیر اعظم) کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

۱۰۔ کیا دونوں بیک وقت امیر المومنین ہیں؟

۱۱۔ اگر صدر کی بجائے نواز شریف امیر المومنین تھا تو جب پرویز مشرف نے اس کو ''امیر المومنین'' بنا دیا تو اقتدار پر اس قبضے کی شرعی حیثیت کیا تھی؟

۱۲۔ اگر یہ آئین سے تجاوز تھا تو اس غیر آئینی صدر کے تحت انتخابات میں حصہ لے کر اسمبلیوں میں آنے کی شرعی حیثیت کیا تھی؟

۱۳۔ یہ کیسا نظام ہے کہ اس میں امیر المومنین کے باغی بھی اسی طرح منتخب ہو کر آتے ہیں (عہد خلافت راشدہ میں تو یہ ہوا تھا کہ کمیٹی میں سے جن پر اتفاق ہو گیا اس کے ساتھ ہی باقی لوگوں کی امتیازی حیثیت ختم ہوگئی)

۱۴۔ ''اسلامی ریاست'' کے باغیوں کے سردار (قائد حزب اختلاف) کو بھی باقاعدہ پروٹوکول دینے کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

☆☆☆☆☆

بقیہ: افغان طالبان کی پاکستان سے گرفتاریاں

افغان طالبان راہ نماؤں کی حالیہ گرفتاریاں آقاؤں کے حضور ''سلسلۂ تحائف'' ہی کی کڑی ہے۔ جواب میں ملا عبدالغنی برادر کی گرفتاری سے 'مالکوں' کی باچھیں کھِل گئیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہالبروک فوری طور پر پاکستان آیا اور اس کارروائی پر حکومت پاکستان کی تحسین کے بعد اعلان کیا کہ ''امریکہ پاکستان کو 349 ملین ڈالر امداد جلد دے گا''۔ لہٰذا جو لوگ اب تک اس خوش فہمی سے جان نہیں چھڑوا سکے کہ ''پاکستان اور افغان طالبان میں تعلقاتِ راہ ورسم ماضی ہی کی طرح استوار ہیں اور افغان طالبان پاکستان کے حوالے سے اپنے دلوں میں نرم گوشہ رکھتے ہیں''۔ یہ تمام واقعات ایسے افراد کو دعوت فکر دے رہے ہیں کہ کیا دنیائے کفر کے امام امریکہ اور اُس کے حواریوں سے افغانستان کے دشت و جبل میں ناک سے لکیریں نکلوانے والے فاقہ مست اس قدر کور دماغ ہیں کہ صلیبیوں کی چاکری میں تمام حدود کو پار کر جانے کے باوجود بھی پاکستان کے گیت گاتے رہیں اور اُس کے صدقے واری جاتے رہیں۔ یقیناً اب پاکستانی فوج، اس کے خفیہ اداروں کا کوئی مکر و فریب اور حیلہ مجاہدین کے ہاں چلنے کا نہیں اور انہیں اللہ تعالیٰ نے اِن کے تمام تر مکر سمیت پوری دنیا کی آنکھوں کے سامنے واضح کر دیا ہے۔

☆☆☆☆☆

یہ دنیا ہے!!!

دانیال عبدالرشید

یہ دنیا ہے، یہاں اس طرح کے الٹے کھیل معمول کا حصہ ہیں اس لئے حیران ہونے کی ضرورت نہیں۔ یہاں خواتین کے بیوپاری، حقوق خواتین کی تحریکیں چلاتے ہیں، غامدی جیسے جاہل اور لامذہب' مذہبی سکالر کہلاتے ہیں۔ بے حساب دولت رکھنے والے غریبوں کے حقوق کی این جی اوز کے ڈائریکٹر ہوتے ہیں، مجاہدین اور ان کی تنظیموں کی الف ب تک نہ جاننے والے' جہادی امور کے ماہر مانے جاتے ہیں۔ شراب میں ڈوبے، انگریزی اخبارات کی جھوٹی رپورٹیں چاٹ کر اخبار کالے کرنے والوں کو ماہر اور معروف تجزیہ نگار کہا جاتا ہے۔ فحاشی، عریانی پھیلا کر ایڈز جیسی گندی بیماری کو فروغ دینے والے اداکار اور اداکارائیں' ایڈز کے خلاف مہمات کی سربراہی کرتی ہیں۔ برگر اور پیزا کھا کر بھوکوں کے حق میں دھواں دھار تقریریں جھاڑنا ایک مستقل فیشن ہے۔ اعجاز الحق اور حامد سعید کاظمی جیسے لوگ مذہبی امور کے وزیر بنا دیئے جاتے ہیں اور زرداری جیسے ملک کے صدر ہوتے ہیں تو ایسے میں اگر امریکہ نے طالبان کو انسانی حقوق کی خلاف ورزی کا طعنہ دے دیا تو ہنسنے کی کون سی بات ہے؟

طالبان نے ایک نوجوان امریکی فوجی برگڈال کی ویڈیو جاری کی ہے۔ امریکی فوجی کے آگے روٹی اور قہوے کا کپ رکھا ہے اور وہ ایک شخص کے سوالات کے جواب میں کہتا ہے کہ میں بہت خوفزدہ ہوں۔ لوگ حکومت کو مجبور کرنے کے لیے سڑکوں پر نکلیں، امریکہ افغانستان میں اپنی جانیں اور قیمتی وقت ضائع کر رہا ہے۔ اسے افغانستان سے نکلنا چاہیئے، ہم سب کی گھر واپسی یقینی بنائی جائے وغیرہ وغیرہ۔ امریکہ کی وزارت دفاع پینٹا گون نے ویڈیو کو اصلی تسلیم کر لیا ہے مگر طالبان کی شدید مذمت کی ہے کہ انہوں نے عالمی انسانی حقوق کی خلاف ورزی کی اور قیدی کے حقوق پامال کیے ہیں۔ مجھے بذات خود یہ ویڈیو اور تصویر دیکھ کر کافی صدمہ ہوا۔ طالبان کو علم ہی نہیں ہے کہ آج کل انسانی حقوق کیا ہیں اور قیدیوں کی کس طرح کی تصاویر ریلیز کی جاتی ہیں؟ بیچارے قدیم زمانے کے لوگ ہیں کم از کم چودہ سو سال پرانے، وہ کیا جانیں کہ جدید زمانے نے قیدیوں کے لیے کیا خوبصورت انسانی حقوق وضع کئے ہیں۔

طالبان نہ ٹی وی دیکھتے ہیں اور نہ اخبارات سے زیادہ شغل رکھتے ہیں، نہ انہیں کمپیوٹر پر انگلیاں گھمانے اور سکرین پر نظریں جمانے کی فرصت ہے۔ قیدی کو مکمل لباس میں ملبوس کرنا، کھانے کے لیے روٹی دینا، زنجیروں اور ہتھکڑیوں کے بغیر بٹھانا' انسانی حقوق کی شدید خلاف ورزی اور پامالی کے زمرے میں آتے ہیں۔ اس لیے امریکہ کا احتجاج بجا ہے۔ غصہ آنا فطری ہے اور بیان بازی حق ہے۔ جدید عالمی قوانین کے مطابق اگر یہ تصویر کچھ یوں ہوتی کہ قیدی تنگ لباس میں یا بالکل بے لباس ہوتا، اس کے جسم کو کوئی کتا بھنجھوڑ رہا ہوتا یا کوئی انسانی درندہ ضربیں لگا رہا ہوتا، ارد گرد کئی لوگ اس کی حالت پر قہقہے لگا رہے ہوتے، کوئی اس کے سر پر مکے برسا کر انگلیوں سے وکٹری کا نشان بنا رہا ہوتا، اس کے برہنہ جسم پر کئی لوگ سوار ہوتے، اسے تاروں سے کرنٹ دیا جا رہا ہوتا یا جسم پر نجاست اور گندگی مل دی گئی ہوتی، اس کے گلے میں پٹہ ڈال کر گھسیٹا جا رہا ہوتا، اس کے نازک اعضا کھینچے جا رہے ہوتے تو آپ دیکھتے، امریکہ طالبان کو شاباش دیتا، خراج تحسین پیش کرتا، انہیں مبارکباد کا پیغام بھیجتا کہ پتھر کے زمانے میں رہنے والے ان قدامت پسندوں کو جدید دنیا کے قوانین کا کچھ علم و ادراک تو ہوا۔ انہوں نے بھی کسی کام میں ''مہذب'' دنیا کا اتباع تو کیا۔ انہیں بھی روشن خیالی کی کچھ سمجھ تو آئی۔

مگر افسوس طالبان وہی کے وہی رہے۔ گوانتاناموبے، ابوغریب اور بگرام کے عقوبت خانوں میں انسانی حقوق کے نگہبان امریکہ نے قیدیوں کے ساتھ جو کچھ کیا اور پھر اس حسن سلوک کی تصویر کشی کر کے جس طرح دنیا بھر میں بانٹی یہ اس بات کا اعلان تھا کہ آج کے بعد دنیا میں قیدیوں کے یہ حقوق ہیں اور ان کے ساتھ عالمی قوانین کے مطابق یہ سلوک کیا جانا چاہیئے، امریکہ کے غلاموں یعنی اتحادیوں کے ممالک میں بھی عرصہ ہوا قیدی کے حقوق کا یہی جدید چارٹر نافذ العمل ہے۔ یہ ممالک خواہ کفریہ ہوں یا 'اسلامی' ہر کسی نے اپنے قیدیوں کو مکمل طور پر یہ حقوق مہیا کر رکھے ہیں، ان ممالک کے قید خانوں سے رہا ہو کر آنے والا ہر شخص اسی ''حسن سلوک'' کی داستان سناتا ہے اور روتا رلاتا ہے۔ امریکہ نے بہت اچھا کیا کہ طالبان کی اس ''بدسلوکی'' پر احتجاج کر کے دنیا کو بتا دیا کہ وہ ان ''درندوں'' کے خلاف جو جنگ لڑ رہا ہے وہ بالکل صحیح اقدام ہے۔

جو لوگ زمانے میں ''مہذب'' اقدار کے فروغ میں رکاوٹ نہیں، زمانے بھر سے الگ روش اختیار کریں' عالمی قوانین کی خلاف ورزی کریں اور ہر کام اپنی مرضی سے کریں ان کا یہی علاج ہونا چاہیئے۔ پینٹا گون کی یہ پریس کانفرنس میرے ذہن کو کئی صدیاں پیچھے لے گئی۔ مکہ کے ان ''مہذب''، ''روشن خیال اور'' ''نیک صفت'' مشرکین کا واویلا مجھے سنائی دینے لگا ''یَسْأَلُونَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ '' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرامؓ پر بدترین مظالم کے پہاڑ توڑنے والے مشرکین، بیت اللہ' مرکز توحید کو شرک کا گڑھ بنا دینے والے مجرمین، اللہ کے گھر کے سامنے ننگے طواف کرنے والے بے حیا، بے گناہ قیدیوں کو زنجیروں میں جکڑ کر رکھنے والے درندے، مظلوم و مجبور اہل ایمان کو ہجرت سے روکنے والے ظالمین، شرابی، زانی، ڈاکو، بدکار اس بات پر چیخ رہے تھے کہ مسلمانوں نے رجب کی پہلی تاریخ کو ان کے دو افراد کیوں قتل کر دیئے۔ مسلمانوں نے حرام مہینے کی حرمت پامال کر دی۔ مسلمانوں نے اللہ تعالیٰ کے احکام کی خلاف ورزی کر دی، اہل ایمان نے گناہ کبیرہ کا ارتکاب کر لیا۔ ہائے ہائے! تمثیل کی زبان میں اسے کہتے ہیں چھلنی کا لوٹے کو دو سوراخوں کا طعنہ دینا ''ارے لوٹے تیرے اندر تو دو سوراخ ہیں''۔ مگر خبردار لوٹا چھلنی کو یاد نہ دلائے کہ محترمہ آپ تو ہیں ہی سراپا سوراخ، کیونکہ چھلنی امریکہ ہے، یاد دلانے کا نتیجہ ہو سکتا ہے آپ برداشت نہ کر سکیں۔

مجھے یوں لگا جیسے پینٹا گون اور مکہ کے دارالندوہ کے درمیانی فاصلے سمٹ گئے ہیں۔ ابوجہل اور بارک اوباما ایک ہی زمانے میں آ گئے ہیں، رابرٹ گیٹس اور امیہ بن خلف ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں۔

(بقیہ صفحہ 55 پر)

شمالی اتحاد کے قیدی

محمد ابوبکر صدیق

طالبان قندوز سمنگان پر قابض:

طالبان کے وزیر اطلاعات ملا امیر خان متقی تین ماہ کا پرصعوبت سفر کر کے قندوز سے بخیریت قندھار پہنچے۔ یہ ستمبر 1997 کے اوائل کا واقعہ ہے۔اس کے بعد طالبان حیرت انگیز رفتار کے ساتھ قندوز سے مزار شریف کی طرف بڑھتے دکھائی دیے۔ 7 ستمبر کو وہ درہ ہرگنگ پر قائم مورچوں سے نیچے اترے اور آن کی آن میں سمنگان کے اہم شہر تاشبرغان (خلم) پر قابض ہو گئے۔ یہ شہر سالانگ شاہراہ کا اہم دفاعی نقطہ ہے۔ پروان، کاپیسا، بل خمری اور سمنگان کے مرکز ایبک کے راستے یہاں آ کر ملتے ہیں۔ قبضے کے بعد سالانگ شاہراہ پر واقع ان تمام شہروں کا رابطہ مزار شریف سے کٹ گیا۔

حیرتان بندرگاہ:

طالبان نے خلم میں مورچے مضبوط کرتے ہی مزار شریف کی طرف کوچ کیا۔شہر کا گردونواح سے رابطہ منقطع کرنے کے لیے انہوں نے حیرتان دوراہے پر قبضہ کرلیا جو مزار شریف سے صرف 15 کلومیٹر دور ہے۔اس کے بعد وہ دریائے آمو کی طرف بڑھتے رہے اور رات کی تاریکی میں حیرتان بندرگاہ پر قابض ہو گئے۔ جو دریائے آمو کے کنارے وسط ایشیا اور افغانستان کے درمیان اہم تجارتی مرکز کے طور پر مشہور ہے۔طالبان کے قتل عام کا سب سے بڑا ذمہ دار عبدالمالک اس صورت حال سے ایسا بدحواس ہوا کہ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر وہاں سے بھاگ کھڑا ہوا اور اپنے آبائی علاقے فاریاب جا کر دم لیا۔اس کی غیر موجودگی میں مزار شریف پر ایک بار پھر حزب وحدت کے بے رحم جنگجو قابض ہو گئے۔شہر میں لوٹ مار کا بازار گرم ہو گیا۔ادھر طالبان نے مزار شریف ایئر پورٹ پر قبضہ کرلیا۔ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ ایک دن میں شہر پر قبضہ کرلیں گے مگر طالبان اب پھونک پھونک کر قدم رکھ رہے تھے۔انہوں نے شہر کے اردگرد تمام بستیوں اور شاہراہوں پر مورچہ بندی جاری رکھی۔محاصرہ سخت اور طویل ہوتا چلا گیا۔مزار شریف کے اردگرد تمام مقامی کمانڈر طالبان سے جا ملے تھے۔

دوستم کی واپسی، طالبان کی پسپائی:

بظاہر حالات طالبان کے حق میں نظر آتے تھے مگر اس پردے میں طوفان کے آثار جنم لے رہے تھے۔حزب وحدت اور دوستم کے گروہوں کو بھرپور امداد ملنے لگی تھی۔وہ طالبان سے جا ملنے والے کمانڈروں کو خفیہ طور پر خرید رہے تھے۔حزب وحدت (خلیلی گروپ) کے راہ نماؤں استاد محقق وغیرہ نے دوستم کے ساتھ اتحاد کا فیصلہ کرلیا تھا۔وہ دوستم کی واپسی کے لیے زمین ہموار کرنے میں کامیاب ہوتے جا رہے تھے۔اس مہم کے نتیجے میں اکتوبر کے وسط میں دوستم اچانک شمالی افغانستان میں نمودار ہوا۔اس نے قلعہ جنگی میں قیام کیا اور فوراً یہ اعلان نشر کیا کہ وہ آدھ گھنٹہ قبل وطن واپس آ پہنچا ہے۔طالبان سربراہ کو جوں ہی یہ خبریں ملیں انہوں نے فوری طور پر طالبان کو مزار شریف کا محاصرہ اٹھا کر پسپائی کا حکم دے دیا۔تاخیر کی صورت میں خطرہ تھا کہ طالبان خود باغی کمانڈروں کے گھیرے میں آ جائیں۔طالبان نے پہلے حیرتان بندرگاہ خالی کی،اس کے فوراً بعد 20 روز سے مزار شریف کو گھیرے ہوئے طالبان مجاہدین بھی قندوز کی طرف پسپا ہو گئے۔ یہ اکتوبر کے دوسرے عشرے کا واقعہ ہے۔دوستم کی آمد سے مزار شریف اور گردونواح کے کمانڈروں نے ایک بار پھر اس کی حلقہ بگوشی اختیار کر لی۔انہوں نے مزار شریف میں خوب لوٹ مار کر کے فتح کا جشن منایا۔مزار شریف سے طالبان کی پسپائی نے طالبان مخالف گروہوں کے حوصلے بلند کر دیے تھے اور طالبان کے خلاف سازشوں کی کامیابیاں واضح ہو گئیں۔شمالی اتحاد کے جنگ جو کمانڈروں نے باہمی اختلافات دور کرنے کی ضرورت بھی محسوس کر لی۔

شمالی اتحاد کا نیا خاکہ:

اکتوبر کے آخری عشرے میں برہان الدین ربانی کی زیر صدارت تمام جنگ جو کمانڈروں کا اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا،جس میں فیصلہ کیا گیا کہ مزار شریف پر جنرل عبدالمالک کے نائب جنرل فوزی، شبرغان پر جنرل دوستم، سرپل پر کمانڈر عبدالغفار اور فاریاب پر جنرل عبدالمالک کی حکومت ہو گی۔دوستم کو خوش کرنے کے لیے ربانی نے اسے اپنے نائب کا عہدہ بھی دے دیا۔

دوستم مزار شریف سے دست بردار ہونے کو کبھی تیار نہ تھا مگر فی الحال اس کے از بک دستے منظم نہ تھے اس لیے اس نے مزار شریف پر جنرل فوزی کا اقتدار بادل نخواستہ تسلیم کرلیا۔کیونکہ ویسے بھی جنرل فوزی کا مزار شریف میں اثر بہت کم رہ گیا تھا۔وہاں کی اصل طاقت اب ہزارہ جات اور حزب وحدت تھے۔حزب وحدت نے دوستم کی واپسی میں خاص تعاون کیا تھا اس لیے دوستم ان کے خلاف زبان کھول کر بدمزگی پیدا نہیں کرنا چاہتا تھا۔البتہ اس نے عبدالمالک کے خلاف خوب بیانات دیے اور طالبان کے قتل عام میں اس کے جرائم کی تفصیلات میڈیا کو بتائیں۔

طالبان پر شمالی اتحاد کے مظالم:

سانحہ مزار شریف کو 5 ماہ گزر چکے تھے اور اب مختلف ذرائع سے اس سانحے کی روح فرسا تفصیلات سامنے آنے لگی تھیں۔ان ذرائع کے مطابق اس سانحے میں ہزاروں طالبان گرفتار ہوئے تھے۔ان کی اکثریت کو بڑی بے رحمی سے شہید کر دیا گیا جبکہ باقی ماندہ قیدی بدترین اذیتیں برداشت کرتے رہے۔ذرائع کے مطابق جوز جان اور شبرغان کے گردونواح میں کم از کم دو ہزار طالبان مدفون ہیں جنہیں 120 قبروں اور 9 کنوؤں میں زندہ دفن کر دیا گیا تھا۔بعد میں قتل عام سے بچ نکلنے والے چند خوش قسمت طلبہ نے مزید روح فرسا انکشافات کیے۔انہوں نے بتایا کہ قتل کرنے سے پہلے طالبان کو اتنی دیر بھوکا اور پیاسا رکھا گیا کہ ان میں کئی نقاہت کی وجہ سے ایڑیاں رگڑ رگڑ کر دم توڑ گئے۔اس کے بعد انہیں گروہوں کی شکل میں ٹرکوں میں لادا گیا،کنٹینروں میں ٹھونسا گیا اور پھر انہیں دشت لیلیٰ اور دوسرے ویران علاقوں میں لے جایا گیا۔یہاں بڑے بڑے گڑھے اور کنویں پہلے ہی کھدوا لیے گئے تھے۔طالبان کو،جن کے ہاتھ پشت پر بندھے ہوئے تھے، دھکے دے دے کر ان گڑھوں میں گرا دیا گیا۔مزاحمت کرنے والے طالبان کو باہر ہی گولیوں سے بھون دیا گیا،پھر انہیں بھی کنوؤں میں پھینک دیا گیا۔اس کے بعد دیر تک اندھا دھند فائرنگ کی گئی،جس سے کنوؤں میں

گرے ہوئے قیدی مرغِ بسمل کی طرح تڑپنے لگے۔اس پر بھی اکتفا نہ کیا گیا بلکہ دستی بموں سے قیدیوں کے پرخچے اڑا دیے گئے۔آخر میں تمام کنوؤں کو بلڈوزروں کے ذریعے پاٹ دیا گیا۔

طالبان کا یہ بہیمانہ قتل عام جون 1997 میں ہزارہ جات اور عبدالمالک کی ملیشیا کے ہاتھوں ہوا تھا۔اگلے سال 1998 میں جنیوا میں انسانی حقوق کنونشن کے ترجمان جان ولز نے یہاں تحقیقات کے بعد اجتماعی قتل عام کی تصدیق کی اور بتایا کہ شبرغان کے نزدیک دشت لیلیٰ اور مزار شریف وحیرتان کے مابین واضح صحرا میں کئی بڑی بڑی اجتماعی قبریں ہیں۔جن میں صرف دشت لیلیٰ کے مدفنوں میں دو ہزار سے زاید لاشیں ملی ہیں۔عبدالمالک کے ایک وفادار افسر سلیم صابر نے ان جرائم کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ طالبان کو ایسے کنٹینروں میں بند کر کے صحرا تک لے جایا جاتا تھا،جن میں ہوا کا بالکل گزر نہیں ہوتا تھا۔بہت سے طالبان دم گھٹنے اور تپش کی وجہ سے شہید ہوئے۔کنٹینروں کی گرمی کی وجہ سے ان کی کھال جسموں سے اتر چکی تھی۔

عبدالمالک کی درندہ صفت فوج اور ہزارہ جات نے نہ صرف طالبان کا قتل عام کیا تھا بلکہ انہوں نے مزار شریف کے گردونواح میں کئی ماہ تک ایسی آبادیوں میں خون کی ندیاں بہائیں؛جن کے بارے میں انہیں شک تھا کہ یہاں طالبان کی حمایت کا عنصر پایا جاتا ہے۔ستمبر 1997 مزار شریف ہوائی اڈے کے قریب فیض آباد نامی چھوٹا سا گاؤں ان کی خون آشامی کی بھینٹ چڑھا۔یہاں 150 افراد جن میں بچوں اور بچیوں کی اکثریت تھی،اس الزام میں قتل کر دیے گئے کہ وہ طالبان کے حامی ہیں۔

قیدی طالبان سے بے رحمانہ سلوک:

طالبان کے جو افراد قیدی بنا لیے گئے تھے،ان کے ساتھ جانوروں سے بدتر سلوک کیا جا رہا تھا۔انہیں تنگ و تاریک کوٹھڑیوں میں بند رکھا جا رہا تھا۔سخت جبری مشقت لی جا رہی تھی،انہیں کوڑوں سے پیٹنا،لاتوں اور مکوں کا نشانہ بنانا،روزانہ بجلی کے پچاس پچاس جھٹکے دینا،گرم لوہے سے داغ دینا ایک معمول تھا۔کھانے کے لیے برائے نام غذا دی جاتی،قیدی طبی سہولتوں سے محروم تھے۔ان کے زخم گلتے سڑتے جا رہے تھے۔احمد شاہ مسعود ان میں سے بہت سے طالبان کو اپنی ہوس انتقام کا نشانہ بنانے کے لیے پنج شیر لے گیا۔پنج شیر جیل میں پہلے سے بہت سے طالبان قید تھے۔ان پر جو مظالم توڑے جاتے تھے،انہیں سن کر کلیجہ منہ کو آتا ہے۔

پنج شیر جیل میں قید کاٹنے والے ایک طالب علم کا بیان ہے کہ ان کی بیرکیں گندگی و غلاظت کا ڈھیر تھیں۔صرف ان میں رہنا ہی آدمی کا جینا دوبھر کرنے کے لیے کافی تھا۔انہیں ہر وقت سخت اور غلیظ گالیاں دی جاتیں،سخت جسمانی تشدد کیا جاتا،پورے چھ ماہ انہیں روٹی تک نہیں دی گئی۔کھانے کے لیے گھاس پھونس اور درختوں کے پتے آگے ڈال دیے جاتے۔پاکستان کی جہادی تنظیموں نے ان کے لیے خورد ونوش کا سامان اور کچھ رقم بھیجی تو ''پنج شیری مجاہد'' اسے شیر مادر سمجھ کر ہضم کر گئے۔اس جیل میں قید ایک حافظ قرآن طالب علم کی زبان کاٹ دی گئی۔اس بہیمانہ سزا سے پہلے وہ طالب علم چیخ چیخ کر فریاد کرتا رہا کہ چاہے کوئی بھی سزا دی جائے' اسے قبول ہے مگر زبان نہ کاٹی جائے کیونکہ اس نے چھ سال کی محنت سے قرآن مجید حفظ کیا ہے اور یہ زبان تلاوت میں مصروف رہتی ہے مگر پنج شیری افسران پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوا۔

☆☆☆☆☆

بقیہ: صلیبی جنگ اور ائمۃ الکفر

اہل فکر ودانش اور قلم کار تو تا حال نبویؐ پیشین گوئی کے برعکس نت نئی توجیہات کر کے موجودہ صلیبی جنگ کو وسائل کی جنگ کا عنوان دے رہے ہیں مگر ان کی کیفیت وہی ہے کہ آنکھیں تو ہیں لیکن دیکھتے نہیں ہیں دل تو ہیں مگر سمجھتے نہیں ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کا مفہوم ہے کہ ''کافر ایک دوسرے کو مسلمانوں پر حملے کی دعوت دیں گے''۔اور حالیہ کچھ عرصے میں امریکہ،چین اور روس کو اس جنگ میں شامل ہونے کی دعوت دے چکا ہے مگر ان کفری ممالک نے 42 ممالک پر مشتمل فوج کی افغانستان میں بنتی درگت دیکھ کر بالآخر انکار کر دیا ہے۔دوسری طرف المیہ یہ ہے کہ ہمارے راہ نما اور دانشور ابھی تک اس جنگ کو اسلام اور مسلمانوں کے خلاف جاری صلیبی جنگ قرار دینے سے انکاری ہیں۔

مزید امداد چاہتے ہو تو ''ڈومور'': جان کیری

امریکی سینیٹر جان کیری نے کہا ہے کہ ''پاکستان مزید امریکی امداد چاہتا ہے تو اسے اپنی سرزمین پر ''دہشت گردوں'' کے خلاف مزید سخت قسم کی کارروائی کرنا ہوگی۔

☆☆☆☆☆

بقیہ: یہ دنیا ہے

